باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

# ماہنامہ عبقری لاہور

150

دسمبر 2018ء ربیع الثانی 1439 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے




خدمت خلق کیلئے ... شیخ الوظائف کے ہمراہ 3 دن گزاریے
28، 29، 30 دسمبر 2018ء
تفصیلات صفحہ نمبر 56 پر

## غیر کی محبت سے چھٹکارا پانے کا آخری حل

سردی آئی ہے تو لگے گی بھی! اب چھینکے گر بھی لے لیجئے


- خواتین کے چہرے پر غیر ضروری بال! چھٹکارا پا ہی لیجئے!
- جوانی کی لمبی اننگز کھیلئے اور بڑھاپے کو لگائیے بریک
- کراچی کی کھوئی ہوئی رونق اور حکومت کی مجرمانہ غفلت
- دل میں پیدائشی سوراخ تھا، آج صحت مند ہوں!
- سردیوں میں جان بنانے اور یادداشت بڑھانے کا راز
- کامیاب اور صحت مند نسلوں کیلئے رہنما ہدایات

**نسلوں کے راز اور بوسیدہ نایاب ڈائریاں**

عبقری جنوری 2019ء کا خاص شمارہ لینا ہرگز نہ بھولیں

ایسی ڈائریاں اور یادداشتیں جو ... وصیت کر کے گئے تھے ... نسلوں میں رہے ... لوگ اس کو چھپا کر گئے ... اور کیسے ان کا وجود ملا ... جب آپ ان ٹوٹکوں، نسخہ جات اور ... اپنائیں گے تو آپ کا دل خود مانے گا۔

مکمل تفصیلات صفحہ نمبر 1 ملاحظہ فرمائیں!




رازوں کا ایسا سنہری صندوق جو لا علاج بیماری کے دروازے بند کر دے اور شفا کو اتنا قریب کہ گمان سے بالاتر

**ہر مقصد کو پانے کا 33 سالہ آزمودہ وظیفہ**

**پانچ دن میں! رنگ گورا چہرہ صاف و شفاف**

امام مسجد سے ملا قوت خاص کا نسخہ نایاب

صحتمند زندگی چاہیے تو زیتون کے تیل میں ڈبکی لگائیے!

## جب باورچی خانہ ہی بیوٹی پارلر بن جائے!

**دسترخوان پر گرے ٹکڑوں نے کینسر کو شکست دیدی**

**مرحومہ دادی جان کے آزمودہ ٹوٹکے قارئین کے نام**

**حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد** (ضروری)

| | | |
|---|---|---|
| 9 دسمبر گلی پونچھ قلعہ ستارشاہ شیخوپورہ روڈ | | 30 دسمبر جلال پور پیروالا |
| 6 جنوری کوٹ مٹھن خان تحصیل احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور | | |
| 13 جنوری کوٹ نجیت سنگھ شیخوپورہ روڈ | | 20 جنوری جوہر آباد |
| یکم فروری جنڈ والا ضلع بہاولنگر | | یکم فروری وہاڑی |
| 2 فروری داتا دین پناہ ضلع مظفرگڑھ | 3 فروری سکھر | 8 فروری چیچہ وطنی |

مکمل تفصیلات صفحہ نمبر 1 ملاحظہ فرمائیں!


URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com



عبقری گروپ آف میڈیا
ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا
/ubqari
Youtube.com/UbqariTasbeehKhana
facebook.com/ubqari
www.ubqari.org
Follow Ubqari موبائل پر لکھ کر 40404 پر میسج کریں

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | کراچی کی کھوئی ہوئی رونق اور حکومت کی مجرمانہ غفلت | 33 | خواتین پوچھتی ہیں؟ |
| 4 | قوموں کا عروج وزوال اور احتساب کا عمل | 34 | امراض پیٹ کی اسپیشلسٹ ڈاکٹر مولی! |
| 5 | ایسی ہستی کی معلومات جو باکمال تھی | 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں |
| 6 | کامیاب اور صحت مند نسلوں کیلئے رہنما ہدایات | 37 | صحت مند زندگی چاہیے تو زیتون کے تیل میں ڈبکی لگائیے! |
| 7 | پیدائشی دل میں سوراخ تھا آج صحت مند ہوں! | 38 | میں اوہارکی بیٹی ہوں! اور ہمارا خاندانی واقعہ پڑھ لیں |
| 8 | برسوں سے میٹھی نیند کے متلاشی | 39 | جنات کا پیدائشی دوست |
| 9 | سردی آئی ہے تو گھی بھی ساتھ لگ کے گرمی لے لیجئے | 41 | باعورت سے شادی اللہ نے بیٹوں اور دولت کے ڈھیر لگا دیئے |
| 10 | ... | 42 | جوانی کی لمبی اننگز کھیلئے اور بڑھاپے کو لگائیے بریک |
| 12 | دسمبر ماہ میں دیسی گھی کھائیے اور خوب کھائیے! | 44 | پاؤں سے تعلق دلچسپ حقیقت اور خوبصورتی کا راز |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ویران کا علاج | 45 | قارئین کے آزمودہ طبی وروحانی ٹوٹکے |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 47 | 82 سال کی عمر میں فٹنس چاہتے ہیں تو یہ چند پتے کھا لیجئے! |
| 16 | دستر خوان پر گرے ٹکڑوں نے کینسر کو شکست دے دی | 48 | مجھے جب امام حسن وحسینؓ کی زیارت ہوئی |
| 17 | 88 نبی کے آزمودہ اور آزمودہ ٹوٹکے | 49 | انسپکٹر صاحب میں قاتل کو پہچانتی ہوں! |
| 18 | جب اور بیٹی خاندانی بیوی پارلر بن جائے | 50 | ہر مقصد کو پانے کا 33 سالہ آزمودہ وظیفہ |
| 20 | غیر کی محبت سے چھٹکارا پانے کا آخری حل | 51 | خواتین کے چہرے پر غیر ضروری بال چھٹکارا پا ہی لیجئے! |
| 22 | بیمار بھینس کو ایک گولا لال مرچ کھلاؤ اور کمال دیکھو! | 52 | عبقری ادویات/رسالہ آپ کے شہر میں |
| 23 | مرحومہ دادی جی کے آزمودہ ٹوٹکے قارئین کے نام | 53 | بقیہ جات+کوپن |
| 24 | بیماریوں سے بچنے کے لیے ایک پہلوانی راز | 54 | دوست احباب کیلئے سنہری موقع! شیخ الوظائف کے ہمراہ تین دن گزاریئے |
| 26 | سات سو دوروں کے نام کینسر سے شفایاب بن گئے | 55 | عبقری طلبینہ۔ خالص شہد کے متلاشی |
| 28 | جنات کی رہائش گاہ سے بچے کو پیشاب کروانا مجھے مہنگا پڑ گیا | 56 | فہرست ادویات+نرخنامہ |
| 29 | ہاؤس وائف اور ٹیچر کی زندگی کے پھندے تک لے گئی | 57 | قوگ سوگ اور عبقری ادویات |
| 32 | کیا سانپ مارنے سے نسلوں پر تباہی آسکتی ہے؟ | | |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں




عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 6 — جلد نمبر 13 — دسمبر 2018ء ربیع الاول، ربیع الثانی 1440 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور — دسمبر 2018ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، استیاق حمید اعوان، محمد راشد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شمارہ 50 روپے

سالانہ ممبر شپ 1080 روپے — بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کے یادگار اقوال: ہم عموماً نوجوان خصوصاً بچت کی اہمیت سے واقف نہیں۔ اگر آج ہم ایک پیسہ بچائیں تو کل یہ دو پیسہ اور اس کے بعد چار پیسہ ہو جائے گا اور یہ سلسلہ یونہی جاری رہے گا۔ اپنی بساط سے زیادہ خرچ کرنے اور قرض لینے کی عادت نے ہمیں برصغیر میں اپنی خود مختاری سے محروم کر دیا۔ (زیارت 1948) ☆ قدرت نے آپ کو ہر نعمت سے نوازا ہے۔ آپ کے پاس لامحدود وسائل موجود ہیں۔ آپ کی ریاست کی بنیادیں مضبوطی سے رکھ دی گئی ہیں۔ اب یہ آپ کا کام ہے کہ نہ صرف اس کی تعمیر کریں بلکہ جلد از جلد اور عمدہ سے عمدہ تعمیر کریں۔ سو آگے بڑھئے اور بڑھتے ہی جائیے۔ (پاکستان کی پہلی یوم آزادی پر پیغام 1948ء)

| | |
|---|---|
| مکتبوں کہیں رعنائی افکار بھی ہے؟ | خانقاہوں میں کہیں لذت اسرار بھی ہے؟ |
| منزل رہرواں دور بھی دشوار بھی ہے | کوئی اس قافلہ میں قافلہ سالار بھی ہے |

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بھیج سکتے ہیں۔ شکریہ!

RP/6237/L/S/10/1534

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

**ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔**

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل وکتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔


خط وکتابت کا پتہ: ”عبقری“ عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور — عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

E mail:contact@ubqari.org 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس



محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔


Digitized by Google

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مہربانی اور رحمدلی سوائے بدبخت کے کسی سے نہیں چھینی جاتی۔'' (سنن ابی داؤد شریف)۔☆ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص دو چیزوں کے شر سے بچا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ جملہ تین مرتبہ دہرایا کہ ''جو شخص دو چیزوں کے شر سے بچا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔ ایک وہ جو اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے اور دوسرے وہ جو اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان ہے۔'' (زبان و شرمگاہ)۔ (موطا امام محمد)۔☆ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''عمدہ چال چلن، عمدہ اخلاق اور میانہ روی نبوت کے پچیس اجزاء میں سے ایک جز ہے۔'' (سنن ابی داؤد شریف)۔☆ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔'' اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے شہادت اور درمیانی انگلیوں کے اشارہ سے بتلایا۔ (صحیح بخاری شریف)۔☆ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسے پسند ہے کہ اس کی روزی میں کشادگی پیدا کی جائے اور عمر درازکی جائے تو وہ لوگوں سے اچھا برتاؤ رکھے۔'' (صحیح بخاری شریف)

> **حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسے پسند ہے کہ اس کی روزی میں کشادگی پیدا کی جائے اور عمر درازکی جائے تو وہ لوگوں سے اچھا برتاؤ رکھے۔''**

# حالِ دل

## جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

### کراچی [illegible] کی مجرمانہ غفلت

ابھی پرسوں کراچی سے واپسی ہوئی' وہاں جگہ جگہ کوڑا اور گندگی' ہر شخص کا شکوہ تھا کہ موجودہ حکومت اور سابقہ حکومت نے صفائی کی طرف توجہ نہیں کی اور کوڑے اور گندگی کا ڈھیر لگا ہوا ہے' لیکن یہ باتیں مجھے ہضم نہ ہوئیں' اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ صفائی ہر شخص کی ذاتی ذمہ داری ہے اور جس طرح اپنے گھر کی صفائی' اسی طرح گلیوں کوچہ و بازار کی صفائی بھی ہماری ذمہ داری ہے۔ مجھے کئی لوگوں نے بتایا کہ ہم نے دیکھا کہ یورپ میں گورے کتوں کو ساتھ لے کر پھر رہے ہوتے ہیں۔ کتے نے جہاں پاخانہ کیا اسے تسلی سے کرنے دیا' ان کے پاس شاپر ہوتا ہے اس سے پاخانہ اٹھایا اور کوڑا دان میں ڈال دیا اور ٹشو سے جگہ صاف کی۔ اگر کتا میرا ہے اس کی صفائی کی ذمہ داری بھی میری ہے۔ کتا تو میرا ہو اصفائی کی ذمہ داری حکومت کی ہو کیسی عجیب بات ہے۔ یہ ہماری غلطی ہے اور ہمیں اپنی اس غلطی کو ماننا پڑے گا جبکہ ہر شخص یہ کہتا ہے کہ صفائی کی ذمہ داری حکومت کی ہے۔ ایسا ہرگز نہیں! اپنے گھر کو صاف کیا اور گھر کی گندگی اپنے دروازے کے سامنے پھینک دی۔ میرے خیال میں یہ اخلاق اور شرافت سے بہت گری ہوئی چیز ہے' میرا وطن ہے! مجھے اپنے وطن کو خود صاف کرنا ہے' میری گلی ہے میرا گھر ہے میری سڑکیں ہیں' میرے بازار ہیں اور میں نے ہی اس کو صاف رکھنا ہے۔ اپنی ذمہ داری جب تک ہمارے اندر سو فیصد نہیں آئے گی ہم سو فیصد ایک صحت مند اور ذمہ دار شہری نہیں بن سکتے۔ دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا عکس ہمارے سامنے ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت صفائی کو کتنا پسند کرتی تھی' مزاج نبوت صلی اللہ علیہ وسلم میں سب سے پہلی چیز ایمان ہے اور ایمان کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے اس سے بڑی اہمیت کیا ہو کہ صفائی کو نصف ایمان کا درجہ دیا گیا ہے اور صفائی نصف ایمان ہی ہے۔ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دور کا معاشرہ صحت مند معاشرہ تھا جہاں غذائیں سادہ وہاں صفائی کا اہتمام اور میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے صفائی کو بہت زیادہ توجہ اور اہمیت دی۔ کیا ہم نے گندگی کو سادگی کا نام دے دیا؟ سادگی میں کچا گھر' کچا مکان' کچی گلی ہے' پیوند لگے پھٹے پرانے کپڑے لیکن صاف ستھرے' وہ گھر بھی صاف ستھرے' گلیاں بھی صاف ستھری' وہ جسم بھی صاف ستھرے اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے جسم صاف ستھرے ہوں' ہماری گلیاں صاف ستھری ہوں تو جس طرح اپنے جسم کی صفائی پر توجہ دیتے ہیں اسی طرح اپنی گلیوں کی صفائی پر بھی توجہ دیں۔ ایک صاحب کہنے لگے کہ میں سعودی عرب کمانے کے لیے گیا' روزی نہ لگی' ایک سڑک پر کھڑا ہو گیا ایک سعودی آیا' گاڑی سے سر باہر نکال کر کہنے لگا: کام کرو گے' میں نے کہا جی کروں گا' کہنے لگا: کیا کرو گے؟ میں نے جواب دیا: جو کہیں گے کروں گا' کہنے لگا: گاڑی میں بیٹھ جا۔ مجھ سے سارے گھر کی صفائی کروائی اور آخر میں کہنے لگا میرے گٹر بند ہیں' میں نے بازو اوپر چڑھایا شاپر کے بغیر بازو گٹر کے پائپ میں ڈالا اندر سے کچھ کپڑے' کچھ پیپر اور کچھ اور چیزیں نکلیں۔ وہ حیرت سے دیکھ رہا تھا اور کوڑے کی بالٹی میں نے اس سارے ملبے سے بھر دی' اس کے گھر کو صاف ستھرا کر دیا' اس نے میری خدمت کو دیکھا مجھ سے کہنے لگا میرے پاس مستقل نوکری کرو گے۔ میں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ کہا کیا لو گے؟ میں نے کہا جو آپ دو گے۔ اور پھر میں ایمانداری' امانت داری سے اس کے ہاں نوکری کرنے لگا۔ اس کی ٹیکسیوں کی بہت بڑی کمپنی تھی اور اس کی ٹیکسیاں کرائے پر چلتی تھیں۔ میں اس کے گھر ایمانداری سے نوکری کرتا رہا' کچھ عرصہ کے بعد اس نے مجھے ٹیکسی کی آمدن کا ذمہ دار بنا دیا۔ میں ترقی کرتے کرتے آخر کار اس کے سارے کاروبار (جو کہ لاکھوں کروڑوں ریال میں پھیلا ہوا تھا) کا ڈائریکٹر بن گیا۔ وہ بوڑھا ہو گیا' اولاد جوان ہو گئی' اس نے مجھے اولاد کے تابع نہیں کیا بلکہ مجھے اولاد کا بڑا بنایا اور سب کو میرے تابع کیا کہ ان کی تربیت کرو' بس وہ صفائی تھی اور سلیقہ تھا جس نے مجھ غریب آدمی کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ آیئے! ہم اپنی ذمہ داری کو سنبھالیں جب سے اپنی ذمہ داریاں بھولے ہیں' سوچوں میں فتور اور الفاظ میں شکوہ آ گیا ہے۔

> **کیا اس کا مطلب یہ ہوا کہ کراچی کی کھوئی ہوئی رونق حکومت کی مجرمانہ غفلت ہے؟ معلوم ہوا کہ یہ بات درست نہیں بلکہ ہر فرد کی مجرمانہ غفلت ہے۔ سب سے بڑا مجرم میں خود کو سمجھتا ہوں۔**

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

انوکھی شفاء
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔دوران کھیل کود چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کر دیتا ہے۔
بڑی بات کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

Digitized by Google

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت

# قوموں کا عروج و زوال اور احتساب کا عمل

میرے محترم دوستو! رب ناراض ہے! اس رب کو توبہ کے ذریعے راضی کرنا پڑے گا! کسی نے اللہ والے سے پوچھا کہ اللہ راضی کیسے ہوگا؟ انہوں نے فرمایا کہ رات کی تنہائیوں میں آنسو بہا کر اور اپنے آپ کو ہر وقت مجرم سمجھتے رہنا کہ میں مجرم ہوں اور یہ ایسی کیفیت ہے جو اللہ کو راضی کردیتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

"اِنِّیْ" سے مراد "میں" ہوتا ہے" اولیاء کاملین فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ پڑھنے سے ساری مشکل حل ہوجاتی ہے قرآن میں "اِنِّیْ" ہے یعنی کہ میں ہی ہوں۔ یہ آیت کریمہ ایک مقدس بول ہے! اے اللہ میں ہی مجرم ہوں اور تو پاک ذات ہے، یا اللہ میں ہی ظالم ہوں اور میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے، میں نے اپنے اوپر خود جفا کی ہے۔ میں نے بہت گناہ کیے اور میں نے بہت زیادتیاں کی ہیں، اللہ میں مجرم ہوں۔ اب اس نے یہ اعتراف کیا تو اللہ نے اس پر کرم کا فیصلہ کرلیا۔ حتیٰ کہ مخلوق نے زیادتی کی تھی یا آسمانوں سے اس پر بلا آئی تھی وہ ٹال دی گئی۔ جب تک ہر فرد یہ نہیں کہے گا کہ میں ظالم ہوں میری وجہ سے عالم کے اندر جو فساد ہے وہ ختم ہوکر اس میں سکون آئے گا تو پھر یقیناً سکون آجائے گا! میری وجہ سے عالم کے اندر چین آئے گا تو یقیناً آئے گا! میری گناہ گار زندگی کی وجہ سے عالم میں طوفان آسکتا ہے! میرے جھوٹ کی وجہ سے عالم میں طوفان آسکتا ہے! میرے دھوکے، فریب اور تنہائیوں کی خطاؤں کی وجہ سے عالم میں طوفان آسکتا ہے! بلکہ یہ سب فساد جو برپا ہے یہ میری وجہ سے ہی آیا ہے، اور آئندہ بھی آئے گا۔ جب تک ہر شخص یہ تسلیم نہیں کرے گا۔ میرے رب کی رحمت والی نظر نہیں بلکہ جلال اور قہاری والی نظر آئے گی۔ ہر شخص کو یہ کرنا ہوگا! آپ سب کو آج یہ سبق دے رہا ہوں! بڑا انوکھا سبق ہے۔

**الزامی نفسیات سے نکلنے میں ہی نجات:** الزامی نفسیات کے ساتھ ہمارے شب و روز گزر رہے ہیں! انڈیا نے یہ کردیا! امریکہ نے یہ کردیا! انگلینڈ نے یہ کردیا! فوج نے یہ کردیا! پولیس نے یہ کردیا! فلاں سیاست دان نے یہ کردیا! فلاں نے یہ کردیا! جو شخص الزامی نفسیات کے ساتھ چلتا ہے اس کی کبھی اصلاح نہیں ہوسکتی۔

**دوہرا نقصان:** میں اپنے ان ساتھیوں سے جو یہاں رہتے ہیں اکثر یہ بات کہتا ہوں کہ جب میں تمہاری اصلاح کیلئے کوئی بات کہوں تو اگر تمہارے اندر الزامی نفسیات ہوگی تو تم یہ سوچتے رہوگے کہ کس نے ہماری شکایت کردی ہے، پھر تو تمہاری زندگی میں اصلاح نہیں ہوگی! زندگی بھر تم اللہ کا قرب نہیں پاسکوگے! تم جا کر اس بندے کو تلاش کروگے کہ کس نے میری شکایت کی ہے؟ پھر اسی پریشانی میں لگے رہوگے! بجائے اس کے کہ وہ وقت اصلاح میں لگنا تھا پھر وہ وقت الزام میں لگ جائیگا۔ اس طرح تو نقصان دوہرا ہوا ناں؟ آج من حیث القوم یہ ہمارا مزاج بن گیا ہے، کبھی صدر پر الزام! کبھی وزیراعظم پر الزام! کبھی چھوٹے پر الزام! کبھی بڑے پر الزام! کبھی کافر پر الزام! کبھی مسلمان پر الزام! کبھی کس پر الزام دھرتے ہیں۔ شروع ہی سے ایسے ہی سن رہے ہیں! چار آدمیوں میں بیٹھے تو ایسی ہی گفتگو ہوتی ہے! اخبار کھولا تو یہی پڑھا! رسالہ کھولا تو یہی پڑھا! میڈیا دیکھا تو یہی دیکھا! کیونکہ میڈیا نے تو ہمیں وہی دکھانا اور بتانا ہے جو ہم چاہتے ہیں۔ اخبار اگر وہ کچھ نہ بتائے جو ہم نہیں چاہتے ہیں پھر تو ہم اخبار لینا ہی چھوڑ دیں، سب سے ہٹ کر منفرد بات کرتا ہوں لیکن اگر آپ دل کی گہرائیوں سے مسلمان ہونے کے ناطے سوچیں گے تو پھر آپ کہیں گے واقعی میں یہ بات صحیح کہہ رہا ہوں۔

**قوموں کا عروج و زوال حقیقت بھی یہی ہے۔** آپ قوموں کے عروج و زوال کی داستانیں اٹھا کر دیکھ لیں کہ تاریخ میں جب احتساب کا عمل ذات کے اعتبار سے آیا ہے اللہ جل شانہٗ نے ان قوموں کو عروج دیا ہے اور جہاں جب احتساب کا عمل ذات کے اعتبار سے نہیں آیا یعنی اپنی ذات کو خود کٹہرے میں کھڑا نہیں کیا بلکہ خود ہی جج، خود ہی قاضی اور خود ہی مجرم ٹھہرے تو قصور کس کا ہوا۔ جو قومیں اپنے احتساب کے عمل پر آئیں ہیں اللہ جل شانہٗ کی نظر میں ان کا وقار، ان کی وقعت، ان کی قیمت اور ان کی سر بلندی ہوئی اور جب قومیں ذات کے اعتبار سے احتساب کے عمل سے ہٹ گئیں تو اللہ نے ان پر ظالم حکمران مسلط کردیے۔ اللہ والو! دعا کرو کہ یا اللہ ہمارے گناہوں کے اوپر مواخذہ نہ کرنا اور ہمارے اوپر ایسے حکمران مسلط نہ کرنا جن کے دل میں رحم کا ذرہ بھی نہ ہو، ہمدردی کا جذبہ بھی نہ ہو، شفقت و احترام کے جذبات نہ ہوں۔ مشاہدے میں ہے کہ ہمارے تسبیح خانے میں ذات کے اعتبار سے ماشاءاللہ خدمت کرنے والے احباب ہیں جن کے اندر سچا جذبہ ہے ان کی خدمت کا انداز ہی کچھ اور ہے۔ جن کے اندر ذات کے اعتبار سے سچا جذبہ نہیں ہوتا وہ دکھانے کیلئے خدمت کرتے ہیں پتا چل جاتا ہے ہاتھی کے دانت کھانے کے اور ہیں دکھانے کے اور ہیں جس کے اندر یہ بات ہوگی کہ مجھے میرا اللہ دیکھ رہا ہے بس اسے کسی نگران کی ضرورت نہیں۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

### عبقری رسالہ تقسیم کرنے کا اجر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! عبقری رسالہ کچھ عرصے سے مسلسل پڑھ رہا ہوں اور اس میں موجود ٹوٹکوں اور وظائف سے میرے تو بہت زیادہ مسائل حل ہوئے۔ میں اکثر رسالہ میں عبقری رسالہ تقسیم کرنے کی ہدایت سنتا تھا۔ اکثر دل میں وسوسہ بھی آتا کہ تشہیر کیلئے لکھا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے مجھے چند مسائل نے بڑی بُری طرح گھیرا، میں بہت پریشان تھا، عبقری رسالہ سامنے پڑا تھا، اس میں لکھا تھا "جنت کے پودے دنیا میں لگائیں" اور آگے تفصیل میں لکھا تھا کہ جو عبقری رسالہ تقسیم کرتے ہیں ان کی مشکلات ایسے حل ہوتی ہیں کہ وہ خود حیران رہ جاتے ہیں، نامعلوم مجھے کیا سوجھی اٹھا دفتر عبقری گیا اور چند رسالے لیے، اور انہیں تقسیم کردیا۔ واقعی عبقری رسالہ تقسیم کرنے والوں کیساتھ عجب معاملہ ہے۔ اللہ تعالیٰ واقعی سکھ، عافیت اور برکت عطا فرماتے ہیں، واقعی رسالہ تقسیم کرنے سے میرے وہ کام ہوئے جو مجھے ناممکن نظر آتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے غیب کے خزانوں سے رزق کے دروازے کھولے۔ بے شک میرے تقسیم کیے ہوئے رسالہ پڑھ کر لوگوں کو اپنے مسائل کا حل ملا ہوگا اور جب ان کے مسائل حل ہوئے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے وسیلے سے میری مشکلات بھی ختم کردیں۔ اب میں ہر ماہ عبقری رسالہ تقسیم کرنا نہیں بھولتا۔ (عمر اعجاز، کھاریاں)

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی و زیادتی، بوجھ پڑنا، کمر میں درد، کولہے میں درد اور کھچاؤ، اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
600 روپے

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com
Digitized by Google

# ایسی ہستی کی معلومات جو باکمال تھی

ابو لبیب شاذلی

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کبھی کسی مال نے مجھے اتنا نفع نہیں پہنچایا جتنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مال نے مجھے فائدہ پہنچایا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میں اور میرا مال صرف آپ ہی کے لیے ہے۔''

''حضرت انس رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ''میں نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ جب میں (آپ ﷺ کے ساتھ) غار میں تھا اگر ان (تلاش کرنے والے کفار) میں سے کوئی شخص اپنے قدموں کے نیچے دیکھے تو یقیناً ہمیں دیکھ لے گا تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! اُن دو (افراد) کے متعلق تمہارا کیا گمان ہے جن کے ساتھ تیسرا خود اللہ رب العزت ہو۔'' (بخاری، الصحیح، 3:1337، رقم: 3453)۔ ''حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی اپنی چادر کا کنارہ پکڑے حاضر خدمت ہوئے۔ یہاں تک کہ ان کا گھٹنا ننگا ہو گیا، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ''تمہارے یہ صاحب لڑ جھگڑ کر آرہے ہیں۔'' انہوں نے سلام عرض کیا اور بتایا کہ میرے اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ تکرار ہوئی تو جلدی میں میرے منہ سے ایک بات نکل گئی جس پر مجھے بعد میں ندامت ہوئی اور میں نے اُن سے معافی مانگی لیکن انہوں نے معاف کرنے سے انکار کر دیا۔ لہٰذا میں آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! اللہ تمہیں معاف فرمائے'' یہ تین مرتبہ فرمایا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نادم ہو کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر گئے اور ان کے بارے میں پوچھا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہاں ہیں؟ گھر والوں نے کہا: نہیں ہیں! چنانچہ آپ بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام عرض کیا، اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ کے چہرہ پُرنور کا رنگ بدل گیا۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ڈر گئے اور گھٹنوں کے بل ہو کر عرض گزار ہوئے: ''یا رسول اللہ ﷺ! اللہ کی قسم! میں ہی زیادتی کرنے والا تھا۔'' یہ دو مرتبہ عرض کیا پس نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بے شک جب اللہ رب العزت نے مجھے تمہاری طرف مبعوث فرمایا تو تم سب لوگوں نے میری تکذیب کی (جھٹلایا) لیکن ابوبکر نے میری تصدیق کی اور پھر اپنی جان اور اپنے مال سے میری خدمت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا''۔ پھر دو مرتبہ ارشاد فرمایا ''کیا تم میرے ایسے ساتھی سے میرے لئے درگزر کرو گے؟'' اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کبھی اذیت نہیں دی گئی۔'' (1. بخاری، الصحیح، 3:1339، کتاب المناقب، رقم: 3461)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مہاجرین و انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کی مجلس میں تشریف لایا کرتے۔ (صحابہ کرام رضی اللہ عنھم) بیٹھے ہوتے اور ان میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی موجود ہوتے۔ ان صحابہ کرام رضی اللہ عنھم میں سے کوئی بھی آپ ﷺ کی طرف نظریں اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا سوائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے۔ پس یہ دونوں حضور ﷺ کی طرف دیکھا کرتے تھے اور حضور نبی اکرم ﷺ ان دونوں کی طرف دیکھا کرتے۔ وہ دونوں آپ ﷺ کی طرف دیکھ کر مسکراتے تھے اور آپ ﷺ ان دونوں کی طرف دیکھ کر تبسم فرمایا کرتے تھے۔'' (1. ترمذی، الجامع الصحیح، 5: 612، رقم: 3668۔ 2. احمد بن حنبل، المسند، 3: 150، رقم: 12538۔ 3. حاکم، المستدرک، 1: 209، رقم: 418) ''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھا اور آپ ﷺ کے پاس ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اس حال میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے عباء (لباس جو سامنے سے کھلا ہوا ہو اور اُس کو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے) پہنی ہوئی تھی جس کو اپنے سینے پر خلال (لکڑی کا ٹکڑا، جس سے سوراخ کیا جاتا ہے) سے جوڑا ہوا تھا اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہا: ''اے محمد ﷺ! میں کیا دیکھ رہا ہوں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عباء پہن کر اُسے اپنے سینے پر ٹانکا ہوا ہے؟'' حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے جبریل علیہ السلام! انہوں نے اپنا سارا مال مجھ پر خرچ کر ڈالا ہے۔'' جبریل علیہ السلام نے کہا: ''اللہ رب العزت آپ ﷺ کو سلام فرماتے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہیں، کیا تو اپنے اس فقر میں مجھ سے راضی ہے یا ناراض؟'' اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! اللہ رب العزت تم پر سلام فرماتے ہیں اور تمہیں ارشاد فرماتے ہیں، ''کیا تو اپنے اس فقر میں مجھ سے راضی ہے یا ناراض؟'' ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ ''میں اپنے ربِ کریم پر ناراض ہوں گا؟ میں تو اپنے رب سے (ہر حال میں) راضی ہوں میں اپنے رب کریم سے راضی ہوں۔ میں اپنے رب کریم سے راضی ہوں۔'' (. ابن جوزی، صفۃ الصفوۃ، 1:250)

## ملازمت و روزگار کیلئے وظیفہ! سو فیصد رزلٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ایک بہت ہی پیارا رسالہ ہے اور اتنا پیارا رسالہ شائع کرنے پر ہم آپ کے اور عبقری کی ساری ٹیم کے تہہ دل سے مشکور ہیں کیونکہ عبقری دکھی انسانیت کے غم سمیٹ کر ان کو خوشیوں بھری زندگی عطا کروا رہا ہے سچ پوچھیں تو عبقری سے جڑ کر اللہ پاک سے مانگنے کا طریقہ آ گیا ہے بذاتِ خود میرے اور میرے عزیز و اقارب کے کئی مسائل عبقری کی مدد سے حل ہوئے جس کی تفصیل آئندہ خطوط میں وقتاً فوقتاً بھیجتا رہوں گا۔ اب ایک مجرب وظیفہ بھیج رہا ہوں تاکہ دکھی بہن بھائی استفادہ کر سکیں۔ یہ وظیفہ روزگار کیلئے بہت مجرب ہے۔ ایک بہت ہی متقی بزرگ نے عطا کیا تھا کئی لوگوں کو بتایا اللہ کے کرم اور اس وظیفہ کی برکت سے کام بنے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد مع اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کیساتھ 100 مرتبہ یَا فَتَّاحُ پڑھ لیا کریں نماز کی پابندی شرط ہے اس وظیفہ کی اجازت عام ہے لیکن 40 دن تک بلاناغہ کریں کام اگر پہلے ہو جائے تو ترک کر دیں نہیں تو 40 دن پابندی سے پڑھیں۔ سو فیصد رزلٹ ملے گا۔ (جمشید حیات' کوٹے والی اٹک)

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج

شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کار اور کسوٹی بنا دیا ہے

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں

قیمت 150 روپے

Digitized by Google

# پیدائشی دل میں سوراخ تھا آج صحت مند ہوں!

زاہدہ' لاہور

بچپن میں اس کے دل میں پیدائشی سوراخ تھا' دس بارہ سال' بہت علاج کروائے' دم کروائے' کوئی ڈاکٹر نہیں چھوڑا۔ بچہ دن بدن کمزور ہوتا جارہا تھا' آنکھیں بالکل سفید' ناخن سفید' ایسے لگتا جیسے جسم میں خون کا قطرہ نہیں ہے' بالکل ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں الحمدللہ! 2011ء سے عبقری رسالہ کی قاریہ ہوں' مہینہ کے شروع سے پہلے ہی انتظار رہتا ہے' مجھے تو رسالہ بہت ہی پسند ہے' بہت شوق اور لگن سے پڑھتی ہوں' جو کچھ پڑھتی ہوں عمل کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہوں' درس میں بھی آتی ہوں' سکون ملتا ہے۔ اس میں جو بھی وظائف ملتے ہیں خود بھی پڑھتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں بہت فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اب میں عبقری قارئین کو ایک روحانی نسخہ اور اپنا ذاتی تجربہ بتانے لگی ہوں:۔

میرا بیٹا اس سال ماشاءاللہ 45 سال کا ہوگیا ہے' شادی شدہ اور تین بچے ہیں۔ میڈیکل سٹور چلاتا ہے۔ بچپن میں اس کے دل میں پیدائشی سوراخ تھا' دس بارہ سال بہت علاج کروایا' دم کروائے' کوئی ڈاکٹر نہیں چھوڑا۔ بچہ دن بدن کمزور ہوتا جارہا تھا' آنکھیں بالکل سفید' ناخن سفید' ایسے لگتا جیسے جسم میں خون کا قطرہ نہیں ہے' بالکل ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا۔ جہاں کسی نے بتایا وہیں لے کر گئے' مگر صرف مایوسی ہی ہاتھ آتی۔ جگہ جگہ سے دم کروائے' تعویذ گلے میں لٹکائے مگر صحت نہ ملی۔ جب بھی کسی ہارٹ اسپیشلسٹ کے پاس لے کر گئے وہ یہی کہتا کہ اس کی سرجری ہوگی۔ میں آپریشن کے نام سے ہی ڈر جاتی' میں آپریشن نہیں کروانا چاہتی تھی' بہت روتی تھی' ساری ساری رات مصلے پر بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتی یااللہ! میرے بچے کو بچالے' مجھے ہر در سے مایوسی ملی مگر تیرا در واحد ہے جہاں ناامیدی اور مایوسی نہیں ہے۔ بے شک تو ہے جو میرے بچے کو صحت عطا فرمائے گا۔ انہی دنوں میری ایک دوست نے مجھے ایک وظائف کی کتاب دی' اس میں میں نے ایک وظیفہ پڑھا اور اسی کو دن رات کرنا شروع کردیا۔

وظیفہ یہ ہے:۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے درمیان یہ آیات فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَا اَوْحٰی ؁ مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ﴿النجم 11،10﴾ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔

یہ ایک نشست میں چند گھر والے مل کر بھی پڑھ سکتے ہیں اور کوئی ایک شخص بھی ایک نشست میں پڑھ سکتا ہے۔ وظیفہ مکمل کرکے آدھ سیر خالص شہد پر دم کردیں اور یہ شہد صبح وشام اور رات کو مریض کو کھلائیں۔ خوراک کا تعین عمر کے لحاظ سے کریں۔ چھوٹے بچوں کو انگلی سے چٹائیں اور دس سال سے زیادہ عمر کے بچوں کو چائے کی چھوٹی چمچ دن میں تین وقت کھلائیں۔ علاج کی مدت چھ ماہ ہے۔ علاج کریں اور دعا میں یاد کریں۔ جب شہد ختم ہوجاتا تو دوبارہ پڑھائی کرتی تھی۔ میں رات عشاء کے بعد پڑھنے بیٹھتی تھی اور پڑھتے پڑھتے صبح فجر ہوجاتی تھی۔ الحمدللہ آج سالہا سال ہوگئے ہیں میرا بیٹا بالکل صحت مند اور تندرست ہے۔ اس کو کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں۔ اس کے تمام ٹیسٹ بالکل کلیئر ہیں۔ آج اپنی بھرپور ازدواجی زندگی جی رہا ہے۔ الحمدللہ

## سردیوں میں جان بنانے اور یادداشت بڑھانے کا راز

کمزور دل' کمزور جان اور کمزور دماغ ضرور استعمال کریں ھوالشافی: چل ایک کلو' مونگ پھلی گری ایک پاؤ' چنے صاف ایک پاؤ' بادام گری ایک پاؤ' آدھا پاؤ یا حسب ذائقہ شکر' 200 گرام خالص دیسی گھی۔ ترکیب: تلوں کو بھون لیں' مونگ پھلی' چنے' بادام' شکر اس میں ڈال کر مکس کرلیں۔ ان سب چیزوں کو گرینڈر میں گرینڈ کرلیں۔ گرائنڈ کرنے کے بعد آخر میں دیسی گھی ملا کر مکس کریں۔ لیجئے طاقت کا خزانہ تیار ہے۔ صبح وشام ایک چمچ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ سارا موسم سرما استعمال کریں نظر تیز ہوگی' جتنا مرضی کام کرلیں تھکاوٹ کا بالکل بھی احساس نہ ہوگا۔ جسم مضبوط ہوگا۔ برسوں پرانی بھولی باتیں دوبارہ یاد آجائیں گی یادداشت بہت تیز ہوجائے گی۔ جن کا بستر پر پیشاب نکل جاتا ہو یا راتوں کو اٹھ اٹھ کر پیشاب کرتے ہوں ان کیلئے اس سے بہتر دوا نہیں ہے اور سب سے بڑھ کر جتنی مرضی سردی ہو آپ کو محسوس نہ ہوگی۔ (عبدالمالک' دائرہ دین پناہ)

## اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 132

### پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم حسن اخلاق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا شاندار سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپکے ہاتھ میں ہے

1857ء کا زمانہ انتہائی ہنگامہ خیز تھا ابتداء میں ہی ہندوستانی انگریزوں پر غالب آگئے تھے۔ اس وقت فضاء ایسی پیدا ہوگئی تھی کہ انگریز بوڑھا ہو بیمار ہو عورت ہو یا بچہ اس کی مدد کرنا ہمدردی کرنا نہایت مشکل تھا۔ حالانکہ اسلام مکمل رواداری کا ہی درس دیتا ہے اسلام میں دوسروں کو تکلیف پہنچانا بالکل جائز نہیں۔ جہاں تک ہوسکے ان کو تکلیف سے بچانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس زمانے میں لاہور میں مولانا عبداللہ غزنوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے دوست کو رخصت کرنے کے لئے لاہوری دروازے کے

(باقی صفحہ نمبر 53 پر)

"پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

## میرا آزمودہ نسخہ اور دم قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! جب سے عبقری سے جڑا ہوں کافی حد تک برائیوں سے چھٹکارا ملا ہے غیبت اور چغلی سے بچ گیا ہوں۔ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ کرم فرمارہے ہیں اور دن بدن بہتری کی جانب گامزن ہوں۔ ایک طبی ٹوٹکہ عبقری قارئین کی نذر ہے۔ یہ ٹوٹکہ پیٹ کے ہر مرض کا علاج ہے' میرا بہت زیادہ آزمودہ ہے۔ میں نے جس کو بھی بتایا اس نے استعمال کیا تو اس کو بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ ہروقت گھر میں بنا کر رکھنے والی دوا ہے۔ ضرور بنایئے اور امراض معدہ سے نجات پایئے۔ ھوالشافی: کلونجی' اجوائن دیسی' مصری ہم وزن کوٹ کر سفوف بنائیں' ہر کھانے کے بعد ایک چھوٹا چمچ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ آزمودہ دم: اول و آخر درود شریف کے ساتھ 7 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر کسی کو دم کریں تو فوراً اثر کرتا ہے۔ میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی ضرور آزمایئے۔ (غلام رسول' جڑانوالہ)

بے شمار کا آزمودہ! شوگر کورس
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

Digitized by Google

حکیم ناصر جان

# برسوں سے میٹھی نیند کے متلاشی اپنے رویوں پر غور فرمائیں!

مال وزر کی ہوس اور اسے جائز و ناجائز طریقے سے حاصل کرنے کی تگ و دو میں ہر دم مصروف رہنا جہاں اخلاقی قدروں کو پامال کرنے کا باعث بنتا ہے وہیں جسمانی طور پر بھی اس کے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں

**کثرت بیداری:** دن بھر کام کاج اور محنت ومشقت سے ہمارا جسم تھک جاتا ہے اور کچھ نہ کچھ تحلیل ہوتا رہتا ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے گو خوراک لازم ہے مگر اس کی تکمیل کا انحصار آرام پر بھی ہے اسی لیے ہر جاندار کی بقائے صحت کیلئے لازم ہے کہ کام کاج اور محنت ومشقت کے بعد اس کو آرام وسکون بھی حاصل ہو نیند ایک مکمل آرام کی حالت ہے اور یہ جسم کی تحلیل کے بعد دوبارہ اس کی تعمیر کے لیے انتہائی لازم ہے۔ مکمل نیند کے بعد جسمانی خصوصاً دماغی تکان رفع ہوجاتی ہے اور جسم پہلے ہی کی طرح تر وتازہ اور توانا ہوجاتا ہے۔ روزمرہ کا تجربہ ہے کہ جب جسم کام کرتے تھک کر چور ہوجاتا ہے اور اپنے اندر مزید کام کی صلاحیت نہیں پاتا تو ایک میٹھی نیند سو لینے کے بعد پھر سے تازہ دم اور توانا ہو کر محنت کے قابل ہوجاتا ہے۔

مجموعی طور پر 5 سے 8 گھنٹے نیند کے لیے کافی ہیں۔ مگر جدید دور کے مشینی طرزِ زندگی نے جہاں انسان کو مالی طور پر آسودگی سے ہمکنار کیا ہے۔ وہاں ذہنی اور روحانی بے آرامی اور کمی نیند سے بھی دوچار کیا ہے جبکہ کثرت کار نے بیداری کے اوقات میں مزید اضافہ کردیا ہے جسم جتنی محنت کرتا ہے اسے جب اسی قدر سکون مہیا ہو نہیں پاتا تو طبیعت بے چین اور بیقرار رہتی ہے اور اعصاب جو پہلے سے تھک چکے ہوتے ہیں ان کی تکان میں مزید اضافہ ہوجاتا ہے کثرت بیداری سے جسم انسانی پر نہایت مہلک اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ گردوں کو بالخصوص زیادہ کام کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ان کے افعال میں بھی فرق آجاتا ہے ہضم کا عمل نیند کی حالت میں زیادہ اچھے اور اعلیٰ طریقے سے سرانجام پاتا ہے لیکن کثرت بیداری کے سبب ہاضمے کا فعل صحیح نہیں رہتا۔ اور فتور ہضم اور قبض کے عوارضات لاحق ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح دماغی افعال میں فتور پیدا ہوجاتا ہے۔ کیونکہ کثرت بیداری سے دماغ میں یبوست پیدا ہوجاتی ہے جس سے نسیان، سرچکرانا، بینائی کا کمزور ہوجانا اور بعض اوقات متواتر بیداری سے دیوانگی اور مالیخولیا جیسے عوارض لاحق ہوجاتے ہیں۔ قویٰ میں ضعف اور وزن میں کمی ہوجاتی ہے متواتر جاگنے سے انسان دائم المریض نظر آتا ہے ایسے لوگوں کی آنکھیں سرخ اور پپوٹے متورم رہتے ہیں۔ اور وہ ذہنی طور پر غیر حاضر ہوجاتے ہیں۔ مجموعی طور پر ان کے جسم کی حرارت وخشکی میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ اعضاء اور قویٰ بدن کمزور ہو جاتے ہیں۔ جبکہ افعال بدن صحیح وسالم نہیں رہتے۔

**مشینی طرز زندگی:** جدید ٹیکنالوجی نے انسانی دماغ کو جہاں بے حد وحساب مصروف عمل کردیا ہے وہاں جسمانی طور پر انسان میں سہل پسندی زیادہ شروع ہوگئی ہے اور آج کا انسان دو چار صدیاں پہلے کی نسبت بہت زیادہ تن آسان واقع ہوا ہے اس امر میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ دور میں انسان نے صنعتی اعتبار سے بے حد ترقی کی ہے لیکن اس ترقی کا ایک پہلو بے حد افسوسناک ہے اور وہ یہ کہ موجودہ دور کا انسان اخلاقی اقدار کو چھوڑ چکا ہے اور جسمانی طور پر بھی کمزور وناتواں ہوگیا ہے۔ مشینی آلات نے جہاں احساس مروت کو کچلا ہے وہاں جسم انسانی کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان پر تکلف، پر آسائش اور سہل پسند زندگی کی تلاش میں سرگرداں نظر آتا ہے۔ انسان اپنے جسم کو حرکت میں لانے کی بجائے مشینوں کے ذریعے اپنے روزمرہ کے امور سرانجام دے رہا ہے۔ جسمانی حرکت میں کمی کے باعث دورانِ خون اور دیگر افعال اعضاء میں فرق آچکا ہے اور اعضائے جسم مضبوط وسنڈول اور توانا ہونے کی بجائے کمزور رہ جاتے ہیں اور ان کی نشوونما کی جاتی ہے۔ طبیعت فضلات کو مکمل طور پر بدن سے خارج کرنے پر قادر نہیں رہتی جس سے فاسد مادے جسم پر زہریلے اثرات مرتب کرتے ہیں اور ان سے امراض مفاصل (جوڑوں کے امراض) امراض معدہ وامعاء اور امراض دوران خون کی وجہ سے اعضائے رئیسہ پر نہایت برا اثر پڑتا ہے اور جسم مختلف امراض کی آماجگاہ بن جاتا ہے۔

**ہوس زر:** معاشرے میں اچھی اور باوقار زندگی بسر کرنے کیلئے جائز طریقے سے دولت کمانا اور اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنا بہت ہی ضروری ہے لیکن مال و زر کی ہوس اور اسے جائز و ناجائز طریقے سے حاصل کرنے کی تگ ودو میں ہر دم مصروف رہنا جہاں اخلاقی قدروں کو پامال کرنے کا باعث بنتا ہے وہاں جسمانی طور پر بھی اس کے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مادّیت پرستی اور ہوس زر نے قدم قدم پر انسان کے لیے مشکلات ومصائب کے پہاڑ کھڑے کردیے ہیں‘ انسان اپنی ضروریات سے زیادہ مال وزر کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا ہے باہمی تعلقات میں خلوص ومحبت محض دکھاوے کا رہ گیا ہے اور آپ کے تعلقات کچے دھاگے سے بھی زیادہ کمزور واقع ہورہے ہیں مال زر کی اسی ہوس نے انسان کو دوسرے انسانوں سے ہی نہیں بلکہ اپنے آپ سے بھی بیگانہ کردیا ہے اور صبر وقناعت کی عظیم خوبی اس سے چھن گئی ہے۔ جسے دیکھو وہی حصول زر کے لیے کوشاں ہے اسے نہ اپنے آرام سے غرض ہے اور نہ ہی اپنی صحت کا کچھ خیال، جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ اس کا ذہنی سکون لٹ گیا ہے جدید ترین ایجادات اور تمام تر آسائشوں کے باوجود وہ سکون واطمینان کیلئے ترس رہا ہے۔ اس کے اندر کی تنہائی اس کے لیے وبال جان بن چکی ہے اور حقیقی مسرتوں اور خوشیوں سے ناآشنا ہوگیا ہے اسی صورت حال نے اسے ذہنی ونفسیاتی مریض بنادیا ہے۔ اس کی شخصیت کا توازن بگڑ چکا ہے جس کے باعث اس کی ذہنی وجسمانی زندگی عذاب مسلسل سے دوچار ہو کر رہ گئی ہے۔ کاروباری مصروفیات کے باعث نہ تو وہ وقت پر کھانا کھاتا ہے اور نہ ہی آرام کرتا ہے۔ ہر وقت کاروبار کے متعلق سوچ وبچار اور فکر وتردد کے باعث اس کے اعصاب اور دیگر اعضائے بدن پر نہایت منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ اور مسلسل پریشانیوں سے رات کی نیند اور دن کا چین حرام ہوگیا ہے جس کے باعث وہ دائم المریض نظر آتا ہے اور اپنے آرام وسکون سے محروم ہوتا جارہا ہے اور ساری رات بستر پر کروٹیں بدلتا رہتا ہے اور پھر صبح کو پرتکلف اور دیر ہضم غذاؤں کے استعمال سے اس کے اعضا پر مزید برے اثرات مرتب ہوتے ہیں جس سے دل، دماغ، جگر، معدہ اور امعاء کے افعال میں بگاڑ پیدا ہوجاتا ہے اور جسم مختلف بیماریوں کا مستقل طور پر ٹھکانہ بن جاتا ہے۔

عبقری تلبینہ
عورتوں بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن‘ ڈیپریشن‘ تھکان‘ جسمانی‘ کمر‘ ٹانگوں کا درد‘ پٹھوں کا کھچاؤ‘ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے
بچوں‘ بڑوں‘ بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا‘ ٹانک بھی‘ دوا بھی‘ شفاء بھی اور عطا بھی

# سردی آئی ہے تو لگے گی بھی! نپٹنے کے گُر بھی لے لیجئے

بہت سی ورزشیں کرسی یا پلنگ پر بھی کی جاسکتی ہیں اس طرح دوران خون تیز رہے گا اور جسم میں حرارت بھی پیدا ہوگی۔ ورزش سے قبل کپڑے کم تو کیے جاسکتے ہیں لیکن ورزش کے بعد گرم کپڑے دوبارہ پہن لینا چاہئیں۔

سردیاں آتی ہیں تو ظاہر ہے سردی بھی لگتی ہے لیکن یہ موسم سب سے زیادہ بڑی عمر کے افراد کو ستاتا ہے کیونکہ عمر میں اضافے کے ساتھ ہمارے جسم حرارت کم پیدا کرتا ہے تو سردی کے معاملے میں وہ بے حس بھی ہوجاتا ہے۔ اس کی وجہ سے اس بات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے کہ سردیوں میں یہی بے حسی اور بے خیالی جان کی دشمن بن جائے۔ سردی میں اضافے کا احساس ہونے کی صورت میں سردی لگ جانے کے خطرات بہت بڑھ جاتے ہیں۔ جوانی کی طرح جسم حرارت زیادہ پیدا کرتا رہے تو اس کا خطرہ بھی کم رہتا ہے۔ طبی اصطلاح میں اسے ’’کمی حرارت‘‘ کہتے ہیں اس میں جسم کی اندرونی حرارت کم ہوجاتی ہے۔ کمی حرارت کے اکثر مریض وہ بوڑھے افراد ہوتے ہیں جو ٹھیک طرح کھاتے پیتے نہیں ہیں اور جو سرد اور ٹھنڈے گھروں میں رہتے ہیں۔ کم حرارت کی شکایت چھوٹے بچوں میں بھی عام ہوتی ہے کیونکہ ان کا اپنے جسم کی حرارت پر کوئی بس اور قابو نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ یہ شکایت ان افراد میں بھی عام ہوتی ہے جو غدہ ورقیہ کی سستی (ہائپو تھائرائڈزم) کی شکایت یا گنٹھیا میں مبتلا ہوتے ہیں۔ گنٹھیا کی وجہ سے چونکہ ان کے چلنے پھرنے کی صلاحیت بہت متاثر ہوتی ہے ان کے جسم میں حرارت کی کمی رہتی ہے۔ اسی طرح وہ تمام شکایات جس سے جسم کی حرکات سست پڑجاتی ہوں ان کا سبب بن سکتی ہے۔

**عام علامات:** جسم کی اندرونی حرارت 36.5 سنٹی گریڈ کے درمیان رہتی ہے جسم کی صحیح کارکردگی کیلئے جسم کا یہ درجہ حرارت بہت ضروری ہوتا ہے اس سے کم حرارت کی صورت ہی میں ہمیں سردی لگتی ہے اور اگر درجہ حرارت 35 سنٹی گریڈ ہوجائے تو کمی حرارت کی شکایت لاحق ہوتی ہے۔ اس کی عام علامات میں کپکپی یا جاڑا لگنے کی کیفیت قابل ذکر ہے۔ چہرے کی رنگت پیلی پڑجاتی ہے۔ جلد خشک، سانس مدہم ہوکر مریض کی حالت بگڑتی نظر آتی ہے اور وہ بدحواس سا نظر آتا ہے۔ بچے بے سدھ اور بے حرکت ہوجاتے ہیں۔

چھونے سے ان کا بدن ٹھنڈا لگتا ہے۔ حالانکہ دیکھنے میں وہ بالکل صحت مند لگتے ہیں۔

اس حالت میں حالت چونکہ بتدریج بگڑتی ہے اکثر افراد کو احساس ہی نہیں ہوتا کہ وہ اس شکایت کا شکار ہیں بلکہ وہ اس غلط فہمی کا شکار بھی ہوجاتے ہیں کہ انہیں گرمی لگ رہی ہے چنانچہ وہ اپنے جسم پر سے اضافی گرم کپڑے اتار دیتے ہیں اس عرصہ میں درجہ حرارت 32 سنٹی گریڈ تک پہنچ جاتا ہے۔ 30 سنٹی گریڈ پر عضلات یعنی پٹھے اکڑ جاتے ہیں اور بے ہوشی طاری ہوسکتی ہے۔ 27 سنٹی گریڈ پر زندگی کی چند علامات ہی باقی رہتی ہیں اور درجہ حرارت مزید گھٹ جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں قلب کی حرکت بند ہوجاتی ہے۔ درجہ حرارت گھٹ جائے تو مریض کے زندہ ہونے کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے کیونکہ سانس اور قلب دونوں ہی کی رفتار بہت سست اور دھیمی ہوجاتی ہے۔ ایسی صورت میں یہ بہت ضروری ہوتا ہے کہ مریض کو گرم کیا جائے۔ اس طرح اس سلسلہ میں مختلف ابتدائی اقدامات اختیار کرنے پڑتے ہیں۔

سب سے پہلے تو یہ جائزہ لینا ضروری ہوتا ہے کہ وہ کھلے ماحول میں ہے یا کمرے میں۔ ان دونوں صورتوں میں سب سے پہلے احتیاط یہ ضروری ہے کہ اسے کسی بھی حالت میں الکحل نہ پلائی جائے۔ اکثر لوگ یہ غلطی کر بیٹھتے ہیں بلکہ بعض تو خصوصی طور پر گھر میں رکھتے ہیں کہ اگر کسی کو ٹھنڈ لگ جائے تو اسے الکحل پلائی جائے۔ اس کی سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ اس سے شریانیں پھیلتی ہیں جس سے دوران خون بڑھ جاتا ہے جس کے نتیجے میں مزید حرارت خارج ہوکر مریض کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔

**گھر میں احتیاط:** سخت جاڑوں کی صورت میں یہ ضروری ہے کہ خاص طور پر سونے کے کمرے گرم رکھے جائیں۔ ان کا درجہ حرارت 64.4 فارن ہیٹ ہونا چاہیے۔ اس بات کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے کہ آپ صحیح غذا کھائیں اور گرم مشروب خوب پئیں۔ پرہیز نہ ہو تو انڈے، مصالحے اور سالن، مچھلی، کباب وغیرہ زیادہ کھائیں۔ کھانے کے بعد اگر گڑ مل جائے یا اگر شہد ہو تو استعمال کریں۔ اس کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ ورزش کریں۔ بہت سی ورزشیں کرسی یا پلنگ پر بھی کی جاسکتی ہیں اس طرح دوران خون تیز رہے گا اور جسم میں حرارت بھی پیدا ہوگی۔ ورزش سے قبل کپڑے کم تو کیے جاسکتے ہیں لیکن ورزش کے بعد گرم کپڑے دوبارہ پہن لینا چاہئیں۔ مناسب تو یہی ہے کہ کسی فرد میں سردی لگنے کی علامات ظاہر ہوں تو طبی امداد فوری طور پر حاصل کی جائے۔ لیکن اس وقت تک درج ذیل تدابیر اختیار کرنا مفید اور ضروری ہے۔ مریض کے جسم میں بتدریج حرارت پیدا کریں۔ فوری طور پر تیزی کے ساتھ گرمی پہنچانے سے خون کی گردش جلد کی طرف ہوجاتی ہے جس کے نتیجے میں قلب اور دماغ کو خون کی فراہمی میں کمی واقع ہوسکتی ہے مریض جوان ہو یا بوڑھا اسے گرم بستر میں حرارت پہنچانے کے علاوہ 40 سنٹی گریڈ گرم پانی سے غسل بھی دینا چاہیے لیکن ہوا سے بچا کر۔ مریض کو گرم مشروبات، مثلاً گرم چاکلیٹ سونٹھ دار، دارچینی والا دودھ یا دونوں کی چائے مناسب ہو تو دیسی گڑ ڈال کر پلایئے۔ دیسی براؤن شکر، گڑ، ادرک اور شہد کھانے سے حرارت پیدا ہوتی ہے۔ مریض کے جسم کے قریب گرم بوتل وغیرہ نہیں رکھنی چاہیے اس سے بھی دوران خون قلب دماغ اور دیگر اندرونی اعضاء سے ہٹ کر بیرون جسم کی طرف ہوگا۔ اکثر اوقات چونکہ سردی سے بوڑھوں میں حس گھٹ جاتی ہے ان کے جسم گرم بوتل، اینٹ یا پتھر سے جھلس کر زخمی بھی ہوسکتے ہیں۔

**گھر سے باہر احتیاط:** جاڑوں میں ہمارے ہاں بھی لوگ سیر و تفریح کیلئے باہر نکلتے ہیں۔ پروگرام صبح سے شام تک ہو تو عام احتیاطی تدابیر کافی ہوتی ہیں۔ لیکن جھیل، ندی کے کنارے کیمپ ضروری ہو تو احتیاطی تدابیر کا خصوصی اہتمام کرنا چاہیے۔ مثلاً کیمپ کے اندر محفوظ چولہے موجود ہوں تو کھانے کی اشیاء کی کمی بھی نہیں ہونی چاہیے تاکہ ناگہانی بارش یا برف باری کی صورت میں کسی چیز کی کمی نہ ہونے پائے۔ اسی طرح زائد جوڑے، کمبل چادریں وغیرہ بھی ساتھ ہونی چاہئیں۔ گیلے کپڑے ہوں تو فوراً اتار کر خشک کپڑے پہنیں۔ اگر وہاں کسی کو ٹھنڈ لگ جائے تو گرم مشروبات جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے بار بار پلاتے رہیے اور اس سے مسلسل باتیں کیجئے تاکہ وہ ہوش میں رہے اور اس کا دھیان بھی بٹا رہے اور اس اثناء میں جلد از جلد طبی امداد حاصل کرنے کی کوشش کیجئے۔

نُورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی
چاہے کینسر کی ہی ہو، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے

Digitized by Google

# ربیع الثانی! چند منٹ میں ہزار نیکیاں پائیں اور ہزار برائیاں ختم

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو غیر شرعی اعمال کے بجائے تسبیح اور مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

یہ اسلامی سال کا چوتھا مہینہ ہے اسے ربیع الآخر بھی کہا جاتا ہے۔ اس ماہ کے نوافل حسب ذیل ہیں جو اکثر صوفیاء پڑھتے رہے ہیں۔ **شب اول کے نوافل:** عابدوں کا کہنا ہے کہ جب ربیع الثانی کا چاند نظر آجائے تو اس کی شب اول میں بعد نماز مغرب آٹھ رکعت نفل دو دو رکعت کی نیت سے پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الکوثر تین بار اور دوسری میں سورۃ الکافرون تین بار پھر تیسری چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں، آٹھویں رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار ہر رکعت میں پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو بے شمار ثواب ملے گا اور بے شمار نمازوں کا اجر عطا ہوگا۔ **چار رکعت نفل:** جواہر غیبی میں ہے کہ اس مہینہ کی پہلی، پندرہویں، انتیسویں تاریخوں میں چار رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پانچ بار پڑھے۔ اس کے لیے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ انشاء اللہ پروردگار عالم روز محشر مغفرت فرمائیں گے۔ انجام بخیر کا **وظیفہ:** جو شخص پورا ماہ بعد نماز عشاء یہ وظیفہ روزانہ 1111 مرتبہ پڑھے گا وہ موت کے وقت کلمہ پڑھتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوگا۔ بعض بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس وظیفے میں خاتمہ بالخیر کی بے حد تاثیر ہے۔ اس وظیفہ سے خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (سورہ یوسف:101) ترجمہ: اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری میں دنیا سے اٹھالے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کرلے۔

**بابرکت دعا:** ماہ ربیع الثانی بھی نہایت افضل مہینہ ہے اور اس ماہ میں بھی زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھنا چاہیے۔ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک بار اسرافیلؑ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس اتر کر آئے اور کہا سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَمِثْلَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ پڑھے جو کوئی اس کو ایک بار پڑھے گا خدا اس کو ان لوگوں کے زمرہ میں لکھے گا جو خدا کی بکثرت یاد کرنے والے ہیں اور وہ رات دن خدا کی یاد میں لگے رہنے والوں سے بھی افضل ہو جائے گا اور یہ کلمات اس کیلئے جنت میں داخلہ کا ذریعہ بن جائیں گے اور جس طرح درخت کے پتے جھڑتے ہیں اسی طرح اس کے گناہ جھڑ جائیں گے اور خدا کی اس پر نظر رہے گی اور اس کو دوزخ کا عذاب نہ دے گا اور حدیث میں آیا ہے جو کوئی سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ وَدَوَامِ مُلْکِ اللّٰهِ پڑھے گا۔ دنیا اور اہل دنیا چاہے ختم ہو جائیں لیکن اس کے پڑھنے والے کا ثواب نہ ختم ہوگا۔

## کلونجی اجوائن اور میتھی دانہ کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ کئی ماہ سے مسلسل پڑھ رہی ہوں الحمدللہ بہت مفید رسالہ ہے مجھے بچپن سے ہی لکھنے کا شوق ہے ماہنامہ عبقری میں لکھنے سے پہلے بھی میں متعدد اخبار و رسائل میں اپنے تجربات و مشاہدات لکھتی رہی ہوں مگر جب سے عبقری ملا ہے جب بھی قلم اٹھا عبقری کے قارئین کیلئے ہی اٹھا ہے۔ میرے گھٹنوں پر سوجن تھی اور اٹھتے بیٹھتے شدید درد ہوتا تھا۔ جس کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان تھی ماہنامہ عبقری میں ایک نسخہ پڑھا کہ گھٹنوں کے درد اور سوجن کے لیے کلونجی اجوائن اور میتھی دانہ کو ہموزن لے کر سفوف بنالیں۔ آدھا چمچ چائے والا صبح وشام کھاتا ہے۔ میں نے یہ نسخہ استعمال کرنا شروع کردیا اور اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا کراماتی تیل منگوا کر اپنی ماسی سے خوب مالش کرواتی۔ صرف چند دن یہ نسخہ استعمال کیا اور ساتھ کراماتی تیل کی مالش سے میرے گھٹنوں کی سوجن بالکل اتر گئی اور درد میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ الحمدللہ! (ج۔ش، راولپنڈی)

# ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 10 نومبر بروز ہفتہ صبح 10 تا 11 بجکر 55 منٹ' 18 نومبر بروز اتوار دوپہر 3 بجکر 20 منٹ سے لیکر 5 بجکر 10 منٹ تک، 30 نومبر بروز جمعہ مغرب سے عشاء تک یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درودل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاءاللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ: 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

## گرم گرم ساگودانہ کا لاجواب کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں آنے والے ٹوٹکے بہت ہی کمال کے ہوتے ہیں۔ بہت سے چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے ہمارے آزمودہ ہیں۔ میرے پاس بھی بخار سے نجات کا ایک ٹوٹکہ ہے۔ جس سے بخار بھی اتر جاتا ہے اور کمزوری بھی ختم ہو جاتی ہے۔ ھوالشافی: ایک چمچ ساگودانہ ایک گلاس گرم گرم دودھ میں ڈال کر ڈھانپ دیں' پندرہ منٹ بعد چمچ سے اچھی طرح ہلا کر پی لیں' بخار کبھی قریب بھی نہ آئے گا۔ (محمد افضل رفیق)

جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)

Digitized by Google

# حضرت شمس الزمان ایلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

**بچہ اگر تین چار سال تک چلنے نہ پائے:** بعض بچے بیٹھنے‘ رینگنے یا چلنے میں طبعی عمر سے کہیں زیادہ وقت لے لیتے ہیں‘ اگر بچہ دو تین سال کا ہو گیا ہو اور چل نہ پاتا ہو تو اس کیلئے نہایت مجرب اور بارہا کا ہمارا آزمودہ عمل ہے‘ کبھی خطا نہیں کرتا۔ حتیٰ کہ ہم نے اسے ایک ابنارمل بچے پر اپنایا تو اس نے بھی تین ماہ کے اندر اندر چلنا شروع کر دیا جس کا ذہنی توازن درست نہیں تھا‘ باتیں بھی نہیں کر پاتا تھا اور چلنا تو کیا بیڈ کے سہارے کھڑا بھی نہیں ہو پاتا تھا۔ اس کی دماغی حالت اور قوت گویائی کا تو علاج نہ ہو سکا البتہ تین چار ماہ میں اس نے سہارے کے بغیر چلنا پھرنا شروع کر دیا۔ عمل یہ ہے کہ زیتون کے تیل پر ایک ہزار ایک سو گیارہ (1111) بار یَامَتِیْنُ پڑھ کر دم کریں اور بلا ناغہ اس بچے کی ٹانگوں‘ ہاتھوں‘ کندھوں اور کمر کی مالش کریں۔ ٹانگوں پر مالش زیادہ زور سے کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نتیجہ آپ کی خواہش اور امید کے مطابق نکلے گا۔

**بچوں کے بولنے میں تاخیر:** بعض بچے بولنے میں دیر کر دیتے ہیں۔ اگر بچے کے کان صحیح سنتے ہیں تو بچہ پیدائشی گونگا نہیں ہے اگر ایسا بچہ تین چار سال کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے تو یہ فکر والی بات ہے۔ ایسے بچے کو روزانہ سورۂ حدید کی پہلی پانچ آیات زعفران سے لکھ کر اس کا پانی پلایا جائے۔ صبح کے وقت یہ پانی تیار کر کے روزانہ شام تک اسے بار بار تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ اس کے دودھ اور دوسری کھانے پینے کی اشیاء میں بھی مکس کریں‘ اور جب تک بولنا شروع نہ کرے عمل جاری رکھیں۔

نوٹ: سورۂ حدید کی پہلی پانچ آیات کے بارے میں علمائے اسلام کی ایک بڑی جماعت کی تحقیق یہ ہے کہ یہ آیات اسم اعظم ہیں (یعنی ان میں اسم اعظم موجود ہے) یہ قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی طرف بھی منسوب کیا جاتا ہے۔ حل مقاصد اور مشکلات سے نکلنے کے لیے بھی ان آیات کی کثرت نہایت مفید ہے۔

> بعض بچے بولنے میں دیر کر دیتے ہیں۔ اگر بچے کے کان صحیح سنتے ہیں تو بچہ پیدائشی گونگا نہیں ہے اگر ایسا بچہ تین چار سال کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے تو یہ فکروالی بات ہے۔ ایسے بچے کو روزانہ سورۂ حدید کی پہلی پانچ آیات زعفران سے لکھ کر اس کا پانی پلایا جائے۔

**استقرار حمل کیلئے:** جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو وہ ہر نماز کے بعد یَامُصَوِّرُ کی ایک تسبیح پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا۔

**حمل نہ ہونے کا علاج:** اگر شادی کو معقول وقت گزر چکا ہو اور حمل کے آثار پیدا نہ ہو رہے ہوں تو صبح و شام خاتون یہ عمل کرے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا۔ عام معمول اور بار بار کا آزمودہ ہے۔ اول و آخر گیارہ بار سورۃ الحشر کی آخری آیت ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿الحشر ۲۴﴾ اور اس کے درمیان میں وہی چار اسمائے الٰہی ایک سو ایک بار پڑھے جو اس آیت کے شروع میں آرہے ہیں۔ یَااَللّٰہُ یَاخَالِقُ یَابَارِئُ یَامُصَوِّرُ۔ مجرب المجرب ہے۔

**لکنت کا علاج:** کسی کی زبان میں لکنت ہو روانی سے بات نہ کر سکتا ہو بات کرتے ہوئے اٹکتا ہو تو درج ذیل آیات کی مریض ہر نماز کے بعد اکیس بار تلاوت بھی کرے اور وہ خود یا کوئی اور چینی اور بادام پر دم کر کے دے دیں اور پانی پر دم کر کے وہ پانی بھی پلائیں۔ ان شاء اللہ کچھ عرصہ میں لکنت پر قابو حاصل ہو جائے گا۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ

**ہاتھ پاؤں کی تکلیف:** ہاتھوں‘ بازوؤں یا پاؤں میں درد یا سوجن ہو تو آیت کریمہ۔ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَقَدْ ھَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰی مَآ اٰذَیْتُمُوْنَا وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ﴿ابراھیم ۱۲﴾

**پریشانیوں کی وجہ سے بے خوابی:** اکثر اوقات پریشانیاں سوار ہوں تو آدمی کی نیند اڑ جاتی ہے۔ آج کل سکون کے مواقع کم ہوتے ہوتے ناپید ہوتے جا رہے ہیں اور پریشانیاں‘ افکار‘ غم‘ دکھ‘ اذیتیں‘ ڈپریشن چاروں طرف سے منہ کھولے غریب عوام کو نگل جانے کے لیے بے تاب نظر آتے ہیں۔ اگر افکار و ہموم اور اندوہ و پریشانی نے کسی کی نیند ختم کر ڈالی ہو تو سورۃ الانبیاء لکھ کر اس کے سینے پر باندھ دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ایسی نیند آئے گی کہ ممکن ہے تعویذ کھولے بغیر مریض کی آنکھ ہی نہ کھلے۔

**لقوہ سے نجات کا عمل:** سٹیل کی پلیٹ پر سورۃ الزلزال کندہ کروائیں‘ کندہ کرنے والا آدمی باوضو ہو اور پلیٹ مریض کے پاس رکھ دیں کہ وہ اسے ہر وقت دیکھتا رہے اور جب توفیق ہو پڑھ بھی لیا کرے اور غیر مستعمل طشتری میں یہ سورت لکھ کر دھوئیں اور اس کا پانی مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ جلد آرام آجائے گا۔

**برص (پھلبہری) کا علاج:** برص کا مریض اگر ایام بیض (چاند کی تیرہ چودہ اور پندرہ تاریخ) کو روزہ رکھے اور افطاری کے وقت کثرت سے یَامَجِیْدُ کا ورد کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پھلبہری سے اسے نجات مل جائے گا۔

## مجھے کینو نہیں کھانا کیونکہ۔۔۔!!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دمہ کی مریضہ ہوں شادی سے پہلے قرآن پاک کا ترجمہ‘ تفسیر اور تجوید کا ڈیڑھ سالہ کورس کیا۔ زمانہ طالب علمی میں ایک معلمہ استانی ہمارے ادارہ میں آئیں اور ادارہ کی پرنسپل نے سب لڑکیوں میں کینو بانٹے‘ سردیوں کا موسم تھا اور میں چونکہ سانس کی مریضہ تھی اور ٹھنڈا کھٹا کھا نہیں سکتی تھی۔ انہوں نے مجھے بھی کینو کھانے کے لیے دیئے تو میں نے کھانے سے انکار کر دیا۔ پرنسپل صاحبہ یہ دیکھ کر بولیں‘ آپ نے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت کو کھانے سے انکار کیوں کیا؟ تو میں نے انہیں اپنا مسئلہ بتایا۔ تب انہوں نے مجھے ایک انمول دعا بتائی اور پڑھنے کا طریقہ بھی بتایا اور کہا اس کو تین مرتبہ پڑھ لیا کرو تم اللہ رب العزت کی ہر نعمت کو کھا سکو گی۔ وہ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ الحمدللہ! جب بھی میرا کوئی ٹھنڈی یا کھٹی چیز کھانے کو دل چاہتا ہے تو میں اس دعا کو تین بار پڑھ لیتی ہوں اور وہ کھانا یا چیز مجھے اور میری صحت کو کوئی نقصان نہیں دیتی۔ میں چاہتی ہوں میرا یہ تجربہ قارئین عبقری ضرور آزمائیں۔ (ثمنیہ شکیل‘ صدر کینٹ لاہور)

مشروب عبقری افزا
بوند بوند خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے

Digitized by Google

# سکون چاہیے تو گھر تبدیل کرو

## شوہر کا کاروبار نہیں چلتا تو یہ پڑھیے

**خدارا میرے بچے کی شراب چھڑوا دیں: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم!** میرا بیٹا اس وقت صرف اڑھائی سال کا تھا جب میرے خاوند کا انتقال ہوگیا۔ میں نے صرف اس بچے کی خاطر دوسری شادی نہیں کی اپنی ساری جوانی اس بچے کے روشن مستقبل کے سہارے گزار دی اس کو پڑھایا لکھایا اس کی شادی کی اب ماشاء اللہ شادی شدہ اور بچوں کا باپ ہے۔ لیکن افسوس کہ یہ شراب کے نشے پر لگا ہوا ہے۔ بہت سالوں سے میں نے اس کیلئے بہت کچھ پڑھا ہے جس نے جو بتایا پڑھا مگر وہ شراب نہیں چھوڑ رہا' اس کا گھر بربادی کی آخری دہلیز پر پہنچ گیا۔ خدارا مجھے کچھ پڑھنے کو یا کوئی ٹوٹکہ بتائیں کہ میرا بیٹا شراب چھوڑ دے۔ (والدہ نذر الرحمٰن' اوکاڑہ)

**جواب:** آپ درج ذیل دو عمل کیجئے ان شاء اللہ آپ کے بیٹے کو شراب سمیت ہر عادت بد سے نفرت ہوجائے گی۔ صبح سویرے بیدار ہوکر پاک صاف ہوکر فجر کی اذان سے پہلے 19 مرتبہ سورہ لہب پڑھ کر بیٹے کا تصور کرکے دم کریں ان شاء اللہ 21 دن میں آپ کا بیٹا شراب چھوڑ دے گا۔

2۔ شراب اور برائیوں کا عادی شخص جب رات گہری نیند سو جائے تو اس کے قریب سرہانے کی طرف کھڑے ہوکر ایک مرتبہ يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (المائدہ:90) اتنی آواز سے پڑھیں کہ سونے والے کی نیند خراب نہ ہو۔ چالیس روز کے اس عمل سے ان شاء اللہ عادت بد سے نجات مل جاتی ہے۔

**شوہر کا کاروبار نہیں چلتا: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم!** میرے شوہر بہت بیمار رہتے ہیں انہیں شوگر ہے شوگر کی وجہ سے ٹانگوں میں درد رہتا ہے۔ ایک چھوٹی سی دکان ہے کاروبار نہیں چلتا' وہ بھی بگڑی ہوئی ہے' ہم بہت پریشان ہیں' میری تین بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں۔ خدارا ہمیں کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ ہماری مشکلات کم ہوں۔ (اہلیہ ف)

**جواب:** آپ ہر نماز کے بعد اور شوہر جب دکان پر جائیں وہ دکان کھولتے ہی سورۂ فاتحہ ایک بار' سورہ الم نشرح تین بار اور سورۂ قدر 11 بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف 11،11 بار روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ رزق میں بے تحاشہ برکت ہوگی۔ کسی کا دل نہ دکھائیں۔ اپنے رزق سے چرند پرند جانوروں اور انسانوں کو پالتے جائیں اللہ آپ کا رزق وسیع کردیگا۔ اپنے گھروں میں بچوں کے ساتھ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں درود وسلام پیش کرتے رہیں' مسنون اعمال کو گھر میں رواج دیں' اس سے نہ صرف رزق میں اضافہ ہوگا بلکہ آپ کی جان و مال' عزت اور آبرو کا بھی تحفظ رہے گا۔ ان شاء اللہ العزیز۔

**لوگ کہتے گھر تبدیل کرو تو سکون ہوگا: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم!** میں بہت سخت بیمار رہتا ہوں' مثلاً شوگر' بلڈ پریشر' اعصابی کمزوری' نظر کی کمزوری' نماز میں دل کا نہ لگنا' پریشانی ہروقت سوچ و بچار میں مبتلا رہتا ہوں' گھر میں سکون نہیں رزق کی کمی ہروقت ادھار مانگ کر گزارا کرنا وطیرہ بن چکا ہے' مال میں برکت نہیں ہے۔ میری بیوی وہ بھی بیمار رہتی ہے شوگر' ہائی بلڈ پریشر اور اس کے علاوہ وہ ہروقت سوچ و بچار میں گم رہتی ہے ایک بیٹی ہے وہ بھی ٹھیک نہیں رہتی کوئی کہتا ہے کہ گھر تبدیل کریں گھر تبدیل کرکے کہاں جائیں؟ (غ'ز)

**جواب:** آپ اپنے گھر میں نبوی اعمال لائیں' آپ نے لکھا کہ آپ نے بینک میں پیسے رکھوائے ہیں ان پر منافع آرہا ہے اس کے بارے میں مقامی علماء کرام سے رجوع فرمائیں کہ کہیں یہ سود تو نہیں؟ اپنے گھر کو سود سے پاک کریں' آپ اور آپ کے تمام گھر والے سارا دن کھلا اسم الٰہی یاقہار پڑھیں صبح و شام گیارہ تسبیح اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ یاقہار کی پڑھیں۔ ان شاء اللہ چند ہفتے' چند مہینے یہ عمل مستقل مزاجی سے کریں۔

**میرے امتحان ہیں: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم!** میں 10th کلاس کی سٹوڈنٹ ہوں اور میرے بورڈ کے امتحانات ہونے ہیں' براہ مہربانی مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ میرے اچھے نمبرز آئیں اور اچھے رشتے کے لیے وظیفہ دیں اور مجھے اللہ تعالیٰ ماں باپ کی فرمانبردار بیٹی بنائے' اچھے وظائف دیں۔ ہم پانچ بہنیں ہیں' ایک بھائی ہے' سب کیلئے دعا کریں' سب کے رشتے اچھے ہوں' گھر بھی کرائے کا ہے۔ (ع۔ا)

**جواب:** امتحان میں کامیابی کیلئے آپ سمیت تمام طالب علم اپنی پڑھائی کے ساتھ ساتھ اس وظیفہ پر توجہ کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ بورڈ کے امتحانات میں بہت فرسٹ پوزیشن سے کامیاب ہوں گی۔ وظیفہ یہ ہے:۔ 1۔ صبح 313 بار اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ 2۔ رات کو 313 بار يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ (بعد نماز عشاء) مقصد کا سخت تصور کرکے روزانہ پڑھیں۔ اچھے رشتہ اور گھر کیلئے بھی یہی وظیفہ رشتہ اور گھر کا تصور کرکے پڑھیں۔

**عالمہ بیٹی کیلئے دیندار رشتہ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم!** میری بیٹی کی عمر 26 سال ہے' میں اس کے رشتہ کی وجہ سے بہت پریشان ہوں' رشتے بہت آتے ہیں مگر کہیں بات نہیں بنی۔ کوئی پڑھائی بتادیں' یہ عالمہ ہے' میں چاہتی ہوں کہ کوئی دین دار انسان اس کے نصیب میں مل جائے۔ ایک دین دار گھرانہ ہے' ان کا لڑکا بہت ہی شریف اور عالم ہے۔ مجھے وہ رشتہ بہت پسند ہے' مجھے کوئی وظیفہ بتادیں کہ وہ خود ہی ہم سے رشتہ مانگنے کیلئے آجائیں۔ اگر رشتہ وہیں ہوجائے تو بہتر ہوگا آگے اللہ رب العزت کی مرضی۔ (پوشیدہ)

**جواب:** محترمہ! آپ اور آپ کی بیٹی ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی اپنے مقصد کا سخت تصور کرکے پڑھیں۔ ایک خاتون نے ماہنامہ عبقری میں اپنے سینے کا راز لکھتے ہوئے بتایا کہ ہماری ایک رشتہ دار ہیں ان کی دو بیٹیاں ایک بہت مشہور ٹیکسٹائل ملز والوں کی بہوویں ہیں۔ ان کی بیٹیاں انتہا کی نارمل ہیں' آنکھیں چھوٹی' رنگ نارمل' قد چھوٹے۔ میں نے ان سے پوچھا آنٹی آپ بیٹیوں کی اچھی شادی کیلئے کیا پڑھتی رہیں؟ میری بھی بیٹیاں ہیں۔ انہوں نے کہا جب یہ چھوٹی چھوٹی تھیں تو ایک عورت کھانا کھانے ہمارے گھر آئی میں نے ان کو کھانا بڑا اچھا کھلایا وہ عورت کہنے لگی تمہاری بیٹیاں ہیں ان کی شکل بدصورت ہے اور تمہیں کل کو بڑا مسئلہ ہونا ہے۔ مجھے اس نے کہا ہر نماز کے بعد فی بچہ ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرو اور جب بچیاں بڑی ہوجائیں تو ان کو نماز پر لگاؤ اور کہو کہ ہر نماز کے بعد ایک بسم اللہ کی تسبیح اپنے لیے پڑھیں تمہیں پتہ ہی نہیں کتنے اچھے رشتے آئیں گے۔ تینوں کے گھر بیٹھے رشتے آئے اور بی اے کے بعد شادی کردی۔ بس یہی وظیفہ آپ بھی اپنائیے' الحمدللہ! بے شمار آزما چکے ہیں۔

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یاد ماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ' اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف -/300 روپے

Digitized by Google

# دسترخوان پر گرے ٹکڑوں نے کینسر کو شکست دیدی

محمد ظاہر شاہ' سوات

صرف ایک ماہ کے اندر اندر میری بہن کے جسم سے ساری سوجن اتر گئی اور جسم بالکل نارمل حالت میں آنا شروع ہوگیا۔ایک ماہ کے بعد جب دوبارہ انہی ڈاکٹر صاحبان کے پاس اپنی بہن کو لے کر گئے جب ڈاکٹر صاحبان نے مریضہ کا چیک اپ کیا تو حیران رہ گئے

یہ سچا واقعہ مجھے میرے ایک دوست نے سنایا ہے' جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔دوست کا کہنا ہے کہ میری بہن بیمار ہوگئی' تشخیص پر بلڈ کینسر نکل آیا تو ڈاکٹر نے کہا کہ یہ مریضہ تین ماہ کی مہمان ہیں پھر ایک اور سپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس لے گئے مکمل چیک اور چند دن ہسپتال میں داخل رہنے کے بعد اور دوسرے ڈاکٹر نے کہا کہ چار ماہ کی مہمان ہیں (ڈاکٹر نے مجھے بہن کو بتانے سے منع کیا تھا) کیونکہ ان کا خون نہیں بنتا تھا اور تمام جسم سوج گیا تھا۔گھر آکر میں نے اپنی بہن کو کہا کہ میں حقیقت حال بتاتا ہوں اس وجہ سے نہیں کہ تو پریشان ہوجائے بلکہ اس وجہ سے حقیقت حال واضح کرتا ہوں کہ تو اعمال میں لگ کر اتنے اعمال کرے اگر موت مقدر ہو تو اللہ پاک تیری مغفرت فرمادیں اگر زندگی کے کچھ لمحات باقی ہوں تو اللہ پاک تجھے صحت نصیب فرمادیں۔ ساری حقیقت حال واضح کردی اور میں نے کہا کہ ایک ڈاکٹر نے تین ماہ اور دوسرے نے چار ماہ زندگی بتائی ہے اب ایسا کرو کہ خود بھی ''منزل'' کو پڑھ لیا کریں اور پانی دم کرکے پیا کریں اور میں بھی صبح و شام منزل پڑھ کر تجھ پر دم بھی کرونگا اور پانی دم کرکے تجھے پلایا کروں گا۔دوسرا یہ کہ اللہ والیوں کی جماعت گھر پر لاؤں گا ان کی خدمت کرو اور جب وہ کھانا کھا کر اٹھے تو دسترخوان پر جو ٹکڑے اور ذرے وغیرہ اور سالن وغیرہ ہو اسی کو کھالیا کرو۔میرے دوست مزید کہنے لگے: میری بہن نے ایسا ہی کیا' ہم دونوں زیادہ سے زیادہ منزل پڑھتے۔محلے کی نیک' مخلص' متقی اور زیادہ سے زیادہ قرآن پاک کی تلاوت کرنے والی خواتین کو گھر پر دعوت دی جاتی وہ آتیں ہم ان کی خوب خدمت اور آؤ بھگت کرتے' جب وہ چلی جاتیں تو دسترخوان پر پڑے ذرات اور بچا ہوا کھانا میری بہن کھاتی۔اللہ کریم کی شان دیکھئے کہ صرف ایک ماہ کے اندر اندر میری بہن کے جسم سے ساری سوجن اتر گئی اور جسم بالکل نارمل حالت میں آنا شروع ہوگیا۔ایک ماہ کے بعد جب دوبارہ انہی ڈاکٹر صاحبان کے پاس اپنی بہن کو لے کر گئے۔جب ڈاکٹر صاحبان نے مریضہ کا چیک اپ کیا تو حیران رہ گئے اور کہا کہ تم لوگوں نے کہاں سے علاج کروایا ہے اور کونسی دوائی دی ہے تو اسی مریضہ کے شوہر نے سارا ماجرہ سنایا کہ ہم نے کسی جگہ سے کوئی علاج وغیرہ نہیں کروایا اور نہ کوئی اور دوائی استعمال کی ہے بلکہ منزل پڑھ کر دم کرتے تھے اور پانی دم کرکے پلادیتے تھے تو ڈاکٹر صاحب نے اپنی قلم منہ میں لیکر کہا کہ واقعی سب کچھ کرنے والا صرف ایک اللہ کریم ہے اب تقریباً دس سال ہوچکے ہیں۔میری بہن بالکل صحت یاب ہے اور چار بچوں کی والدہ ہیں' کسی قسم کا کوئی طبی مسئلہ نہیں ہے۔میرا دوست مجھے یہ سچا واقعہ سنا رہا تھا اور میں حیرت میں گم اس کی باتیں سن رہا تھا۔بے شک اللہ کریم شفاء دینے پر آئے تو انسان دسترخوان پر گرے ٹکڑوں سے بھی کینسر جیسے مرض کو شکست دے سکتا ہے۔

## مجھے ہر موسم سرما میں نیا سویٹر چاہیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' شیخ الوظائف کے درس تو بنے بنا ہمیں چین ہی نہیں آتا۔شیخ الوظائف نے ایک مرتبہ نہیں بلکہ کئی مرتبہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کے فوائد بتائے ہیں۔میں نے جب یہ آیت پڑھنا شروع کی تو سمجھیں میری تو لاٹری ہی نکل آئی جو چاہتی ہوں مل جاتا ہے' میں بازار سے گزرتی تو طرح طرح کے پھل دیکھتی' ہمارے گھر میں پھل مہینے میں صرف ایک بار ہی آتا تھا اور میں پھل کھانے کو ترستی تھی' مگر جب سے یہ آیت صبح و شام صرف گیارہ مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کی ہے جو پھل کھانے کو دل چاہ رہا ہوتا ہے شام کو وہی پھل گھر میں آجاتا ہے اور میں جی بھر کر کھاتی ہوں۔مجھے نئے سویٹر پہننے کا بہت شوق ہے' گزشتہ تین سال سے ایک ہی طرح کے سویٹرز سے گزارا کررہی تھی' اس موسم سرما میں میں نے یہی آیت درج بالا طریقے سے سویٹر کی نیت کرکے پڑھی' تو اللہ تعالیٰ نے چند دنوں میں ہی میرے پسندیدہ برانڈ کا سویٹر دلادیا۔(ج' ملتان)

# ایک وراثت یہ بھی ہے

(مولانا وحید الدین خاں)

کریم بخش سیدھے دین دار آدمی تھے' گاؤں کی معمولی آمدنی پر گزر کرلیتے' 65 سال کی عمر میں وہ چار بچے چھوڑ کر مرے تو ان کیلئے انہوں نے کوئی قابل ذکر جائیداد نہیں چھوڑی تھی' ان کے انتقال کے بعد ان کے بڑے صاحبزادے رحیم بخش شہر چلے آئے تاکہ اپنے لیے کمائی کی کوئی صورت کرسکیں۔شہر میں انہوں نے مختصر سرمایہ کے ساتھ ایک کاروبار شروع کردیا۔رحیم بخش کے والد نے ان کیلئے کوئی مادی وراثت نہیں چھوڑی تھی۔مگر قناعت اور سادگی اور کسی سے لڑے بھڑے بغیر اپنا کام کرنے کی وراثت چھوڑی تھی۔یہ وراثت رحیم بخش کے لیے بے حد مفید ثابت ہوئی۔ان کی سادگی اور قناعت کا نتیجہ یہ ہوا کہ معمولی آمدنی کے باوجود وہ مسلسل ترقی کرنے لگے۔ان کا لڑائی بھڑائی سے بچنے کا مزاج ان کیلئے مزید معاون ثابت ہوا۔ہر ایک ان سے خوش تھا' ہر ایک سے ان کو تعاون مل رہا تھا' ان کی ترقی کی رفتار اگرچہ سست تھی مگر وہ ایک دن رکے بغیر جاری رہی۔رحیم بخش کا کاروبار اگرچہ معمولی تھا مگر ان کی شرافت اور ان کی بے غرضی اور ان کی ایمان داری نے ان کو اپنے ماحول میں اتنی عزت دے رکھی تھی جیسے کہ وہ کوئی بڑی حیثیت کے آدمی ہوں۔ان کے پاس سرمایہ بہت کم تھا مگر لین دین میں صفائی اور وعدہ کا پکا ہونے کا نتیجہ یہ ہوا کہ بازار میں بڑے بڑے تھوک بیوپاری ان سے کہتے کہ ''میاں جی جتنا چاہے مال لے جاؤ پیسہ کی پروا نہ کرو پیسے بعد میں آجائیں گے'' یا بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ کسی سے جھگڑے کی نوبت آگئی مگر انہوں نے خود ہی اپنے آپ کو چپ کرالیا' وہ شریر آدمی کے خلاف کوئی جوابی کارروائی نہ کرتے بلکہ خاموشی سے اپنے کاروبار میں لگ جاتے اور اس کے حق میں دعا کرتے رہتے۔جب بھی ان کے دل میں شیطان کوئی بدمعاملگی کا جذبہ ڈالتا تو ان کے والد کا معصوم چہرہ ان کے سامنے آکر کھڑا ہوجاتا۔ان کو ایسا محسوس ہوتا کہ اگر میں نے کوئی غلط معاملہ کیا یا کسی سے جھگڑا فساد کیا تو میرے باپ کی روح قبر میں تڑپ اٹھے گی یہ خیال فوراً ان کے جذبات کو دبادیتا۔وہ دوبارہ اسی تعمیری راستہ پر چل پڑتے جس میں انہیں ان کے باپ نے چھوڑا تھا۔ان کا کاروبار بڑھا تو ان کو مزید معاون کی ضرورت محسوس ہوئی' اب انہوں نے اپنے بھائیوں کو بلانا شروع کیا۔یہاں تک کہ چاروں بھائی شہر میں منتقل ہوگئے۔مگر کاروباری اعتبار سے ہر بھائی اپنے اپنے شعبہ کو آزادانہ طور پر انجام دیتا تھا۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔فالج۔لقوہ۔دماغی کمزوری۔ڈیپریشن۔مرگی۔بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔(قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

Digitized by Google

# ہچ ہچ ہچکی کے آزمودہ در آزمودہ ٹوٹکے

قارئین! گزشتہ دنوں عبقری کے فیس بک پیج پر ہچکی کے متعلق ایک پوسٹ ڈالی گئی' جس کے بعد قارئین نے ہچکی سے نجات کیلئے اپنے آزمودہ راز کمنٹس میں شیئر کیے۔ وہ تمام صدری راز عبقری قارئین کی نذر کیے جارہے ہیں۔ یادرہے! عبقری فیس بک پیج پر روزانہ لاکھوں لوگ اپنی رائے کا اظہار اور اپنے مسائل کا حل جانتے ہیں۔ آپ بھی ضرور لائک کریں' طبی و روحانی مسائل بتائیں اور ان کا حل گھر بیٹھے جانیں۔

**www.facebook.com/ubqari**

## ہچکی سے فوراً جان چھڑوانے کا راز

یہ معدے کی خشکی کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ الٹی کی ایک قسم ہے جسے الٹی روکنے والی کسی بھی دوا سے روکا جاسکتا ہے۔ ایک تولہ بڑی الائچی بمعہ چھلکے سمیت کوٹ کر ایک پاؤ پانی میں جوش دیں' آدھا رہنے پر اتار لیں' سرد ہونے پر پلائیں بفضلہٖ تعالیٰ حلق سے اترتے ہی ہچکی بند ہوجائے گی۔

☆ ہچکی کا یہ بھی آزمودہ علاج ہے کہ سانس روک کر ایک منٹ اپنے دونوں ہاتھوں کی شہادت والی انگلیاں کانوں میں دے کر رکھی جائیں تو بھی ہچکی کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ میرا تو یہ آزمودہ ہے۔ (رانیا ملک، لاہور)

☆ صرف سانس تھوڑی دیر روکنے سے بھی ہچکی ختم ہوجاتی ہے اور اگر سانس روک کر دو تین گھونٹ پانی پی لیا جائے تو بھی اس سے نجات مل جاتی ہے۔ میں نے ان دونوں ٹوٹکوں کو کئی بار آزمایا ہے۔ (لالہ جی، واہ کینٹ)

☆ ایک دفعہ کلاس میں مجھے مسلسل ہچکی لگی ہوئی تھی۔ میرے ٹیچر "اسلم کمال" نے ایک عمل بتایا تھا کہ تم کلمہ طیبہ کچھ دیر مسلسل پڑھو۔ میں نے یہ عمل کیا تو چند منٹ میں افاقہ ہو گیا تھا اس کے بعد میں نے اسے بہت سے دوستوں پر بھی آزمایا اور کامیاب رہا۔ (عاقب جمیل بٹ، گجر خان)

☆ میرے پاس ہچکی ختم کرنے کا آسان طریقہ ہے جس میں نہ کچھ کھانے پینے کی ضرورت اور نہ کوئی وظیفہ۔ تو پڑھیے! صرف تھوڑی دیر کیلئے جتنا ممکن ہو اپنا سانس روک لیں۔ ہچکی دور ہوجائے گی۔ (ذوالقرنین، راولپنڈی)

☆ پانی کا ایک گھونٹ منہ میں لے کر اس کو کھانے کی طرح چبائیں۔ ایک منٹ میں ہچکی خدا حافظ کہہ دے گی۔ اس سے بڑھ کر ہچکی ختم کرنے کا اور کوئی آسان ترین طریقہ میری نظر میں کم از کم نہیں ہے۔ (شاکر اللہ، مردان)

☆ آدھا گلاس پانی لیں، پانی زیادہ ٹھنڈا نہ ہو۔ اس پانی کو 7 چھوٹے گھونٹ میں پی لیں۔ اسی وقت ہچکی رک جائے گی۔ ان شاء اللہ! (علی یعقوب، سکھر)

☆ یہ ٹوٹکہ میرا تقریباً 8 سال سے آزمودہ ہے۔ جب بھی ہچکی آئے تو ایک گلاس پانی پی لو اور اس کے بعد آپ جب بھی سانس لیں تو سانس کو جتنا ممکن ہو سکے کچھ دیر کیلئے روک لیں۔ ہچکی جاتی رہے گی۔ (حسن صاحب، اعظم گڑھ انڈیا)

☆ ایک برف کا ٹکڑا (آئس کیوب) لے کر منہ میں چبائیں۔ ہچکی ٹھیک ہوجائے گی۔ یہ بہت سادہ سا علاج ہے۔ (محمد راشد، کراچی)

☆ ہچکی لگنے پر تین چار گھونٹ سادہ پانی گھونٹ گھونٹ کرکے پی لیں ہچکی فوراً رک جائے گی۔ آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے۔ قارئین! ضرور آزمائیں اور دوسروں کو بھی بتائیں۔ فائدہ ملے تو میرے لیے دعا ضرور کیجئے گا۔ (ز.ف)

☆ ایک شاپر لیں جو لیک نہ ہو۔ اس میں دو تین منٹ سانس لیں۔ ان شاء اللہ ہچکی رک جائے گی۔ بے شمار لوگوں کا آزمودہ ہے۔ (آفتاب احمد، لاہور)

☆ جس شخص کی ہچکی نہ جارہی ہو اس پر کوئی جھوٹا الزام لگادیں کہ تو نے یہ کام کیا ہے۔ ذرا سنجیدہ انداز میں مذاق میں نہیں۔ ان شاء اللہ 2 منٹ میں ہچکی ختم ہوجائے گی۔ یہ ایک آزمودہ اور سادہ چٹکلہ ہے۔ (قاری ادریس گالوچ، سوات)

☆ مجھے کچھ ماہ پہلے ہچکی شروع ہوگئی تھی جو سات دن تک مسلسل جاری رہی۔ ڈاکٹر کو بھی دکھایا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ پھر ایک دوست نے ٹوٹکہ بتایا اللہ اس پر رحم کرے اس سے میری ہچکی 30 منٹ میں ٹھیک ہوگئی۔

**ھوالشافی:** ایک چمچ مکھن کے اوپر چند کلونجی کے دانے ڈال کر کھالیں۔ ان شاء اللہ ہچکی فوراً ختم ہو جائے گی۔ (محمد یاسین، سعودیہ عرب)

☆ ہچکی روکنے کیلئے بہت سے وظائف اور ٹوٹکے ہیں لیکن میرا آزمودہ اور پسندیدہ عمل کلمہ طیبہ والا ہے کیونکہ آخری وقت میں بھی ہچکی آتی ہے اگر زندگی میں ہچکی پر کلمہ پڑھنے کی عادت ہو گی تو آخری وقت میں بھی کلمہ نصیب ہو جائے گا۔ (سبحان مشتاق، لاہور)

☆ صرف ایک چمچ چینی یا ایک چٹکی نمک کھالیں۔ یہ ہچکی سے نجات کیلئے نہایت آسان اور سادہ ٹوٹکہ ہے۔ (ہما رضوان، کراچی)

☆ تھوڑی سی چینی ثابت کھالیں نگلنی نہیں ہے۔ ہچکی ختم ہوجائے گی۔ (عنایت اللہ) ☆ مجھے جب بھی ہچکی آرہی ہو تو صدق دل سے کلمہ طیبہ پڑھ لیتی ہوں، افاقہ ہو جاتا ہے۔ (فاطمہ بنت وقار) ☆ یہ آزمایا ہوا نسخہ ہے کہ جس کو دو تین دن سے ہچکی لگی ہو وہ صرف ایک بڑا چمچ کالا سرکہ اور اس میں ہی کچھ مقدار کالا نمک کی ڈال کر پی لیں۔ 99% ہچکی ایک منٹ سے پہلے ختم نہ ہو تو یہی کام ایک دفعہ دوبارہ کرلیں ان شاء اللہ ہچکی ختم ہوجائے گی۔ (کاشف قریشی)

☆ پندرہ بیس سیکنڈ کے لئے ناک کو بند کرکے سانس روکیں، ہچکی ٹھیک ہوجائے ان شاء اللہ۔ (چوہدری عادل، سعودیہ عرب) ☆ پہلی ہچکی پر ہی کلمہ طیبہ کا ورد کریں ہچکی فوراً رک جائے گی۔ میں نے اس عمل کو جب بھی آزمایا مفید پایا۔ (زیب ارشد، اسلام آباد) ☆ جسے ہچکی آتی ہو اسے کوئی ٹینشن دیں ہچکی رک جائے گی۔ (مشال، لاہور)

## پھٹی ہوئی ایڑیوں کیلئے میرا آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! عبقری کے ذریعے لاکھوں لوگ آپ سے مستفید ہورہے ہیں۔ اتنا شاندار میگزین نکالنے پر آپ بے شک مبارک باد کے مستحق ہیں۔ پھٹی ہوئی ایڑیوں کیلئے میرا آزمودہ نسخہ قارئین کی نذر ہے۔ ھوالشافی: پسی ہوئی پھٹکڑی ایک چٹکی' چار چمچ گلیسرین' ایک لیموں کا رس' آپس میں مکس کرکے ایڑیوں پر دو سے تین مرتبہ دن میں لگائیں' ان شاء اللہ چند دن کے استعمال سے ایڑیاں بالکل ٹھیک ہوجائیں گی۔ میں نے آزمایا بہت لاجواب نسخہ ہے۔ (ایک طالبہ' میانوالی)

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی علیحدگی ... [illegible]

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

Digitized by Google

عائشہ الیاس، لاہور

# جب باورچی خانہ ہی بیوٹی پارلر بن جائے!

چہرے پر گلاب اور سیب کی سی سرخی اور اس میں شگفتگی پیدا کرنے کیلئے کومین آف ماسک استعمال کریں فارمولا اس درجہ زیادہ ہے۔ ھوالشافی: روغن بادام روغن زیتون (حسب ضرورت) خالص شہد اس آمیزے کا ماسک ہفتہ میں دو بار لگائیں۔

خوبصورتی کیا ہے؟ کوئی گوری رنگت کو خوبصورتی کہتا ہے تو کوئی لمبے گیسوؤں کو خوبصورتی کی علامت قرار دیتا ہے، کوئی کسی کی آنکھوں کے سحر میں ڈوب جاتا ہے تو کسی کو دبلا پتلا متناسب جسم بھلا لگتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب تک بالوں، چہرے اور آنکھوں کی اچھی طرح حفاظت اور دیکھ بھال نہیں کی جائے قدرتی حسن بھی نمایاں نہیں ہو پاتا اچھی بھلی شخصیت بھی متاثر کن نہیں لگتی۔ آپ کا چہرہ آپ کی تھوڑی سی توجہ کا طالب ہے، کیونکہ اگر آپ کی جلد ہی نکھری ہوئی نہ ہو تو کہاں کی خوب صورتی، مگر اس نکھار کے لیے آپ کو کہیں دور جانے کی ضرورت نہیں، بس ذرا اپنے باورچی خانے تک چلیں۔ جی ہاں! ہم آپ کو کچن ہی میں موجود چند اشیا سے خوبصورت بننے کے نسخے بتا رہے ہیں۔ یعنی آم کے آم، گٹھلیوں کے دام۔

(۱) اگر آپ کی جلد مرجھائی ہوئی ہے یا تیزی سے خشک ہو رہی ہے تو سمندری نمک سے اپنی جلد پر مساج کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے جلد کو پانی سے اچھی طرح گیلا کریں، پھر دو چائے کے چمچے سمندری نمک لے کر چہرے کے ٹی زون ایریا (پیشانی، ناک، گالوں اور ٹھوڑی) پر لگا کر ہلکے ہاتھوں سے مساج کریں۔ آنکھوں کے اطراف میں لگانے سے گریز کریں۔ دو منٹ بعد چہرے کو ٹھنڈے پانی سے دھو ڈالیں۔ یہ عمل ہفتے میں ایک بار کریں۔ (۲) رنگت کو سرخ و سفید کرنے کے لیے زیتون کے تیل میں زعفران اور لیموں کا رس ملا کر روزانہ رات کو سوتے وقت اپنے چہرے پر لگائیں۔ صبح کسی اچھے صابن سے دھولیں، ایک ہفتے ہی میں فرق محسوس ہونے لگے گا۔

(۳) چہرے کی جھائیاں دور کرنے کے لیے سفید تل پیس کر بھینس کے دودھ میں ملا لیں اور رات کو سوتے وقت یہ پیسٹ چہرے پر رگڑ کے لگائیں۔ صبح کسی اچھے صابن سے دھولیں۔ (۴) اگر چہرے پر دانے نکلتے ہوں تو کالی مرچ کو صندل کی طرح گھس کر چہرے پر لگائیں۔ تین چار روز میں چہرہ صاف ہو جائے گا۔ (۵) ہونٹوں کی قدرتی سرخی کے لیے زعفران کو دودھ میں بھگو کر ہونٹوں پر لگائیں۔ پانچ منٹ بعد دھو ڈالیں۔ (۶) چنے کی دال، دودھ میں بھگودیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو دال پیس کر اُبٹن کی طرح چہرے پر لگائیں۔ خشک ہونے پر چہرہ دھولیں۔ یہ چہرے کی صفائی اور رونق کے لیے بے حد مفید نسخہ ہے۔

**چہرے پر گلاب سیب کی سی سرخی اور شگفتگی پیدا کرنے کیلئے:** چہرے پر گلاب اور سیب کی سی سرخی اور اس میں شگفتگی پیدا کرنے کیلئے کومین آف ماسک استعمال کریں‘ فارمولا اس درجہ زیادہ ہے۔ ھوالشافی: روغن بادام‘ روغن زیتون (حسب ضرورت)‘ خالص شہد۔ اس آمیزے کا ماسک ہفتہ میں دو بار لگائیں۔

**چہرے کی جلد کیلئے:** ادھیڑ عمری کی ایک علامت یہ ہے کہ جلد کے مردہ خلیے آسانی سے نہیں جھڑتے اس لیے ان کی جگہ نئے خلیے نہیں لیتے۔ چہرے کی رطوبت تیزی سے زائل ہونے لگتی ہے۔ عمر کے تقاضوں کو روکنا ممکن نہیں لیکن بھرپور توجہ اور مفید عمل سے اس کو محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔ سائنٹفک دور میں کاسمیٹکس تیار کرنے والی کئی فرموں نے جلد کی حفاظت اور چہرے کی رطوبت کو ضائع ہونے سے روکنے کیلئے نئی کاسمیٹکس تیار کی ہیں۔ جن کے استعمال سے خاطر خواہ اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں لیکن روغن بادام اب بھی سرفہرست ہے۔

جلد کی جو حفاظت اس سے کی جاسکتی ہے کسی اور سے نہیں کی جاسکتی۔ کاسمیٹک ٹیکنالوجی نے عمدہ کی قسم کی کریموں اور روغنوں کے علاوہ ایسے اجزاء دریافت کرلیے ہیں جو بلاشبہ جلد کیلئے اکسیر ہیں تاہم جو اثرات آپ کے کچن میں موجود روغن بادام سے مرتب ہوئے ہیں اسے جدید کاسمیٹکس ٹیکنالوجی بھی تسلیم کرتی ہے۔ جلد کی تابناکی کیلئے آج کل کاسمیٹکس ٹیکنالوجی سے نت نئے شیڈ‘ فاؤنڈیشن اور موئسچرائز منظر عام پر آرہے ہیں مثلاً جلد کی فطری رنگت سے ملتی جلتی فاؤنڈیشن جس میں موئسچرائزر اور پرل شامل ہو لگایا جاتا ہے کہ جلد شبنمی معلوم ہو لیکن روغن بادام بہترین موئسچرائزر ہے۔ جن لوگوں کے چہرے کی رنگت سانولی ہو ایسا تولیہ استعمال کریں جس میں جلد کو گرم کرنے والا کوئی روغن یا کریم شامل ہو۔ غسل کے بعد چہرے اور ہاتھوں پر درج ذیل لوشن لگائیں۔

1۔ بادام ایک حصہ۔ 2۔ گلیسرین ڈیڑھ حصہ۔ 3۔ عرق گلاب دو حصے۔ 4۔ عرق لیموں چند بوندیں۔ تمام اشیاء آپس میں ملا کر لوشن تیار کرلیں اور غسل کے بعد چہرے اور ہاتھوں پر لگالیا کریں۔ جلد کی حفاظت رہے گی۔ اگر چہرے پر بھورے رنگ کے تل ہوں تو بادام روغن میں لیموں کا رس ملا کر چہرے پر لگائیں۔

کچھ خواتین کے ہاتھوں کی جلد خشک اور کھردری ہوتی ہے‘ ناخنوں پر نیل پالش لگاتی ہیں تو ہاتھوں کی بدنمائی میں مزید اضافہ ہوتا ہے چہرے کی طرح ہاتھوں کا میک اپ کرنا ممکن نہیں اگر وہ ہاتھوں پر فاؤنڈیشن پاؤڈر لگائیں گی تو ذرا دیر بعد ان کی محنت ضائع ہوجائے گی کیونکہ ان کے ہاتھ ہر وقت مصروف رہتے ہیں اور انہیں وقفے وقفے سے دھونے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

البتہ ہاتھوں کو نرم اور صاف رکھنے کیلئے مندرجہ ذیل نسخہ آزمائیں ہفتے میں ایک بار نیم گرم پانی میں کھانے کا نمک ڈال کر اپنے ہاتھ آدھ گھنٹے کیلئے اس میں بھگودیں۔ پھر جھانویں سے آہستہ آہستہ صاف کریں‘ ناخنوں کو برش سے صاف کریں‘ ہاتھ خشک کرنے کے بعد اپنے ناخن تراشیں۔ انہیں فائل کریں پھر روغن بادام لگائیں‘ ناخن اور ہاتھ تولئے سے صاف کریں۔ جتنی بار ہاتھ دھوئیں بالکل ذرا سا روغن بادام لگانا نہ بھولیں۔ نیز رات کو سونے سے پہلے ہاتھوں پر درج ذیل لوشن لگایا کریں۔

فارمولہ یہ ہے: ھوالشافی: دُھلے ہوئے جَو آدھ سیر۔ گرم پانی آدھ سیر۔ عرق گلاب ایک چائے کا چمچ۔ ایمونیا ہاؤس ہولڈ ایک چائے کا چمچ۔ عرق لیموں ایک کھانے کا چمچ۔ روغن بادام ایک چائے کا چمچ۔ ترکیب: دھلے ہوئے جَو رات بھر پانی میں بھگودیں۔ صبح کو پانی چھان لیں اور پانی میں تمام اشیاء ملا کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔ رات کو سونے سے پہلے اس لوشن کو ہاتھوں پر مل لیا کریں۔

الرجی‘ چھینکیں‘ دائمی نزلہ‘ ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتی کہ الرجی

دائمی نزلہ‘ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال‘ دماغ کمزور‘ حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا

قیمت صرف -/600 روپے

Digitized by Google

# شادی پر لاکھوں لگے قرضہ چڑھا مگر شکر ہے ناک بچ گئی!

قارئین! مجھے ماہنامہ عبقری پڑھتے ہوئے پانچ سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے۔ میرے خیال میں یہ پاکستان کا واحد میگزین ہے جس میں آپ کو زندگی کے ہر شعبہ ہر عمر اور ہر وقت کے حساب سے رہنمائی ملتی ہے۔ میں محترم شیخ الوظائف کے درس بڑی توجہ سے سنتا ہوں۔ شیخ الوظائف اکثر اپنے دروس میں شادی کو سادہ بنانے کی بات کرتے ہیں اور دور جدید کی فیشن زدہ شادیوں کے انجام اکثر رسالہ عبقری میں پڑھنے کو بھی ملتے ہیں اور شیخ الوظائف کے دروس میں سننے کو بھی ملتے ہیں۔ میں نے خود بھی دیکھا ہے کہ نجانے کتنی نوجوان بچیاں صرف شادی کے اضافی اخراجات نہ برداشت کرنے کی وجہ سے کنواری بیٹھی ہیں اور جن کی ہو چکی ہے ان کے والدین آج بھی گردن تک قرض میں ڈوبے ہیں اور گھر بیماریوں‘ پریشانیوں اور تنگدستیوں کا ٹھکانہ بن چکا ہے۔ قارئین! آج کے دور کی شادی سنت نبوی ﷺ کی بجائے معاشرہ میں طبقاتی جو عزت اور دولت کی فراوانی کا اظہار کر رہی ہے اور یہ شادی معاشرے کے متوسط اور محنتی طبقہ کے لئے مالی مشکلات، ذہنی دباؤ، سوچ و بچار اور نہ جانے کتنے خیالات اور پریشانیاں پیدا کر رہی ہیں۔ مال و دولت والوں کی فکر تو اظہار دولت ہے۔ ان کی حکمت عملی تصرف دولت ہے تاکہ رشتہ دار، جاننے والے اور جہاں والے ان کی نمود و نمائش، دعوتوں، کارڈوں اور سیٹ اپ کو دیکھ کر ان کی آنکھیں کھلیں اور عش عش کریں۔ اگر دعوت میں خال خال، وی وی آئی پی آجائیں تو ان کی قوت روح میں اصلی طاقت آجاتی ہے کہ منفرد حضرات ان کو پہنچاتے ہیں۔ عقیدت رکھتے ہیں۔ سب اخراجات، بجلی کے قمقمے، قالین، صوفہ سیٹ، شامیانے، خانسامے، بیرے اور کئی ڈشوں والے کھانے کھلانے کا واحد مقصد عزت و اکرام، اپنی تسلی ہے۔ اس سے برادری میں سرداری کا فریب نظر آیا ہے۔ ایسی بھاری دعوت میں آخرت کی فکر یا معاشرہ کے دیگر لوگوں کا خیال، قانون کی پابندی، سب ہوا میں اڑا دیا جاتا ہے۔ اگر حکومت وقت نے برات کا کھانا دینے یا صرف ایک ڈش دینے کا حکم صادر کیا ہے تو ہم ہمیشہ اس کے برخلاف چلیں گے اور ضد میں آکر کھانا ضرور دیں گے اور کہا جاتا ہے کہ شادی کے موقع پر لوگوں کو کچھ کھلایا جانا ضروری ہے اگر ہم

قارئین! اس طرح [illegible] میں اکثر عبقری میں شیخ الوظائف [illegible] دل [illegible] ایسی شادیوں کے [illegible] مال [illegible] ان کے علاوہ شیخ الوظائف درس میں بھی اکثر ایسی شادیوں کے انجام بتاتے ہیں

نے صرف ”ایک ڈش“ سے برات کی تواضع کی تو لوگ کیا کہیں گے۔ حالانکہ میں نے شیخ الوظائف کے درس میں یہاں تک سنا ہے کہ شیخ الوظائف فرماتے ہیں کہ میں نے ایک عالم، مفتی صاحب سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ برات کا کھانا ”مشکوک“ ہے۔ کھانے سے پرہیز کریں۔ خیر گزشتہ ہفتہ میرے گھر کے ساتھ ملحقہ پارک میں کسی برات کیلئے شاندار شامیانے نصب کیے گئے خاص قسم کا سیٹ اپ دیکھنے میں آیا۔ میں ہمسایہ تھا تو مجھے بھی دعوت نامہ ملا۔ خواتین کے لئے جدا کرسیاں، کرسیوں پر سفید رنگ کے غلاف اور سبز کی نہایت آرٹسٹک سیٹ والی لگائی۔ بجلی کے بلب اور بانسوں کو خاص سجایا گیا۔ مردوں کی کرسیاں سفید تھیں مگر پٹی سرخ رنگ کی تھی۔ سٹیج دونوں اطراف میں علیحدہ علیحدہ تھے۔ کارڈ پر نو بجے کا وقت تھا مگر نو بجے تک مہمان نہ آئے تھے‘ میں اس کیفیت کو دیکھ کر شامیانے کے اندر گیا۔ دلہن کے والد صاحب سے ملاقات ہوئی احوال پوچھا مسکرا کر کہنے لگے: برات 11 بجے اگر جلدی آجائے تو غنیمت ہے کیونکہ آپ کو پتا ہے کہ کل رات مہندی تھی تو مہمان رات 2 بجے آئے تھے۔ صبح تک پھر ”شغل“ چلتا رہا۔ جب دن چڑھا تو مہندی کا فنکشن ختم ہوا۔ میں نے پوچھا اس شامیانے میں صرف ون ڈش کا اہتمام ہے یا مزید بھی تکلف کیا ہے۔ ادھر تو صرف ون ڈش ہے کیونکہ پبلک کی جگہ ہے۔ لیکن کھانا اپنے رشتہ داروں کو گھر میں دینا ہے اور برات والوں کا ان کے گھر، گویا ہمارے تین قسم کے اخراجات ہوتے ہیں۔ میں نے کہا جب حکومت نے صرف ون ڈش کی اجازت دی ہے تو یہ حکم تو بیٹی والوں کیلئے رحمت ہے اور خاص طور پر ان لوگوں کیلئے جو ایسی بھاری دعوت کی توفیق نہیں رکھتے پھر کیوں آپ اتنے اخراجات کر رہے ہیں۔ وہ کہنے لگے یہ کرنا پڑتا ہے۔ اب ہم مجبور ہیں، اپنی عزت کو بچانے کے لئے کرتے ہیں۔ میں نے ایسے ہی پوچھ لیا کہ گھر میں مہمانوں کو کیا ڈشیں دی جائیں گی تو ذرا سینہ چوڑا کر کے کہنے لگے: کھانوں میں ہر قسم کے گوشت روسٹ، بریانی ذائقوں سے لبریز اور رنگوں والے حلوے، قلفے اور اعلیٰ لذیذ شکل و صورت کے کباب، سلاد اور کئی اقسام کے نان، پھل، سبز چائے وغیرہ دی جائے ہے۔ میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کہا ایسے واہ واہ ہوتی ہے۔ چونکہ بارات کافی لیٹ تھی انتظامات ہو چکے تھے اور دلہن کے والد صاحب بالکل فارغ میرے ساتھ کرسی پر بیٹھ گئے۔ میں نے مزید پوچھا: آپ کے ہاں شادی پر سوٹ کتنے تیار ہوتے ہیں کہنے لگے: شادی میں رشتہ داروں کے بچوں بچیوں کے لئے کم از کم آٹھ آٹھ جوڑے کپڑوں کے تیار ہوتے ہیں۔ جب کسی دعوت میں شرکت کرنا ہوتی ہے تو لباس میں خاص تبدیلی، چمک، دمک، سرخی رنگ، سٹائل اور جدا جدا فیشن کے کپڑے ہوتے ہیں۔ میں نے دریافت کیا آٹھ جوڑے کس طرح؟ انہوں نے کہا مہندی سے قبل دو تین روز رشتہ دار لڑکیوں کو ڈھولکی کے لئے مدعو کیا جاتا ہے۔ ہر رات لباس، جوتے، میک اپ جدا اور منفرد، مہندی والے روز لڑکے کی طرف جانا‘ پھر نیا لباس، لڑکی کے گھر یا کسی شادی گھر میں مہندی، لڑکیاں مخصوص لباس رنگ خاص، لڑکوں کے گلے میں دوپٹے، ڈھولکی کی آواز یا میوزک کی دھنیں پھر برات، ولیمہ اور پوسٹ ولیمہ۔ ان پر اخراجات، رات کو جاگنا انتظامات۔ صاحب یہ سب کچھ عزت کے لئے کیا جاتا ہے۔ الحمدللہ! اب تک بیٹی کی شادی پر لاکھوں لگا چکا ہوں‘ قرض بھی چڑھ چکا ہے مگر شکر ہے ناک بچ گئی! ہر طرف واہ واہ ہو رہی ہے۔ میں یہ سن کر یہ کہہ کر گھر چلا آیا کہ جب بارات آئے گی تو حاضر ہو جاؤں گا۔ خدا حافظ۔ قارئین! اسی طرح میں ایک ولیمہ پر مدعو تھا۔ بڑے پڑھے لکھے، فارن کوالیفائیڈ، عہدے والے لوگ، اسی طرح لڑکی والے سوسائٹی میں اونچا مقام رکھتے ہیں۔ دعوت ولیمہ کا وقت ساڑھے آٹھ بجے رات کا تھا لوگ آہستہ آہستہ آنے لگے۔ دلہن بن ٹھن کر آدھی بازوؤں والی قمیص، لہنگا پہنے آگئیں۔ ان کے والدین رشتہ دار آگئے۔ دعوت ساڑھے گیارہ بجے شروع ہوئی۔ پھر اس کے بعد تمام حاضرین ناظرین کے سامنے بےہودہ سٹائل سے فوٹو شوٹ اور نجانے کیا کیا بے حیائی کے ہنگامے ہوئے میں نے کانوں کو ہاتھ لگائے اور کھانا کھائے بغیر ہی واپس چلا آیا۔ ایسی شادیوں میں سنت رسول ﷺ کا کھل کر مذاق اڑایا جاتا ہے‘ ایسی شادیوں میں سب کچھ (باقی صفحہ نمبر 53 پر)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو‘ معدہ کا کینسر ہو‘ تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# غیر کی محبت سے چھٹکارا پانے کا آخری حل

**اگر کوئی اسم یَاآخِرُ کو قرآن پاک کی اس آیت کی صورت میں پڑھے اور دو سال روزانہ ۲۱۰ مرتبہ بعد نماز فجر یا شام پڑھے۔ ان شاء اللہ اس پر اسرار و رموز کھل جائیں گے**

یَاآخِرُ (اے آخر والے!) اللہ کی ذات ہی آخر ہے جو تمام موجودات کے فنا ہونے کے بعد آخر میں باقی رہے گی۔ اسے کبھی فنا نہیں۔ اس کے علاوہ ہر چیز ختم ہوجانے والی ہے اور اس کی آخرت کی کوئی انتہا نہیں۔ یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۸۰ ہیں۔ اس نام کو پڑھنے والا نیک اور عابد بن جاتا ہے۔ اس کے دل میں ہمیشہ یہی بات تقویت پاتی ہے کہ جتنی بھی عمر ہو اس میں اللہ کی عبادت کی جائے۔ کسی دم بھی یادالٰہی سے غافل نہ رہا جائے اسے پڑھنے کے چند اعمال مندرجہ ذیل ہیں:

**مادی محبت کا خاتمہ:** یادالٰہی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ مال و دولت اولاد اور دنیاوی اشیاء ہیں۔ جب تک ان کی محبت دل سے نکال نہ جائے اس وقت اللہ کی محبت حاصل نہیں ہوتی۔ اس لیے غیر اللہ کی محبت کو ختم کرکے اپنے دل کو اللہ کی محبت کا مرکز بنانے کے لیے اسم یَاآخِرُ کا ورد بہت موثر ہے۔ لہٰذا جو شخص اسے روزانہ کم از کم گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اس کا دل حب الٰہی سے معمور ہوتا چلا جائے گا۔

**خاتمہ بالخیر:** ہر مسلمان کے لیے امر بڑا لازمی ہے کہ اس کا خاتمہ بالایمان ہو۔ اس لیے جو شخص اسم یَاآخِرُ روزانہ 33 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

**سفر میں سلامتی کا عمل:** اسم یَاآخِرُ سفر سے بخیریت واپس آنے کے لیے بہت مجرب ہے اس لیے سفر پر جانے سے پہلے اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ اسے ایک تسبیح پڑھیں اور اپنے گھر بار کو اللہ کے سپرد کریں ان شاء اللہ سفر میں خیریت سے رہیں گے اور واپسی پر اپنے اہل خانہ کو صحیح سلامت پائیں گے۔

**حصول عزت:** اگر کوئی شخص غیر لوگوں میں جائے اور وہاں اپنی عزت کو بحال رکھنے کے لیے اسم یَاآخِرُ کو ۱۲ بار پڑھ لے ان شاء اللہ اس کی عزت بحال رہے گی اور ہر شخص باعزت انداز میں پیش آئے گا۔ ایک عامل کا قول ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھنے سے انسانی عزت برقرار رہتی ہے۔

**دشمن پر غلبے کا عمل:** اسم یَاآخِرُ کو کثرت سے پڑھنے سے دشمن پر غلبہ حاصل ہوتا اگر کوئی دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرکے دشمن پر فتح یاب کرے گا اور عشاء کی نماز کے بعد 21 دن تک روزانہ 6 تسبیح پڑھ کر ظالم کے ظلم سے بچنے کی دعا کی جائے تو ان شاء اللہ ظالم مغلوب ہوکر ظلم سے باز آجائے گا۔

**حصول روحانیت:** اگر کوئی اسم یَاآخِرُ کو قرآن پاک کی اس آیت کی صورت میں پڑھے اور دو سال روزانہ ۲۱۰ مرتبہ بعد نماز فجر یا شام پڑھے۔ ان شاء اللہ اس پر اسرار و رموز کھل جائیں گے اور اسے روحانیت حاصل ہوگی اور اللہ کا قرب حاصل ہوگا۔ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظّٰهِرُ وَالْبَاطِنُ

**علاج یرقان:** اسم یَاآخِرُ یرقان کے علاج کے لیے بھی بہت مفید ہے لہٰذا جب کسی کو یرقان ہوجائے تو اسم یَاآخِرُ و ۴۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کرکے پلائیں اور سات روز تک یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ یرقان سے شفایابی کا کوئی ذریعہ بن جائے اور جو طبی علاج بھی کریں گے۔ اس میں اللہ تاثیر پیدا کردے گا۔

# ذکر نماز قرآن درود ہی روح کی غذائیں

یٰسین رحمانی، حافظ آباد

حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ ایک روز کوفے کے قریب کسی مقام سے گزر رہے تھے۔ ایک گھر کے پاس "زاذان" نامی مشہور گویا یعنی گلوکار نہایت ہی سریلی آواز میں گا رہا تھا اور کچھ اوباش لوگ شراب کے نشے میں مست گانے بجانے کی دھنوں پر جھوم رہے تھے یہ منظر دیکھ کر حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا "کتنی پیاری آواز ہے اگر یہ آواز قرأت قرآن کریم کیلئے استعمال ہوتی تو کچھ اور بات ہوتی" یہ فرما کر آپ چلے گئے بعد میں زاذان نے لوگوں سے پوچھا وہ کون تھے؟ اور کیا کہہ گئے ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ وہ مشہور صحابی عبداللہ بن مسعودؓ تھے اور یوں فرما گئے ہیں۔ یہ سن کر اس پر رقت طاری ہوگئی اور اپنا باجا زمین پر دے مارا پھر روتا ہوا حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی خدمت میں حاضر ہوا گانے بجانے سے توبہ کرکے آپؓ کی صحبت اختیار کی اور قرآن پاک کی تعلیم حاصل کی اور ایک وقت ایسا آیا کہ جس کی زبان پر گندے گانے تھے اب اسکی زبان پر قرآنی ترانے تھے۔ گانے بجانے کی مذمت میں چار روایات پیش ہیں۔ دو آوازوں پر دنیا و آخرت میں لعنت ہے، (۱) نعمت کے وقت باجا (۲) مصیبت کے وقت چلانا۔

علامہ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں: گانے بجانے سے اپنے آپ کو بچاؤ کیونکہ یہ شہوت کو ابھارتے اور غیرت کو برباد کرتے ہیں اور یہ شراب کے قائم مقام ہیں اس میں نشے کی سی تاثیر ہے۔ جو گانے والی کے پاس بیٹھ کر کان لگا کر دھیان سے سنے تو اللہ پاک بروز قیامت اسکے کانوں میں سیسہ انڈیلے گا۔ گانا دل میں اس طرح منافقت اگاتا ہے جس طرح پانی سبزہ اگاتا ہے جبکہ قرآن اور ذکر الٰہی دل میں اس طرح پانی لگاتے ہیں جس طرح پانی سبز گھاس اگاتا ہے۔

کشف المحجوب میں ایک روایت کا خلاصہ حاضر خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کو بے حد سریلی آواز عطا فرمائی تھی آپ کی خوش الحانی سے پہاڑ وجد میں آجاتے، اڑتے پرندے گر جاتے، چرندے اور درندے آواز سن کر جنگلوں سے نکل آتے، درخت جھومنے لگتے آپکی پرسوز آواز سن کر لوگوں کے دلوں میں انقلاب برپا ہوجاتا۔ گناہ پر مائل لوگ نیکی کی طرف متوجہ ہوتے تھے شیطان آپؑ کے نیکی کی دعوت کے اس انداز سے بہت پریشان تھا آخر کار اس نے بانسری اور طنبورہ بنایا اور خوب گانا بجایا۔ اب لوگ دو گروہوں میں تقسیم ہوگئے جو سعادت مند تھے وہ حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کی پرسوز آواز کے شیدائی ہوئے اور جو گمراہ تھے وہ شیطان کے سازوں اور گانوں کی طرف متوجہ ہوگئے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گانا شیطان ہی کی ایجاد ہے۔ اسکی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے کہ پیارے آقا سرکار نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''شیطان نے سب سے پہلے نوحہ کیا اور گانا گایا''۔ درج بالا مختلف روایات و حکایات سے ظاہر ہوا کہ گانے باجے اور موسیقی ہرگز روح کی غذا نہیں بلکہ اس سے الٹا روحانیت تباہ ہوتی ہے۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

**ناک شفاء** دائمی نزلہ، الرجی، چھینکیں، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے

الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

قیمت -/100 روپے

Digitized by Google

قسط نمبر 27

# بیمار بھینس کو ایک کلو لال مرچ کھلاؤ کمال دیکھو!

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

**محترم کسان بھائیو السلام علیکم!** میرا تعلق ایک زمیندار گھرانے سے ہے' الحمدللہ! ہمارے پاس وسیع زمین اور جانور ہیں اور یہ نسل در نسل اللہ کے کرم سے بڑھ رہے ہیں۔ ہمارے خاندان میں پودے یا جانور کو کچھ بھی بیماری یا نقصان ہوتا تو اس کا ازالہ گھریلو ٹوٹکوں سے گھر میں ہی کرلیا جاتا ہے۔ کبھی کسی ڈاکٹر کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ ماہنامہ عبقری میں ''کسان دوست عبقری'' کالم میں بہت ہی شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس میں بڑے کام کی باتیں ہوتی ہیں۔ میرے پاس بھی کچھ خاندانی راز ہیں جو میں اپنے کسان بھائیوں کے نام کررہا ہوں۔ یقیناً یہ تحریر کسان بھائیوں کے بہت کام آئے گی۔

**بھینسوں کو بادی سے نجات:** یہ بات اکثر کسان بھائی جانتے ہوں گے کہ اگر بھینسوں کو بادی ہوجائے تو ان کے تھنوں میں سے خون آنا شروع ہوجاتا ہے۔ بندہ جب بھینس کا دودھ نکالتا ہے تو دودھ کی جگہ خون آتا ہے تو جیسے ہی خون آنا شروع ہو یا تھنوں میں سے پیپ آنا شروع ہو جائے تو سرخ مرچ جو خشک ہوتی ہے وہ ایک کلو لیں' اسکے چار حصے کرلیں' روزانہ مرچ کو اتنا پیسیں کہ وہ ڈنڈے کے پیچھے دوڑنا شروع ہو جائے۔ یعنی بالکل پاؤڈر بن جائے' تھوڑا سا پانی کا اوپر چھڑکاؤ کرتے رہیں اور مرہم سی بن جائے یہ چار حصے جو آپ نے کیے ہیں اس میں سے روزانہ ایک حصہ بھینس کو چار دن تک دیں۔ تھنوں کے جو تھن ہیں وہ بالکل کھل جائیں گے۔ اس میں سے دوبارہ دودھ آنا شروع ہو جائے گا۔ **طریقہ:** کسی اخبار میں سارے مواد کو لپیٹ کے اس کے منہ میں ڈال دیں۔ یعنی ایک پاؤ مرچ کی مرہم جو آپ نے تیار کی ہے اس کو ایک اخبار میں لپیٹ کر اس کے منہ میں ڈال دیں۔ اگر بھینس کو مرچ کی جلن ہو تو اس میں ذرا مکھن ڈال دیں تو اسے تکلیف نہیں ہوتی یعنی اس کے معدے میں جلن زیادہ نہیں ہوتی۔

**جانوروں کو نظر بد لگ جائے:** الحمدللہ! ہمارے پاس ایک سے بڑھ کر ایک اعلیٰ نسل کی گائے' بھینس اور بکری ہے۔ اکثر جانوروں کو نظر بد لگ جاتی تھی' جس کی وجہ سے ہمیں بہت پریشانی ہوتی اور بعض اوقات تو جانور بغیر کسی بیماری کے کھڑا کھڑا گرا اور مرگیا۔ ہمیں کسی نے بتایا کہ آپ کے جانور کو نظر بد کھا رہی ہے یا اکثر لولے لنگڑے ہوجاتے یا دودھ دینا بند کردیتا۔ اس کیلئے ہمیں کسی نے ایک ٹوٹکہ بتایا۔ ٹوٹکہ سن کر پہلے میں بھی حیران ہوا تھا مگر جب آزمایا تو سوفیصد درست پایا۔ ایسے جانور جو نظر بد کی وجہ سے دودھ نہیں دیتے یا بیمار رہتے ہیں ان کے پاؤں کے نیچے چولہے یا تندور کی راکھ ڈال دیں وہ ٹھیک ہوجاتے ہیں اور نظر بد ختم ہوجاتی ہے۔ اگر نظر بد کی وجہ سے لولے لنگڑے ہوئے ہیں تو وہ بھی خود بخود ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

جانور شفا: ... تجربات کے بعد عبقری کی ... (قیمت 130 روپے ... خرچ)

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ' اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

قسط نمبر 27

حکیم ضیاء الرحمٰن ملتان

# ٹیوننگ

آج کے اپنے کالم میں ذاتی یادداشتوں کے حوالے سے میں کہنا چاہوں گا کہ ہم اور ہمارا جسم مٹی سے بنا ہے اس کی تمام ضروریات مٹی سے پوری کی گئی ہیں۔ روح آسمان سے نازل ہوئی ہے' یہ امر ربی ہے اور دل اس کا مقام ہے۔ روح کی غذا قرآن پاک ہے تو میں جب اپنا جائزہ لیتا ہوں تو محسوس یہ ہوتا ہے کہ ہم مٹی کے اس جسم کیلئے آسائش کا سارا سامان تو کرتے ہی ہیں لیکن اس روح کو ہم بھول جاتے ہیں۔ حکیم صاحب جناب حکیم فیروزالدین اجملی (مرحوم) موٹرسائیکلوں کی سروس والی ورکشاپس میں جاتے اور وہاں پر کسٹمرز سے پوچھتے کہ کیا آپ کا موٹرسائیکل خراب ہے تو اکثر کا جواب ہوتا جی نہیں ہم صرف ٹیوننگ کیلئے آئے ہیں۔ حکیم صاحب پھر پوچھتے اس میں کوئی خرابی تھی کہتے کہ نہیں بلکہ ہم اس لیے اسے یہاں لائے ہیں کہ اس کا پلگ صاف ہوجائے اس کا مکمل چیک اپ ہوجائے اور یہ رواں دواں رہے تاکہ پٹرول زیادہ نہ کھائے وغیرہ وغیرہ تو حکیم صاحب ان سے کہتے کہ اس ساٹھ ستر ہزار کے موٹرسائیکل کی سنبھال کیلئے آپ یہاں خود موجود ہیں' آپ نے پیسے خرچ کیے ہیں' وقت خرچ کیا ہے۔ آپ کی یہ تین چیزیں مل کر آپ کے موٹرسائیکل کے انجن کی عمر کو بڑھا رہی ہیں اور اس کی کارکردگی کو قائم رکھنے اور بہتر بنانے میں معاون ہو رہی ہیں۔ یہ تو ہوا موٹرسائیکل کی سنبھال کا معاملہ۔ اب اس میں پٹرول خالص ہو یا مٹی کا تیل ملا ہوا تو آدمی کہے گا نہیں جی پٹرول تو خالص ہی ہونا چاہیے۔

حکیم صاحب کہتے ہیں کہ ظاہر ہے کہ پھر صحیح پٹرول کے لیے تو صحیح پٹرول پمپ تک جانا ہوگا۔ وہ کہتا کہ ہاں جی ظاہر ہے۔ تو حکیم صاحب کہتے ہیں کہ اس کو اتنا باریکی کے ساتھ جاننے کے باوجود جبکہ آپ سکول کالج کے پڑھے ہوئے نہیں ہیں' دیہاتی آدمی ہیں یا آپ پڑھے لکھے آدمی ہیں تب بھی اس کی اتنی باریکیوں سے آپ آگاہ ہیں۔ کیا اپنے جسم اور روح کا حال چال بھی لیتے رہتے ہیں۔ کسی کھیل کے میدان میں جاتے ہیں' اپنے قریبی کسی ہیلتھ کلب میں' پلے گراؤنڈ میں' کسی جمخانہ میں' کہیں سیر وتفریح کیلئے بھی کچھ مال جان خرچ کرتے ہو تو وہ کہتے کہ نہیں تو حکیم صاحب ان کی توند پکڑ کر ان کی موٹی کمر پر ہاتھ رکھ کر کہتے ''حدیث مبارکہ کا مفہوم یوں ہے کہ ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم جس کا پیٹ بڑھا ہوا دیکھتے تو اس کو تھام کر فرماتے کہ یہ وہ ہے جو تو نے ضرورت سے زائد کھالیا اور جمع کرلیا''۔ پھر حکیم صاحب فرماتے: آپ کے جسم کو زندہ رکھنے والی چیز روح ہے اور روح کے بارے میں قرآن مجید میں ہے کہ یہ امر ربی ہے' اللہ کا محل ہے' مقام ہے تو اس کیلئے جس صحبت میں اٹھنے بیٹھنے کو کہا گیا وہ علماء' صادقین کی محفل ہے یعنی اس کا مقصد یہ ہے کہ ایسے لوگ جو معاملات کے صاف ہوں ان میں اٹھو بیٹھو تاکہ صاف ستھری اور مخلصانہ بات کہنے سننے کا (باقی صفحہ نمبر 53 پر)

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص' خارش' چنبل' ایگزیما' کوڑھ' جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

500

Digitized by Google

پرانا راز

آخری قسط

# بیماریوں سے بچنے کے لیے ایک پہلوانی راز

**میں نے پوچھا کہ آپ کو یہ ٹوٹکہ کہاں سے ملا؟ کہنے لگے: دراصل ایک پرانی کتاب میرے ہاتھ آئی‘ اس میں لکھا تھا کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے ایک پہلوانی راز میں حیران ہوا‘ اس میں لکھا تھا اگر آپ بیماریوں سے بچنا چاہتے ہیں تو پورے یقین اور اعتماد سے آپ دہی اور پودینہ استعمال کریں**

پودینہ ہمیشہ ایسی جگہ ہوتا ہے جہاں بہترین پانی‘ صحت افزا مقام اور اچھا ماحول ہو۔ بہت سے لوگ پودینہ صرف اس لیے بھی لگاتے ہیں کہ وہاں سے مچھر دور ہو جاتے ہیں‘ ہماری طب کی پرانی کتابوں میں یہ بات واضح لکھی ہے اور کئی تجربہ کار لوگوں سے میں نے یہ بات سنی بھی ہے اور پوچھی بھی ہے کہ جہاں پودینہ ہوتا ہے وہی سانپ کے زہر کا تریاق ہے اور وہاں سانپ نہیں آتے اور سانپ سے بچنے کے لیے پودینہ کا استعمال اور پودینہ کو اگانا۔ آج سے پانچ ہزار سال پرانی تاریخ اٹھائیں تو ہمیں ایک چیز بہت یقینی ملتی ہے کہ پودینہ سے بڑھ کر کوئی اینٹی بائیوٹک نہیں‘ اس سے بڑا اینٹی بائیوٹک دنیا میں نہیں ہے۔ پودینہ کا استعمال کرنے والا موسمی بخارات اور موسمی دردوں سے بچا رہتا ہے اور جو شخص پودینہ استعمال کرتا ہے وہ ہمیشہ ایسی لاعلاج بیماریوں سے بچے رہتے ہیں جن کا دنیا میں علاج نہیں ہے۔

آج کل کینسر کا بڑھتا ہوا روگ اور کینسر کی بڑھتی ہوئی تکالیف پودینہ اور دہی کو پھر سے یاد کرا دیا اور پودینہ نے پھر سے صحت کی طرف بڑھنے کے نئے قدم اٹھوا دیے ہیں۔ میرا تو مشورہ یہی تھا کہ اپنی نسلوں کو دہی اور پودینہ کا استعمال لازم کرائیں اور ہمیشہ دن میں ایک وقت کھانے کے بغیر یا کھانے کے ساتھ ان کو پودینہ اور دہی کا استعمال بہت زیادہ کرائیں۔ لاعلاج بیماریوں سے بچے رہیں گے‘ موسمی روگوں اور تکالیف سے محفوظ رہیں گے حتیٰ کہ وبائی امراض سے بھی ان کی حفاظت رہے گی۔ پہلے دور میں بچوں کو یہ چیز ضروری استعمال کروائی جاتی تھی اور اس چیز کا فائدہ بھی ہوتا تھا اور حقیقتاً فائدہ ملا ہے‘ میرے پاس ایک شخص آیا کہنے لگا کہ میں نے کبھی بھی ڈاکٹری ادویات استعمال نہیں کیں‘ میں نے پوچھا کیوں؟ کیا آپ دیسی ادویات استعمال کرتے ہیں؟ کہنے لگا نہیں! میں کوئی دوائی استعمال نہیں کرتا۔ کوئی مجبوری ہو تو بھی میں ہمیشہ ٹوٹکوں سے فائدہ حاصل کرتا ہوں اور ٹوٹکوں سے ہی مجھے نفع ملتا ہے۔ میں نے پوچھا کوئی ٹوٹکہ مجھے بھی بتا دیں۔ کہنے لگے کہ بہترین ٹوٹکہ دہی اور پودینہ ہے۔ جو شخص اس سے دوستی کرے وہ یقینی اور دائمی فائدہ پاتا ہے۔ اور جو دوستی نہ کرے وہ طرح طرح کی بیماریوں‘ مصائب‘ تکالیف اور روزانہ نئے سے نئے علاج تلاش کرتا رہتا ہے۔

میں نے پوچھا کہ آپ کو یہ ٹوٹکہ کہاں سے ملا؟ کہنے لگے: دراصل ایک پرانی کتاب میرے ہاتھ آئی‘ اس میں لکھا تھا کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے ایک پہلوانی راز میں حیران ہوا‘ اس میں لکھا تھا اگر آپ بیماریوں سے بچنا چاہتے ہیں تو پورے یقین اور اعتماد سے آپ دہی اور پودینہ استعمال کریں اور دہی اور پودینہ کے استعمال سے آپ ہمیشہ کے لیے انوکھی پریشان کن جنسی اور ضدی بیماریوں سے بچ جائیں گے۔ بس یہ بات میرے دل کو لگی اور اس دن سے میں نے مسلسل دہی اور پودینہ استعمال کرنا شروع کر دیا۔ پہلے تو گھر والوں اور بالخصوص بچوں نے منہ بنایا لیکن بچوں اور گھر والوں کو میں نے اس کا عادی بنایا اس کے فوائد بتائے اور پیار محبت سے اس پرانے پہلوانی ٹانک کی طرف متوجہ کیا۔

بس پھر میرے گھر سے دوائیں ختم ہونا شروع ہوئیں اور صحت و تندرستی بڑھنا شروع ہوئی اور اب عالم یہ ہے کہ میرے بچے دوائیں استعمال نہیں کرتے بلکہ صحت مند رہتے ہیں اور وبائی موسمی بیماریوں سے بہت بہترین انداز سے بچے رہتے ہیں۔ قارئین! کیا خیال ہے دہی اور پودینہ ہم کیوں چھوڑ بیٹھے؟ اکیلا دہی اور پودینہ آپ چاہیں اس میں کالی مرچ سفید زیرہ ملا سکتے ہیں‘ ہلکا نمک ملا سکتے ہیں لیکن دہی اور پودینہ کا استعمال صحت کے رازوں میں سے ایک راز ہے‘ اور تندرستی کے کمالات میں سے ایک کمال ہے۔ معدے کی اصلاح‘ جگر کی اصلاح‘ پٹھوں اور اعصاب کی اصلاح اس سے بڑھ کر شاید اور کوئی چیز ہمیں نہ ملے اور کوئی چیز شاید ہمیں میسر نہ ہو۔ نہایت فائدہ مند چیز ہے اور نہایت صحت مند چیز ہے‘ اس سے دوستی کریں اپنی نسلوں کو اس کا عادی بنائیں اور جب نسلیں اس کی عادی بنیں گی تو بیماریوں سے چھٹکارا اور نسلوں کی معذوری سے چھٹکارا ملے گا۔ طبیعت‘ صحت‘ جسم میں تندرستی اور دماغ روشن‘ آنکھیں چمکدار‘ معدہ‘ جگر ٹھیک‘ پٹھے اعصاب‘ جبت زیادہ بہترین ہوں گے۔ آیئے اس سے دوستی کریں اور بیماریوں کو بھگائیں صحت مند زندگی اور درازی عمر کے راز پائیں۔ کیونکہ لمبی عمر کا راز دہی میں ہے‘ سائنس کی گزشتہ جتنی بھی تحقیقات ہیں کہ جن قوموں نے لمبی عمر پائی ان کے پیچھے دہی لازم تھی ایک صحرائی بوڑھے نے مجھے ایک راز بتایا ان کا نام ”قاضی اللہ رکھا“ تھا۔ مجھ سے کہنے لگے: مجھے دو چیزوں سے ”ویر“ (یعنی دشمنی) ہے۔ ایک گھی شکر سے اور ایک دہی سے۔ میں نے سوال کیا: میں سمجھا نہیں۔ کہنے لگے: دراصل میں ان چیزوں سے دشمنی کروں گا تو انہیں کھاؤں گا اگر ان سے دوستی کروں گا تو انہیں کھا کیسے سکتا ہوں‘ میں اس وقت نوے سال کے قریب ہوں‘ 1947ء سے پہلے اور اس کے بعد تک بھی جب انڈیا پاکستان کے بارڈر کی تاریں نہیں لگیں تھیں اونٹ پر بیٹھتا تھا اور رات کو اونٹ پر ہی سو جاتا تھا‘ اونٹ خود بخود جیسلمیر جاتا اسے راہوں کی خبر تھی‘ میں صبح صرف گھی شکر اور اوپر سے دہی پی لیتا تھا اور پھر شام تک مجھے کچھ پتہ ہی نہیں چلتا تھا۔ اونٹ تو ویسے بھی آٹھ دن نہ کھائے تو اس کا گزارا ہو جاتا ہے لوگ میری صحت و تندرستی کو دیکھتے ہیں میں اونٹ کو نیچے بیٹھا کر اب بھی نہیں چڑھتا۔ کھڑے اونٹ پر چڑھتا ہوں‘ اس کی وجہ دہی ہے اور یہی غذائیں ہیں۔ قارئین! دہی اور پودینہ وہ صحت کا راز ہے جو سستا بھی ہے اور صحت مند بھی ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس کے کوئی ایسے سائیڈ ایفکیٹ نہیں ہیں جسے انسان استعمال کر کے پریشان ہو بلکہ استعمال نہ کرنے والا تو پچھتائے گا استعمال کرنے والا کبھی نہیں پچھتائے گا۔

## کمی دودھ کی شکار خواتین کیلئے خاص چیز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کسی وجہ سے ماں کے دودھ میں کمی ہو جائے تو دودھ بڑھانے کیلئے روزانہ سورۂ قدر 11 بار یا سورۂ الواقعہ 7 بار یا دونوں پڑھ کر پانی پر دم کر کے سارے دن میں پی لیں۔ چند دن روزانہ کریں۔ میں نے فائدہ اٹھایا ہے۔ سب کیلئے ہدیہ ہے۔ (ثروت صابر‘ کراچی)

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری‘ ملازم پیشہ مردوں‘ عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

Digitized by Google

## پریشان اور بدحال گھرانوں کے

▪ مجھے دلی صدمہ ہے! ▪ انوکھا عشق اور انداز ے
▪ لڑکیاں نشہ کرتی ہیں! ▪ گھر کے سامنے کھڑا رہتا ہوں
▪ فضول قسم کے طلبہ ▪ تم سے عمر میں بڑی ہے!

**مجھے دلی صدمہ ہے:** میں نے گھر میں سب کی ہر بات مانی، جو کام کہا وہ کیا۔ انٹر میں اچھے نمبروں سے پاس ہوا اور اب میں کہہ رہا ہوں کہ مجھے ایک لڑکی اچھی لگتی ہے، اس کے گھر چلے جائیں تو سب سے پہلے امی ہی مخالفت کر رہی ہیں۔ مجھے دلی صدمہ ہے کہ میں نے کتنی امید رکھی کہ جب اپنی کوئی بات منواؤں گا یہ لوگ مان لیں گے اور انہوں نے موقع پر انکار دیا حالانکہ لڑکی نے بی اے کیا ہے۔ اسکول میں پڑھاتی ہے۔ یہ لوگ کہتے ہیں تم سے عمر میں بڑی ہے۔ (رانا الیاس‘ ساہیوال)

**جواب:** آپ عمر کے جذباتی دور سے گزر رہے ہیں۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ ابھی آپ کے گھر والوں کا رشتے کے لئے کسی لڑکی کے گھر جانا مناسب نہیں اور خاص طور پر ایسی لڑکی کے ہاں جانا جو شادی کے لئے زیادہ انتظار نہ کرسکتی ہو۔ جس طرح آپ کو گھر والوں سے امید تھی، اسی طرح ان کو آپ سے بہت سی امیدیں ہوں گی۔ بہتر یہی ہے کہ نا تو خود مایوس ہوں اور نہ ہی گھر والوں کی مایوسی اور ناامیدی کا سبب بنیں۔

**لڑکیاں نشہ کرتی ہیں:** میرے گھر کا ماحول بہت پابندیوں والا ہے اور کہیں داخلہ ملا نہیں، اس لئے مجبوراً ایک نجی یونیورسٹی میں پڑھنا پڑا۔ یہاں لڑکیاں اور لڑکے ساتھ ہیں۔ مجھے حیرت ہوئی کہ لڑکوں کے علاوہ لڑکیاں بھی نشہ کر رہی ہیں اور سگریٹ پینا تو کوئی بات ہی نہیں۔ مجھے لڑکے مذاق میں بچہ کہتے ہیں۔ خاص طور پر لڑکیوں کے سامنے جھینپ جاتا ہوں، یہ لوگ خود کو کیا سمجھتے ہیں۔ میں بھی ایسا سب کچھ کرسکتا ہوں۔ ساتھ میں یہ احساس ہوتا ہے کہ میرے والدین نے بہت مشکل سے یہاں داخلہ کروایا ہے اور اس ماحول کا تو ان کو علم بھی نہیں۔ (**کاشف حفیظ‘ بہاولپور**)

**جواب:** اگر آپ اپنے گھر کے ماحول اور تربیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ثابت قدمی کے ساتھ تعلیم حاصل کرتے رہے اور فضول قسم کے طلبہ کے ساتھ نہ رہے تو ماحول کچھ نقصان نہ پہنچا سکے گا بلکہ ہوسکتا ہے کہ آپ کی مثال دی جانے لگے کہ ایسے لڑکے بھی اس یونیورسٹی میں پڑھتے ہیں جو کسی غیر اخلاقی برائی میں نہیں اور نشے سے بھی دور ہیں۔

**انوکھا عشق اور انداز ے:** گزشتہ ایک سال میں میرے کاروبار میں بہت ترقی ہوئی مگر اب ایک ماہ سے اپنے اسٹور پر دل نہیں لگ رہا۔ یہاں ایک لڑکی، شاید وہ سکول یا کالج میں پڑھتی ہے، روزانہ آتی تھی۔ اس نے نقاب لگایا ہوا ہوتا تھا لیکن مجھے اندازہ تھا کہ وہ بہت خوبصورت ہے۔ کچھ عرصے سے اس نے آنا چھوڑ دیا لیکن ایک روز اچانک میری نظر پڑی تو وہ سامنے والی دکان سے کچھ خریداری کر رہی تھی۔ میں سارے کام چھوڑ کر ادھر متوجہ ہوا تو لگا کہ وہ کوئی اور ہے۔ مجھے اردگرد کا خوف بھی رہتا ہے کیونکہ میں یہاں بہت نیک نام ہوں۔ (قاسم رشید‘ سیالکوٹ)

**جواب:** نیک نامی کو برقرار رکھنے کے لئے اپنے احساسات، جذبات اور خواہشات پر قابو رکھنا ضروری ہے۔ ایسی بہت سی خواتین ہیں جو چہرے پر نقاب لگا کر رکھتی ہیں۔ کس کس کے لئے اندازے لگائیں گے۔ کاروبار میں مزید ترقی کے لئے اپنی بھرپور توجہ کاروبار پر رکھیں۔

**اہم احتیاطی تدابیر:** میں کسی تکلیف کے بارے میں سن لوں یا کوئی حادثہ دیکھنے میں آجائے تو بہت دیر تک ذہن پر سوار رہتا ہے۔ اب جب بھی بچے یا بڑے کہیں جاتے ہیں تو مجھے حادثے کا خیال آتا رہتا ہے۔ بیٹی کچن میں کام کر رہی ہوتی ہے تو آگ لگنے کا خوف آتا ہے۔ بیٹا یونیورسٹی جاتا ہے تو گاڑی ٹکرانے کا خیال آتا ہے۔ کبھی مجھے سڑک کراس کرنی ہوتی ہے تو اپنے کچلے جانے کا ڈر ہو جاتا ہے۔ اب تو یوں لگتا ہے کہ زندہ رہنا ہے تو ڈرتے رہنا ہوگا اور یوں ایک دن ڈر ڈر کر ختم ہو جاؤں گی۔ (صفیہ‘ لاہور)

**جواب:** آپ مایوسی اور خوف دونوں کیفیات کا شکار ہیں۔ اگر غور کیا جائے تو اور بہت سے لوگ بھی ایسے حادثات کی دنیا میں رہتے ہیں لیکن سب تو آپ کی طرح پریشان یا ڈرے نہیں رہتے۔ کبھی کبھار حادثے کے بارے میں سن کر پڑھ کر یا دیکھ کر انسان کا خوفزدہ ہو جانا نارمل ہے لیکن ہر وقت پرسکون حالات میں بھی خود کو حادثات میں گھرا محسوس کرنا مریضانہ کیفیت ہے۔ حادثات سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر کرنا لازمی ہیں مثلاً کچن میں گرم پانی یا گرم تیل کا برتن احتیاط سے اٹھائیں۔ اپنے کپڑوں کا خیال رکھیں کہ وہ آگ سے دور رہیں۔ گاڑی چلاتے ہوئے ٹریفک کے قوانین کی پابندی کریں۔ دوسروں کی غلطیوں سے بھی محتاط رہیں۔ سڑک سے گزرتے ہوئے بھی ٹریفک کم ہونے کا انتظار کیا جائے۔ زندہ رہنا ہے تو خوش رہیں کیونکہ خوشیوں پر آپ کا بھی پورا حق ہے۔

**گھر کے سامنے کھڑا رہتا ہوں:** میں ایک جگہ ٹیوشن پڑھتا تھا۔ میرے ٹیچر کی بہن عمر میں مجھ سے کچھ بڑی لیکن دیکھنے میں مجھ سے چھوٹی نظر آتی تھیں۔ میں نے میٹرک کیا پھر انٹر میں بھی وہیں سے پڑھا۔ اچھے نمبروں سے پاس بھی ہوگیا۔ اب مجھے چھوڑنی پڑی لیکن پتہ نہیں کیوں میں اب بھی بے اختیار ہوکر ان کے گھر چلا جاتا ہوں۔ کئی بار انہوں نے اور ان کی والدہ نے مجھے عزت سے گھر میں بیٹھایا لیکن ان کی بہن سامنے نہیں آئیں اور اب کسی سے کہلوا دیتی ہیں کہ وہ مصروف ہیں۔ لہٰذا مجھے اب ان کے بارے میں نہیں سوچنا چاہیے مگر ہر شام میرے جانے کے وقت پر اور لڑکے لڑکیاں پڑھنے آرہے ہوتے ہیں تو مجھے غصہ آتا ہے۔ ان کے گھر نہیں جاتا تو اس سڑک پر کھڑا ہو جاتا ہوں جہاں سے ان کے شاگرد گزرتے ہیں۔ عجب کیفیت سے دوچار ہوں۔ ہر وقت کھویا کھویا رہتا ہوں۔ (عمران‘ **گجرات**)

**جواب:** آپ عقل مند ہوتے ہوئے بھی نادانی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ آپ کا اپنے ٹیچر سے اسی وقت تک تعلق تھا جب تک ان سے پڑھ رہے تھے۔ اب ان سے کون لڑکے یا لڑکیاں پڑھ رہے ہیں، انہیں دیکھنا اور فکر میں رہنا مناسب نہیں۔ انٹر کرلیا ہے تو یونیورسٹی میں داخلہ لینے کی کوشش کریں یا کوئی پیشہ ورانہ تربیت حاصل کرلیں۔ خود کو کسی لائق بنائیں یوں خود پریشان ہونے اور دوسروں کی زندگی میں مخل ہونے کی کوشش نہ کریں۔ جن لوگوں کو خود پر اختیار نہیں ہوتا وہ ذہنی طور پر صحت مند نہیں ہوتے۔

### اب نماز کھڑی ہو کر پڑھ سکتی ہوں!

قارئین! میری کمر میں درد رہتا ہے‘ نماز کھڑے ہو کر نہیں پڑھ سکتی تھی وضو کے بعد تین گھونٹ کو زندگی کا حصہ بنالیا۔ اللہ پاک نے مکمل شفاء دیدی‘ اب کھڑی ہو کر نماز پڑھتی ہوں۔ الحمدللہ۔ (فریال نصریاب‘ لاہور)

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
پولیو کے شکار‘ مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت 500 روپے

Digitized by Google

# 7 سود خوروں کے نام کینسر سے شفا کا سبب بن گئے

ناصر محمود، لاہور

ڈاکٹرز حیران ہیں کہ ٹانگ کا جتنا بھی گوشت خراب تھا وہ بالکل تازہ گوشت کی طرح ہوگیا ہے۔ ابھی صبح ہی ڈاکٹروں کی پوری ٹیم نے چیک کیا ہے اور ہمیں خوشخبری دی ہے کہ اب ٹانگ کاٹنے کی ضرورت نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پاکستان کے ایک بڑے شہر میں حکمت کرتا ہوں' الحمدللہ! صرف اللہ کے فضل و کرم سے کلینک پر رش سارا سال ختم نہیں ہوتا۔ ادویات کے ساتھ ساتھ لوگوں کو اللہ رب العزت کا نام بھی پڑھنے کیلئے بتاتا ہوں۔ ماہنامہ عبقری سے جڑنے کے بعد میں سے ملے وظائف پریشان مخلوق کو ضرور بتاتا ہوں اور سب کو فائدہ ہوتا ہے۔ میرے سینے میں بے شمار راز ہیں میں لوگوں کو سب کچھ بتانا چاہتا تھا مگر کوئی مؤثر پلیٹ فارم موجود نہ تھا' مگر جب سے ماہنامہ عبقری ملا ایک امید بندھی کہ اب میں بھی سینے میں کچھ لیکر اس دنیا سے نہ جاؤں گا۔ میرے سینے میں جو کچھ بھی ہے وہ مخلوق خدا کی امانت ہے اور ان شاء اللہ عبقری کے ذریعے میں یہ امانت مخلوق کو لوٹانے کی بھرپور کوشش کروں گا۔ فی الحال چند اہم واقعات عرض کرنا چاہتا ہوں گا۔

چند دن پہلے میرے پاس ایک کیس آیا جس میں ایک شخص کی ٹانگ کینسر کی وجہ سے خراب ہوگئی اور گوشت اور ہڈی گلی ہوگئی اور کینسر کی وجہ سے اندر گوشت کی حالت بھی خراب تھی وہ لوگ مریض کو نہیں بلکہ موبائل پر اس کی تصاویر لے کر آئے تھے' انہوں نے مجھے تصاویر دکھائیں۔ میں نے ان کو اپنے کلینک کی ادویات کے بجائے عبقری دواخانہ کی ''معجون شفایابی'' استعمال کروانے کا کہا اور اس کے ساتھ انہیں کم از کم سات سود خوروں کے نام ایک کاغذ پر لکھ کر اس شخص کی ٹانگ پر باندھنے کیلئے کہا۔ انہوں نے عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' استعمال کرائیں اور اس کے ساتھ سات سود خوروں کے نام لکھ کر ٹانگ پر باندھ دیئے۔ قارئین! شاید آپ یقین نہ کریں مگر یہ سو فیصد سچ ہے کہ صرف تین دن کے بعد وہ میرے پاس آئے اور انہوں نے آ کر بتایا کہ ڈاکٹرز حیران ہیں کہ ٹانگ کا جتنا بھی گوشت خراب تھا وہ بالکل تازہ گوشت کی طرح ہوگیا ہے۔ ابھی صبح ہی ڈاکٹروں کی پوری ٹیم نے تسلی سے چیک کیا ہے اور ہمیں خوشخبری دی ہے کہ اب ٹانگ کاٹنے کی ضرورت نہیں اور انہوں نے آنکھوں میں خوشی کے آنسو لاتے ہوئے مزید بتایا کہ ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ تین دن بعد مریض کو ہسپتال سے ڈسچارج کردیں گے۔ اس طرح کی ٹانگ جو آدھی ران سے کاٹنی تھی وہ کٹنے سے بچ گئی وہ لوگ بہت خوش ہیں میں نے ان کو معجون شفایابی مزید کچھ دن استعمال کرنے کو کہا ہے اور ان سے عرض کی ہے کہ علاج سے پہلے کی تصاویر اور علاج کے بعد والی تصاویر کے پرنٹ نکلوا کے لادیں جیسے ہی وہ تصاویر آئیں گی ماہنامہ عبقری کو ضرور بھیجوں گا۔

ایک اور مریض آیا۔ اس کا ہرنیا کا آپریشن ہوا ڈاکٹروں نے اس کا پیٹ اوپر سے نیچے کو کاٹا مگر ٹانکے لگنے کے بعد ٹانکوں کے اردگرد کی جلد سوج گئی اور اتنی زیادہ سوج گئی کہ ٹانکے جلد کے اندر چلے گئے دو ماہ سے ڈاکٹروں نے اینٹی بائیوٹک دیں مگر فرق نہ پڑا میں نے اس شخص کو سود خوروں کے نام لکھ کر پیٹ پر باندھنے کا مشورہ دیا۔ 9 دن بعد اس نے آ کر بتایا کہ جلد کی سوجن ٹھیک ہوگئی ہے اور آدھے سے زیادہ ٹانکے ڈاکٹروں نے نکال دیئے ہیں کچھ باقی رہ گئے ہیں میں نے کہا مزید آٹھ دن باندھے رکھو۔ ان شاء اللہ بالکل ٹھیک ہوجائے گا۔

سوالشافی: سو عدد بادام (کوئی ایک بھی کڑوا نہ ہو)۔ سو عدد کالی مرچ (ثابت دانے)۔ سو عدد سبز الائچی (چھلکے سمیت) سو عدد نیم کے پتے (دھو کر خشک کرلیں)۔ ایک پاؤ کالے چنے بھنے ہوئے (چھلکے سمیت)۔ ساری چیزیں پیس لیں اور دن میں کسی بھی وقت آدھا چھوٹا چمچ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شوگر مکمل کنٹرول رہے گی۔ یہ نسخہ میرا آزمودہ ہے میں نے بے شمار کو بتایا ان کی شوگر کی وجہ سے ہوئی کمزوری بھی دور ہوگئی اور شوگر بھی اب کنٹرول رہتی ہے۔ (محمد عثمان، کودھراں)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے مرتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد-/500 علاوہ ڈاک خرچ

## گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

### آپ مرتے دم تک پاگل نہ ہونگے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کیلئے 2 عدد وظیفے بھیج رہی ہوں' انشاء اللہ قارئین کو فائدہ ہوگا۔ ہر نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر اول آخر درود شریف گیارہ بار یَاقَوِیُّ پڑھنے سے مرتے دم تک دماغ پاگل نہیں ہوگا اور اول آخر درود شریف گیارہ بار یَانُوْرُ نظر کیلئے اور ساتھ اول آخر درود شریف اور 7 بار آیت: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (ق 22)

**قوت حافظہ اور کامیابی کا اکسیر وظیفہ:** ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 بار یہ دعا: اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِيْ بِطَاعَتِكَ

### بوہڑ کی ڈاڑھی سے بانجھ پن دور

بوہڑ کے درخت کی ڈاڑھی کو سائے میں خشک کرکے باریک کرلیں اور محفوظ کریں۔ 5 گرام صبح' 5 گرام شام نیم گرم دودھ سے لیں۔ **طریقہ:** بانجھ عورت کو نظام حیض درست ہونے کے بعد حیض سے فارغ ہو کر سات دن کھلانا اس کو بار آور کردیتا ہے۔ **نوٹ:** معمولی چیز سمجھ کر فائدہ نہ اٹھانا کم عقلی ہے۔ دنیا میں دوائی کے لحاظ سے ایک گھاس کا تنکا اپنی جگہ پر سونے کے کشتہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

**کایا پلٹ چائے:** بوہڑ کا درخت قدیم درخت ہے۔ اس کے پتوں کی چائے یعنی حسب ضرورت پتے تازہ لیکر پانی میں جوش دیں' ذائقہ کے مطابق پتوں اور پانی کی مقدار کا تعین کرکے حسب ضرورت چینی ڈال سکتے ہیں۔ **فوائد:** کمزوری دماغ اور دائمی نزلہ زکام کیلئے کمال کی چیز ہے۔

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر

0332-7552382

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑجاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت: 70/ روپے

Digitized by Google

# جناتی رہائش گاہ پر بچے کو پیشاب کروانا نسلیں تباہ کر گیا

محلے داروں نے بتایا تھا کہ آپ کے پچھلے صحن میں رات دو سے اڑھائی بجے کے درمیان آری چلنے کی بہت تیز آواز آتی ہے اسی رات میری بیٹی نے بھی وہی آواز سنی۔ میرے شوہر گئے تو وہاں کچھ بھی نہ تھا۔

گزشتہ سال 14 اگست کی شام کو اپنے صحن میں زمین پر بیٹھ کر میں چنے کی دال پیس رہی تھی اچانک ایک بڑی چھپکلی میری طرف لپکی' جب میرے قریب آئی تو اچانک میری نظر اس پر پڑی' وہ میرے ڈرانے پر بالکل بھی نہ ڈری اور باقاعدہ مجھ پر حملہ کر دیا' جیسے ہی وہ میری طرف لپکی میری چیخ نکل گئی اور میں اٹھ کر اندر کی طرف بھاگی۔ وہ چھپکلی چھلانگ کر میری ٹانگ پر چڑھ دوڑی مجھے اپنے اوپر رینگتی ہوئی محسوس ہوئی۔ میں مسلسل چیخیں مار رہی تھی اور اس کو اپنے جسم سے علیحدہ کر رہی تھی' میرے ہاتھ مارنے پر وہ میرے جسم سے علیحدہ ہوگئی اور صحن میں پڑے گملوں کے پیچھے چھپ گئی۔ اپنے اس صحن کے بارے میں میں بتانا چاہوں گی کہ وہاں مجھے اکثر خواب میں کسی بزرگ کی قبر نظر آتی ہے معلوم نہیں وہ بزرگ انسان ہیں یا جن ہیں۔ میں ڈرتے ڈرتے صحن سے برآمدہ میں آگئی تو ایک اور چھپکلی بالکل اسی سائز کی صحن کی طرف بھاگی میں نے اونچی آواز میں کہا کہ اگر آپ جن ہیں تو یہاں سے چلے جائیں ورنہ ہم آپ کو مار دیں گے۔ میری بات ابھی پوری بھی نہ ہوئی تھی کہ وہ بھاگ گئی۔ کوئی ایک گھنٹے کے بعد صحن میں سے عجیب وغریب آوازیں آنا شروع ہوگئیں جس پر بچے بہت زیادہ خوفزدہ ہوئے۔ مجھے کئی محلے داروں نے بتایا تھا کہ آپ کے پچھلے صحن میں رات دو سے اڑھائی بجے کے درمیان آری چلنے کی بہت تیز آواز آتی ہے اسی رات میری بیٹی نے بھی وہی آواز سنی۔ میرے شوہر گئے تو وہاں کچھ بھی نہ تھا۔ ہم آ کر لیٹ گئے تو اچانک بہت تیز آندھی چلنے لگ گئی' ہم نے پرواہ نہ کی اور سو گئے۔ رات کو خواب دیکھا کہ میرے شوہر مجھ سے ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں اور مجھے بازار سے کھانا اور دودھ کوئے والا لانے بھیج دیتے ہیں جو اصل میں ناممکن ہے' میں دکان پر گئی تو ایک آدمی بہت قد آور گلاس میں دودھ ڈال دیتا ہے۔ میرے سسر مجھے دکان پر دیکھ کر حیران ہوتے ہیں۔ ان کے پیچھے ایک بزرگ کھڑے ہیں وہ بزرگ کہتے ہیں کہ آپ کے شوہر کو کوئی چیز پلا دی گئی ہے جس کی وجہ سے وہ اس طرح کا سلوک کر رہا ہے۔ آپ عبقری کے رسالے سے جادو توڑنے والا کوئی عمل پڑھ کر اپنے شوہر کا علاج کرو۔ میری آنکھ کھلی تو میں نے تہیہ کرلیا کہ میں عبقری کا عمل ضرور کروں گی۔ اس وقت نماز فجر کا وقت تھا اور میری زبان پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اذان والا عمل تھا اور میں نے وہ نماز فجر کے بعد پڑھ کر اپنے شوہر پر دم کر دیا۔ مسلسل تین دن میں نے دن میں تین سے پانچ مرتبہ یہ عمل کر کے اپنے شوہر پر دم کیا۔ اللہ پاک بہتری فرما رہے ہیں۔ (ت، ن۔ لاہور)

## گیلری میں بچے نے پیشاب کیا اور تباہی آ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور اسے پڑھنے کے بعد خواہش ہوئی کہ میں بھی ایک عبرتناک واقعہ قارئین عبقری کیلئے لکھوں۔ میں ایک معذور لڑکا ہوں اور میری یہ معذوری صرف مجھ میں ہی نہیں بلکہ میری دو بھتیجیوں اور میری بہن میں بھی ہے اور یہ مسائل ہم میں دو مختلف واقعات کے بعد شروع ہوئے۔ پہلا واقعہ یہ ہوا کہ میرے والد کے ساتھ بھائی تھے ایک دن وہ کھیل رہے تھے کہ اچانک ان کی گیند ایک ایسے گھر میں گئی جو برسوں سے خالی تھا جب وہ اسے اٹھانے گئے تو نا معلوم کیا ہوا کہ وہ بے ہوش ہوگئے۔ اس کے بعد ایک دن ہمارے پرانے گھر کی گیلری میں میری دادی اماں نے میرے چچا کو پیشاب کروا دیا اس گیلری میں سایہ تھا جو سالہا سال سے رہ رہا تھا اور گھر میں سے کسی کو بھی کچھ نہیں کہتا تھا لیکن میری دادی نے اپنے بیٹے کو جب پیشاب کرایا تو وہ اس وقت وہاں عبادت کر رہے تھے۔ ان دو واقعات کے بعد میرے سات چچا ایک ایک کر کے اپنی جوانی میں ہی وفات پا گئے اور اس کے بعد جو بھی اولاد ہوئی وہ معذور پیدا ہوئی۔ آج بھی ہمارے گھر میں جھولے کا خود بخود جھولنا اور نلکے کا خود بخود چلنا اور بند ہونے جیسی باتیں ہوتی ہیں۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ جنات کوئی قصے کہانیوں والی بات نہیں۔ گھر میں اعمال نبوی لائیں' ہمیشہ گھر میں صفائی اور پاکی کا خیال رکھیں' بچوں کو جب بھی بیت الخلاء یا کہیں بھی پیشاب کروائیں بیت الخلاء کی مسنون دعا ضرور پڑھیں۔

# سردیوں میں وضو کے فضائل

(بنت یونس، گجرات)

**کامل وضو:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا وضو (کامل) نہیں جو بسم اللہ نہ پڑھے۔ (ترمذی ص ۱۳)

**جسم پاک:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو وضو کرے اور اللہ کا نام لے (بسم اللہ پڑھے) اس کا پورا جسم پاک ہو جاتا ہے اور جس نے وضو کیا اور بسم اللہ نہ پڑھی اس کے صرف اعضاء وضو ہی پاک ہوئے (سنن دارمی ص ۴۷، ج ۱) (کنز العمال ص ۲۹۴) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے ابوہریرہ جب تم وضو کرو بسم اللہ والحمدللہ پڑھو، فرشتے ہمیشہ تمہارا ثواب لکھتے رہیں گے یہاں تک کہ تمہارا وضو ٹوٹ جائے (کنز العمال ص ۴۵۳)

**سخت سردی اور ٹھنڈک کے زمانے ہمیں وضو کا ثواب:** حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا گناہوں کو دھونے والی چیز مشقت کے موقع پر (ٹھنڈک میں) وضو کرنا، مساجد کی جانب قدم بڑھانا اور نماز کے بعد نماز کا انتظار کرنا ہے یہی گناہ سے بچنے کی سرحد اور حفاظت کا ذریعہ ہے (ترمذی ص ۱۸) (شمائل کبریٰ)

**سردیوں میں وضو کے فضائل:** کوئی مسلمان ایسا نہیں ہے کہ جاڑے میں ٹھنڈے پانی سے وضو کرے مگر لکھتا ہے اللہ اس کیلئے ہر قطرے پانی کے بدلے ایک لاکھ نیکی اور دور کرتا ہے ایک لاکھ برائیاں اور بلند کرتا ہے ایک لاکھ درجے، اور اگر غسل کرے جاڑے میں ٹھنڈے پانی سے تو گویا رحمت الٰہی کے دریا میں نہایا اور اس کیلئے ہر بال کے بدلے جو اسکے بدن پر ہیں ایک شہر ہے جنت میں دنیا سے 50 حصہ زائد۔ (آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل)

## جن کو بار بار بخار چڑھتا ہو صرف ان کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جن بچوں' بڑوں یا خواتین کو بخار چڑھتا ہو ان کیلئے یہ نسخہ بہت شاندار ہے۔ ھوالشافی: اگر کسی کو بخار چڑھا ہوا ہے تو اسے چاہیے کہ منقیٰ پانچ عدد خاکسی یا خوب کلاں تین گرام' بنفشہ چار گرام' ان تمام اشیاء کو لے کر ایک گلاس پانی میں ایک گھنٹہ بھگو کر رکھیں' اس کے بعد اس کو اچھی طرح ابال لیں' دن میں دو سے تین مرتبہ استعمال کریں' ان شاء اللہ شفاء ملے گی۔ (عابد محمود' ڈیرہ غازیخان)

لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب
جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق
معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید

ستر شفائیں

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء

Digitized by Google

| | | |
|---|---|---|
| کولامشروبات کے نقصان | خوداعتمادی کا وظیفہ | گھنے سیاہ لمبے چمکدار بال |
| 17 سالہ بیٹی کو مرگی کے دورے | کاش! اپنا گھر نصیب ہو جائے | ماں کی گلٹیوں کا علاج اور وظیفہ |

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## نومبر کے جوابات

1۔ بہن! کولامشروبات کے اتنے نقصانات ہیں کہ ان کیلئے ماہنامہ عبقری کے تین صفحات بھی کم ہیں' میں نے اس پر بہت زیادہ ریسرچ کی ہے' یہ معدہ' جگر' گردے' دماغ' شوگر' موٹاپے' امراض قلب کے بڑھنے کی سب سے بڑی وجہ کولامشروبات کا زیادہ استعمال ہے۔ آپ انٹرنیٹ پر چلے جائیں اور جدید سائنسی ریسرچ پڑھ لیں آپ کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں گی کہ جو چیز ہم شوق سے خود بھی پیتے ہیں اور اپنے بچوں کو بھی پلاتے ہیں وہ دراصل ہمارے اور ہماری نسلوں کیلئے میٹھا زہر ہے۔ میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ خود بھی اس کالے میٹھے زہر سے بچیں اور اپنی نسلوں کو بھی بچائیں۔ کولامشروبات کے نقصانات ان شاء اللہ ماہنامہ عبقری میں تفصیل سے لکھ کر بھیجوں گا۔ (شہریار' لاہور)

2۔ لمبے گھنے سیاہ اور چمکدار بالوں کے لیے آدھا پاؤ زیتون کا تیل، آدھا پاؤ آملہ کا تیل ملا کر رکھ لیں۔ لگانے سے قبل اچھی طرح ہلائیں۔ اس کو روزانہ رات کو خوب مساج کر کے صبح اچھے شیمپو سے سر دھوئیں۔ ایک ماہ کے عمل کے بعد آپ اپنے بالوں کو دیکھ کر خوش ہونگی۔ روغن بادام اور انڈے کی زردی بالوں کیلئے بہترین کنڈیشنر ہے۔ اس سے کھوپڑی پر جمے مردہ خلیے اکھڑ جاتے ہیں۔ (ج، کراچی)

3۔ حامد بھائی! آپ دفتر ماہنامہ عبقری سے دو انمول خزانہ کتابچہ منگوائیے یا عبقری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر لیں سارا دن کھلا انمول خزانہ نمبر دو اور ہر نماز کے بعد انمول خزانہ نمبر ایک پڑھیں۔ اپنے تمام مسائل کا تصور کرتے ہوئے دو انمول خزانہ نمبر دو کا سوا لاکھ مکمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے اندر خود اعتمادی بھی آئے گی اور کے دیگر مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ یہ بے شمار کا آزمودہ ہے۔ (پوشیدہ' راولپنڈی)

4۔ آپ تمام گھر والے حم لاینصرون سارا دن کھلا ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں چند ہفتے والدہ کی بیماری کا سخت تصور کرتے ہوئے پڑھیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا "گلٹی رسولی کورس" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے والدہ کو استعمال کروائیں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائیگا۔ (فہیم' گجرات)

## دسمبر کے سوالات

1۔ محترم قارئین السلام علیکم! میرا بیٹا بہت ضدی ہے۔ اس کو ہر کاروبار میں نقصان ہوتا ہے۔ دوسرا بیٹا بہت ہی کمزور ہے' اس کی صحت بالکل نہیں بنتی' جب سے نئے مکان میں شفٹ ہوئے ہیں تب سے رزق کی شدید کمی ہو گئی ہے۔ (ج، احمد پور شرقیہ)

2۔ قارئین السلام علیکم! میں رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' جس میں ہر مسئلے کا حل موجود ہوتا ہے' میرا قارئین سے سوال ہے کہ ہمارا پہلے اپنا ذاتی گھر تھا جو کچھ گھریلو مسائل کی وجہ سے بیچنا پڑا۔ آپ مہربانی کر کے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے ہمیں دوبارہ اپنا گھر نصیب ہو جائے۔ (ن، ر، پشاور)

3۔ محترم قارئین! میرا معدہ انتہائی خراب ہے' میں کوئی بھی دوائی کھاؤں لوز موشن شروع ہو جاتے ہیں' اگر مزید دوائی کھاؤں تو الٹیاں شروع ہو جاتی ہیں' ایک دم سے دھڑکن تیز ہو جاتی ہے جیسے دل بیٹھنے لگا ہو' اکثر بلڈ پریشر لو ہو جاتا ہے' پھر جسم کانپنا شروع ہو جاتا ہے' بے جان ہو جاتا ہے' اکثر دماغ سے درد نکلتا ہے' پیچھے گردن تک آتا ہے' پھر آنکھوں اور پٹھوں تک پھیل جاتا ہے' اتنا شدید درد ہوتا ہے کہ ناقابل برداشت حد تک بڑھ جاتا ہے' کوئی میڈیسن اس درد پر اثر نہیں کرتی۔ میرا پیٹ بہت بڑھ رہا ہے' بہت زیادہ گیسز کی آوازیں آتی ہیں۔ کبھی بہت بھوک لگتی ہے اور کبھی بالکل بھی نہیں لگتی۔ جب کھانا کھاتی ہوں تو دل بہت ہی خراب ہوتا ہے' گاڑھا ریشہ گلے میں گرتا ہے' جب قبض ہو جائے تو معدہ سے بہت ہی ناقابل برداشت درد نکلتا ہے۔ کمزوری بڑھتی جارہی ہے' دودھ ہضم نہیں ہوتا' پینے سے معدہ میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ خدارا میرے مسائل کا حل بتائیے۔ (پوشیدہ)

4۔ میری بیٹی کی عمر 17 سال ہے' دس سال سے زیادہ ہو گئے ہیں کہ اس کو مرگی کے دورے پڑتے ہیں' ادویات بھی بہت کھاتی ہے لیکن ہر دوسرے سال یا دوائی کاری ایکشن ہو جاتا ہے یا پھر سے دورے شروع ہو جاتے ہیں۔ تین سال بالکل ٹھیک رہی مگر اب پھر دورے بہت زیادہ پڑنا شروع ہو گئے ہیں۔ قارئین سے گزارش ہے کہ مرگی کا مستقل حل بتائیے۔ (طارق' پشاور)

# مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت شداد بن ہاد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ عشاء کی نماز ادا کرنے کیلئے ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ ﷺ حسن یا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین (میں سے کسی ایک شہزادے) کو اٹھائے ہوئے تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے تشریف لا کر انہیں زمین پر بٹھا دیا' پھر نماز کیلئے تکبیر فرمائی اور نماز پڑھانا شروع کر دی' نماز کے دوران حضور ﷺ نے طویل سجدہ کیا۔ شداد نے کہا: میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو شہزادے سجدے کی حالت میں آپ ﷺ کی پشت مبارک پر سوار ہیں۔ میں پھر سجدہ میں چلا گیا۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ نماز ادا فرما چکے تو لوگوں (صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین) نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آپ نے نماز میں اتنا طویل سجدہ کیا۔ یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ کوئی امر الٰہی واقع ہو گیا ہے یا آپ ﷺ پر وحی نازل ہونے لگی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسی کوئی بات نہ تھی مگر یہ کہ مجھ پر میرا بیٹا سوار تھا۔ اس لیے (سجدے سے اٹھنے میں) جلدی کرنا اچھا نہ لگا جب تک کہ اس کی خواہش پوری نہ ہو۔' (امام احمد' امام نسائی)

## امام مسجد سے ملاقات خاص کا نسخہ نایاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ آپ پر لاکھوں رحمتیں نازل فرمائے۔ میں پہلی مرتبہ قارئین عبقری کیلئے ایک قوت خاص کا نسخہ لیکر حاضر ہوا ہوں جو کہ مجھے ہماری مسجد کے امام صاحب نے عطا فرمایا۔ ھوالشافی: عقرقرحا ڈیڑھ تولہ' لونگ ڈیڑھ تولہ' سونٹھ ڈیڑھ تولہ' دس عدد دیسی انڈوں کی زردیاں' ان تمام ادویات کو کوٹ کر سفوف بنالیں' انڈے ابال کر ان کی صرف زردی اس میں مکس کر لیں' پھر اس میں ایک پاؤ عبقری شہد ملا کر معجون بنالیں' ایک تولہ رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ الحمدللہ! میں کچھ عرصہ سے یہی نسخہ استعمال کر رہا ہوں' انتہائی کامیاب' طاقتور اور بے ضرر نسخہ ہے۔ (محمد نوید اختر' جام پور)

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے
معدے کے زخم کی خاص دوا

# خواب اور روشن تعبیر

☆ دین و دنیا کی نعمتیں ☆ گھریلو پریشانیاں ختم ہوجائینگی ☆ بہتر ازدواجی زندگی کا خواب ☆ پارک میں ہندو فوجی ☆ جنات کا خاندان اور ہمسائے کی چھت ☆ بہت بڑا مالی نقصان ہوگا ☆ ایمان کی کمزوری نمایاں ہورہی

**دین و دنیا کی نعمتیں:** خواب: میں نے دیکھا کہ میں زمین پر بیٹھی ہوں اور سامنے ایک سفید رجسٹر کے بیچ جتنے صفحہ پر سورۂ رحمن کی آیت (تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے) لکھی تھی۔ اس آیت کو دیکھ دیکھ کر میں خود اپنے ہاتھوں سے لکھ رہی ہوں، مگر اس آیت میں پہلے (آل) لکھا ہوا ہے، باقی آیت جیسے قرآن میں ہوتی ہے، ویسی ہی لکھی ہوئی ہے اور ابھی میں (آل) لکھتی ہی ہوں کہ میری آنکھ کھل گئی۔

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اور آپ کی اولاد کو اللہ پاک دینی اور دنیاوی نعمتوں سے مالامال کریں گے۔ کوشش کریں کہ رب کی نعمتوں کا ہر حال میں شکر ادا کرتی رہیں اور اپنی اولاد کی تربیت بھی اسی طرح سے کریں۔ واللہ اعلم۔

**گھریلو پریشانیاں ختم ہوجائینگی:** میں نے خواب دیکھا کہ میں پریشانی کے عالم میں ایک میدان میں بیٹھی ہوں۔ گھاس کا میدان ہے، بارش کے بعد کا منظر تھا۔ وہاں ہم تین لوگ ہیں، میں، میرا شوہر اور میرے مرحوم سسر! ہمارے پیچھے ایک سفید عمارت ہے۔ میں اپنے سسر سے کہتی ہوں کہ چاچا ہر جگہ ایک جیسے انسان ہیں۔ میں مایوس اور پریشانی کی کیفیت میں بولتی ہوں اور وہ مجھے کہتے ہیں کہ تم اندر چل کے بیٹھو۔ (ج، لاہور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کوئی ایسا ذریعہ بن جائے گا کہ گھریلو پریشانیاں دور ہوجائیں گی۔ آپ اپنے معمولات پابندی کے ساتھ جاری رکھیں، نیز حسب توفیق صدقہ خیرات دیتی رہا کریں۔ واللہ اعلم۔

**بہتر ازدواجی زندگی کا خواب:** دیکھا کہ ایک کمرے میں میری بہن اور میرے منگیتر کے ابو بیٹھے ہیں۔ وہ بالکل گنجے ہیں اور ابنارمل لگ رہے ہیں۔ بولنے میں بھی ٹھیک سے بات نہیں کرتے ہیں۔ میں سلام کرتی ہوں تو مجھے غور سے دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اندر کمرے میں چلی جاؤ۔ میں وہاں جاتی ہوں تو میری امی میرے منگیتر کے کزنز، اس کی پھوپی اور بہن بیٹھے ہیں۔ میں سلام کرتی ہوں مگر کوئی میرے سلام کا جواب نہیں دیتا۔ میں ان سے باتیں کرنے لگتی ہوں اور امی سے کہتی ہوں کہ ماموں تو ابنارمل ہوگئے ہیں۔ ایک کمرے میں کرسی پر میرا منگیتر نیلی جینز اور مٹیالی سی بنیان میں بیٹھا سو رہا ہے۔ میں کہتی ہوں کہ یہ کتنا عجیب لگ رہا ہے۔ دوسرے منظر میں دیکھا کہ میرے بھائی بازار سے کھانا لائے ہیں، سب دسترخوان پر بیٹھے ہیں، میں ایک چھوٹی سی بوٹی کھاتی ہوں پھر خیال آتا ہے کہ میرا روزہ ہے۔ میری امی ساتھ ہی لیٹی ہیں وہ نوالہ توڑتی ہیں مگر سالن سے نہیں لگا پاتی ہے، ان کے ہاتھ سے روٹی لے کر ان کو نوالہ بنا کر کھلاتی ہوں۔

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جس جگہ پر آپ کی منگنی ہوئی ہے۔ اگرچہ کہ شروع میں کچھ مشکلات پیش آئیں گی لیکن ان شاء اللہ آئندہ ازدواجی زندگی بہتر ہوجائے گی تاہم کسی بھی جذباتی فیصلے سے اجتناب کریں۔ واللہ واعلم۔

**پارک میں ہندو فوجی:** میں نے دیکھا کہ ہماری انڈیا کے ساتھ جنگ شروع ہوجاتی ہے۔ میرے گھر کے سامنے والے پارک میں ہندو فوجی گھس آتے ہیں اور مسلمانوں کو گولیاں مار رہے ہوتے ہیں۔ میں ڈر جاتا ہوں اور بھاگنا شروع کردیتا ہوں، میں انجان جگہ پہنچ جاتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ وہاں ہندو فوجیوں نے پاکستانی مسلمانوں کو قید کیا ہوتا ہے مجھے بھی وہ پکڑ لیتے ہیں۔ (اویس، ملتان)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات پر متنبہ کیا گیا کہ آپ کے اندر ایمان اور کفر کی طاقتوں کی جنگ برپا ہے جس میں ایمان کی کمزوری نمایاں ہورہی ہے۔ بہتر ہوگا کہ آپ کسی اللہ والے متبع سنت و شریعت بزرگ سے اپنا اصلاحی تعلق قائم فرمائیں تاکہ آپ کا اللہ سے تعلق مضبوط ہوجائے۔ واللہ اعلم۔

**جنات کا خاندان اور ہمسائے کی چھت:** میں نے دیکھا کہ میں میری امی، میری بہن اور ایک بھائی اپنے گھر کی چھت پر جاتے ہیں۔ پھر ہم چاروں اپنے پڑوس کی چھت پر کود جاتے ہیں، ان کی چھت دیکھنے کے لیے۔ ہم وہاں ٹہل رہے ہوتے ہیں کہ مجھے چھت کے ایک کنارے پر بہت سارے برتن پڑے نظر آتے ہیں۔ میں ان کے پاس جاتی ہوں تو ان کے نیچے انسانی اعضاء حرکت کرتے نظر آتے ہیں۔ میں ڈر کر ان تینوں سے کہتی ہوں کہ جلدی واپس چلو، ہمیں کوئی دیکھ لے گا۔ ہم وہاں سے بھاگنے لگتے ہیں، پھر میں پلٹ کر دیکھتی ہوں کہ اسی جگہ ہمارے پڑوسیوں کی ایک لڑکی نازیبا حالت میں نظر آتی ہے اور اس کا قد بھی بہت زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کا جسم جگہ جگہ سے کٹا ہوتا ہے اور اس میں سے خون بہہ رہا ہوتا ہے۔ اس طرح کی بہت ساری عورتیں ان کے پیچھے چل رہی ہوتی ہیں، وہ بھی سب بغیر کپڑوں کے ہوتی ہیں اور ان کے جسم سے بھی خون بہہ رہا ہوتا ہے۔ وہ سب دیکھنے میں دوسری دنیا کی مخلوق لگتی ہیں۔ (ج، راولپنڈی)

**تعبیر:** خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے پڑوس میں جنات کا ایک خاندان آباد ہے جو ویسے تو کچھ نہیں کہتے لیکن بلاوجہ کی مداخلت بھی پسند نہیں کرتے، تاہم اپنے پڑوسیوں سے اچھے انداز سے ملا کریں اور ہوسکے تو حسب توفیق ہدیہ وغیرہ بھی دیتے رہیں، اس سے محبت بڑھتی ہے، واللہ اعلم۔

**بہت بڑا مالی نقصان ہوگا:** میں نے دیکھا کہ میری بیٹی کی سونے کی چوڑی آدھی پچک سی ہوگئی ہے۔ میری بیٹی کے بال بہت جھڑ رہے ہیں، چٹیاں بہت پتلی ہوگئی ہے۔ (طاہرہ، لاہور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کی بیٹی کے ہاتھوں کوئی بڑا مالی نقصان واقع ہوجائے، تاہم اس کی طرف سے حسب توفیق صدقہ دیں اور اسے کہیں کہ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد یاحفیظ 19 بار پڑھ لیا کریں۔ امید ہے کسی بڑے نقصان سے حفاظت رہے گی۔ واللہ اعلم۔

## نمونیہ کا شکار سورۂ تغابن سے شفاء پاگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا گزشتہ سال سردیوں میں نمونیہ کا شکار ہوا' نمونیہ اتنا بگڑ گیا کہ بچے کو آئی سی یو میں لے جانا پڑ گیا' مجھے ہسپتال میں ہی کسی نے آپ کا بتایا وظیفہ ''تسنیم اور اذان والا عمل (عمل یہ ہے: سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور سات مرتبہ اذان پڑھ کر مریض پر دم کرنا ہے) بتایا۔ میں ہسپتال میں اس کے ساتھ ہی تھی' دن رات مسلسل پڑھتی رہی' اس سے کافی آرام آگیا' مگر بخار 103 سے کم ہی نہیں ہورہا تھا' میرے بھائی نے میرے بیٹے کے پاس بیٹھ کر سورۂ تغابن پڑھنا شروع کردی اور مسلسل پڑھتے رہے' کچھ دیر بعد ہی بخار اتر گیا۔ (ع۔ لاہور)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
قوت و شباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مرداں سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔

Digitized by Google

# کیا سانپ مارنے سے نسلوں پر تباہی آسکتی ہے؟

(ت،ن۔لاہور)

ماموں اوران کے دوست اٹھے انہوں نے کسی سے پوچھے بغیر چھت پر جاکر سانپ کو گولی ماردی اور دوسرا سانپ بھاگ گیا' اس کے بعد اس گھر میں تباہی شروع ہوگئی۔ جس نے پستول سے سانپ کے پیٹ میں گولی ماری اگلے ہفتے اس دوست کے پیٹ کے اوپر سے ٹرالا گزر گیا

میرے نانا اور نانی **1947**ء میں ہجرت کرکے لاہور آئے' میرے نانا نے کندھے پر اپنی بوڑھی نانی کو اٹھایا اور میری نانی نے ایک بچہ گلے سے لگایا' دوسرا انگلی سے لگایا اور پاکستان پہنچ گئے۔ پاکستان کیسے بنا؟ یہ ایک الگ داستان ہے اکثر ہمیں سننے کوملتی اور ہمارے رونگٹے کھڑے ہوجاتے' میرے نانا نے کیسے خون کی ندیاں پار کیں' ان کی ٹانگیں خون سے تربتر ہوتیں' ہر طرف مسلمان مردوخواتین کی بے گوروکفن لاشیں' نوجوان بچیوں کی عصمت دری' چھوٹے بچوں کے کٹے گلے اور نجانے کیا کیا سہا برداشت کیا اور پھر پاکستان بنا۔ اپنی تحریر جاری رکھنے سے پہلے میں نوجوانان پاکستان سے صرف اتنا کہنا چاہوں گی کہ خدارا اس ملک کی قدر کریں! یہ بڑی قربانیوں کے بعد حاصل ہوا ہے۔ خیر میں بات کررہی تھی اپنے نانا ابو اور نانی جان کی' جب میرے نانا اور نانی لاہور پہنچے تو میرے نانا کی بوڑھی نانی نے حکم دیا کہ گاؤں چلو' میرے نانا نے سر تسلیم خم کیا اور گاؤں کی طرف چل پڑے اور سیالکوٹ سے پہلے ڈسکہ کے نواحی گاؤں گلاں چک جاکر ڈیرہ ڈال لیا اور اللہ تعالیٰ نے میرے نانا کو چھ بیٹے اور ایک بیٹی عطا فرمائی۔ بیٹے جوان ہوئے تو بے حد دیہاتوں سے دوستیاں لگائیں اور رعب و دبدبہ علیحدہ۔ ایک رات ایک بیٹے نے ایک قسم کا شور سنا' وہ شور گھر کے درمیان سے آرہا تھا' معلوم ہوا کہ گھر کی چھت پر سانپ کا جوڑا بیٹھا ہوا ہے جو بے حد لمبا تھا' ماموں اوران کے دوست اٹھے انہوں نے کسی سے پوچھے بغیر چھت پر جاکر سانپ کو گولی ماردی اور دوسرا سانپ بھاگ گیا' اس کے بعد اس گھر میں تباہی شروع ہوگئی۔ جس نے پستول سے سانپ کے پیٹ میں گولی ماری

اگلے ہفتے اس دوست کے پیٹ کے اوپر سے ٹرالا گزر گیا اور وہ موقع پر ہی مرگیا اور نانا کے گھر میں وقفے وقفے سے چار اموات ہوئیں اور تین جوان اور ایک چھوٹا بچہ فوت ہوگیا۔ باقی تین رہ گئے اور آج تک ان کے گھر سے تباہی' بربادی اور بے سکونی نہیں گئی' نحوست نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ اب معلوم نہیں یہ سلسلہ کتنی نسلوں تک جاری رہے گا۔ میری والدہ واپس گلاں چک چلی گئیں ہیں اور وہاں گھر خرید رہی ہیں۔ والد صاحب کے پاس رہ رہے ہیں انہیں بھائی اور بھابی نے اپنا حصہ لے کر دھتکار دیا ہے۔ گھر ایسے ٹوٹا کہ جیسے بکھرے ہوئے تنکے۔ اگر اس دن ماموں تھوڑا رک جاتے' تحمل و برداشت سے کام لے کر کسی گھر کے بزرگ سے مشورہ کرکے سانپوں پر حملہ کرنے سے رک جاتے تو وقت آج کچھ اور ہوتا۔ دوسرا واقعہ میرے سسر صاحب کا ہے جو برداشت کا نمونہ ہیں۔ وہ پانچ بھائی اور ایک بہن ہیں۔ چھوٹے بھائی نے آبائی گھر پر قبضہ کرلیا' مسئلہ عدالت میں گیا' کئی تاریخیں بھگتائی گئیں میرے دادا سسر اور تایا سسر ولی انسان تھے۔ ساندہ لاہور کے رہائشی تھے۔ چھوٹے بھائی نے باپ پر جھوٹی وصیت کی تہمت لگائی جو کہ بعد میں بذریعہ خواب کئی بھائیوں کو معلوم ہوا کہ غلط بات پھیلائی گئی کہ ساری جائیداد اپنے چھوٹے بیٹے کو خدمت کے صلہ میں انعام دے دیا ہے۔ تایا سسر نے کئی تاریخوں کے بعد سب بھائیوں کو منع کردیا کہ یہ معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے کردو' سب بھائیوں اور بہن نے تایا سسر کی بات پر لبیک کہا اور پیچھے ہٹ گئے۔ چند سال پہلے اس چھوٹے بھائی کو آگ نے لپیٹ میں لے لیا اور ان کے جسم کا آدھا حصہ جل گیا' مگر ہدایت پھر بھی نہ ملی' آج بھائیوں سے صلح وصفائی کرنے کیلئے بھاگ دوڑ کررہا ہے' مگر جائیداد کے بغیر۔ ان کے گھر میں مصائب' مشکلات' بیماریوں نے ڈیرہ ڈال رکھا ہے' بیوی کے کہنے پر دوزخ سمیٹ رہا ہے مگر ان کو نا معلوم سمجھ کیوں نہیں آرہی۔ باقی تمام بھائی اور بہن اپنے گھروں میں خوش وخرم اور مطمئن زندگی گزار رہے ہیں مگر وہ جائیداد ہتھیانے کے باوجود بھی ایک پریشانی سے نکلتا ہے اور دوسری میں پھنس جاتا ہے۔

## عبقری واقعی لاجواب ہے!

(تحریر، ایم اے)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے ہوش سنبھالا غلط صحبت میں مبتلا رہا' اس وقت سے آج تک زندگی گندگی کے اندھیروں میں دھکیلی گئی۔ شاید پوری زندگی ایسے ہی گزر جاتی مگر اللہ تعالیٰ آپ جیسے عظیم شخص پر کروڑ ہا رحمتیں فرمائے کہ آپ ماہنامہ عبقری جیسا عظیم میگزین چھاپ رہے ہیں۔ پہلی مرتبہ ماہنامہ عبقری اپریل 2014 کا رسالہ پڑھا' عجب سکون سا ملا' اس کے بعد لگاتار ہر ماہ خرید کر پڑھتا رہا اور اس کے پڑھنے سے زندگی میں دن بدن نکھار آتا گیا۔ آج الحمدللہ! گناہوں سے شدید نفرت ہے اور اللہ نے اپنی رحمت سے نماز پنج گانہ کی بھی توفیق بخشی ہوئی ہے۔ آج نیکی کی طرف راغب ہوا تو یہ بات ظاہر ہوئی کہ میں تو اپنی پوری زندگی اور جوانی برباد کرچکا ہوں۔ مگر الحمدللہ اب زیادہ وقت ذکر' اعمال اور نوافل میں گزرتا ہے' صحت دن بدن بہتر ہورہی ہے۔ اگر مجھے ماہنامہ عبقری نہ ملتا تو شاید آج بھی میں انہی راہوں پر ہوتا جن پر چل کر بچپن سے جوان ہوا اور اب بڑھاپے کی گامزن ہوں۔ مگر الحمدللہ اب زندگی میں ٹھہراؤ اور سکون آگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ایمان کو موت کے وقت سلامت رکھے اور عزت وایمان والی صحت وتندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ (آمین)

## 5 دن میں رنگ گورا چہرہ صاف وشفاف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ آزمودہ اور بے ضرر بھی ہے' صرف ایک بار آزمائیں' امید ہے مایوسی نہیں ہوگی۔ نسخہ صرف پانچ سے آٹھ دن استعمال کرنا ہے' ہر عمر کے لوگ استعمال کرسکتے ہیں۔ **ھوالشافی**: انار دانہ دس تولہ' بیہ دانہ دو تولہ' عناب پانچ تولہ' سوکھا آلو بخارا دس تولہ' ملٹھی ایک چھٹانک' چھوٹی الائچی چھ ماشہ' بھی چار عدد' پھول گلاب ایک عدد' ہر پنسار سے یہ چیزیں مل جائیں گی' سستی بھی ہیں۔ **استعمال کا طریقہ**: پانچ دانہ عناب' دو چمچ بیہ دانہ' پانچ دانہ آلو بخارا' ملٹھی چار عدد لکڑی' ایک عدد الائچی' ایک عدد پھول گلاب تازہ ہو۔ ان سب چیزوں کو ڈیڑھ گلاب پانی میں بھگو کر رکھ دیں' کھلے آسمان تلے باریک کپڑے سے ڈھانپ کر رکھیں۔ صبح اس پانی کو ململ یا کسی بھی باریک کپڑے سے چھان لیں' روزانہ اسی طرح پانی بنا کر کم سے کم پانچ دن زیادہ سے زیادہ آٹھ دن استعمال کرنا ہے۔ اگر فرق نہ پڑے تو ایک ڈبی عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' استعمال کرنے کے بعد دوبارہ یہی نسخہ استعمال کریں۔ (محمد عاصم' چک 12 دن آر)

خاص الخاص عمل کے بعد

**جادو شکن تیل**

کالا جادو' جنات' نظربد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید کو دلاتا ہے۔ (قیمت 60 روپے)

Digitized by Google

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

**یہ خوف کیسے ختم کروں؟** میری عمر سولہ سال ہے، ٹیلی ویژن پر جنگ کے بارے میں خبریں اور مذاکرات دیکھ کر مجھے بڑا ڈر لگ رہا ہے۔ ایسا لگتا ہے، جنگ ہوئی تو میں بھی مر جاؤں گی۔ یہ خوف کیسے ختم کروں؟ میری پڑھائی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ (ثانیہ، راولپنڈی)

مشورہ: بی بی! آپ کیوں ڈرتی ہے؟ جنگ تو ہمیشہ سے ہوتی آئی ہے۔ ہم مسلمان ہیں اور ہمارا ایمان ہے کہ کافروں کے خلاف جنگ میں جو لوگ مرتے ہیں وہ شہید ہوتے ہیں۔ شہداء کا بہت بڑا مقام ہے۔ موت تو ایک دن آنی ہے، اس سے کیا ڈرنا اور گھبرانا۔ وہ بھی انسان ہیں جو جنگ کے مقام اور سرحدوں پر موجود ہیں۔ ان میں بچے، بڑے، بوڑھے سب شامل ہیں، وہ تو نہیں ڈرتے۔ لگتا ہے آپ نماز نہیں پڑھتیں۔ پابندی سے نماز پڑھیے اور اللہ سے دعا کریں۔ نماز پڑھنے سے آپ کو سکون ملے گا اور دعا کرنے سے ٹھہراؤ محسوس ہوگا۔ پڑھائی میں دل لگائیے یہ عمر پڑھنے کی ہے ڈرنے کی نہیں۔

**ناک کی بندش اور تکالیف | جنگ ہوئی تو مر جاؤں گی | چائے اتنی بھی نقصان دہ نہیں**

**بلغم اور کھانسی کیلئے بہت اچھا ٹوٹکہ | آملہ کے فوائد میں بتاتی ہوں | سستی بھر نیم پودینہ اور موسم سرما**

**چائے اتنی بھی نقصان دہ نہیں:** ایک بیٹی کا فون آیا تھا۔ وہ اپنے والد کے لیے چائے اور قہوے کا پوچھنا چاہ رہی تھیں، بہرحال ان سے کہنا ہے کہ چائے اتنی نقصان دہ نہیں جس قدر آپ تصور کرتی ہیں۔ چائے میں پایا جانے والا ایک مادہ فلیوونائڈ حملہ قلب کے مریضوں کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ مادہ پیاز، سیب، گوبھی کے پھول میں بھی وافر ہوتا ہے۔ اسی طرح چین میں ایک تحقیق سے پتا چلا، جو لوگ چائے پیتے ہیں ان کے لیے چائے نہ پینے والوں کی نسبت معدے اور غذا کی نالی کے سرطان کا خطرہ آدھا رہ جاتا ہے۔ تاحال چائے پر تحقیق جاری ہے۔ صبح شام ایک ایک پیالی چائے پینے سے کوئی نقصان نہیں۔ زیادتی تو ہر شے کی بری ہے موسم سرما میں ایک سے دو کپ ہوں اس سے زیادہ نقصان دہ ہو سکتی ہے۔

**ناک کی بندش اور تکالیف:** بچپن سے نزلہ زکام کی شکایت ہے۔ بلغم کی وجہ سے کھنکھارتی رہتی ہوں، سینہ جکڑا ہوا ہے، الرجی بھی ہے، اس کے لیے مجھے بتایئے۔ (بنت قاضی، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

مشورہ: آپ اپودینے کی تین چار ٹہنیاں ایک لیٹر پانی میں خوب پکا کر رکھ لیجیے۔ دن میں دو تین بار اس پانی سے غرارے کریں۔ رات کو سوتے وقت بھاپ لیجیے۔ بھاپ لینے کے بعد ہوا نہیں لگنی چاہیے، لحاف میں لیٹ جانا چاہیے۔ اگر بھاپ کے لیے پانی میں تھوڑی سی وکس بھی ملا دیں تو اچھا ہے۔ مٹھی بھر نیم کے پتے تین گلاس پانی میں پکایئے۔ ایک گلاس پانی چھان کر چٹکی بھر نمک ملا کر ناک میں وضو کی طرح ڈالیے۔ اس سے ناک صاف ہوگی اور آپ کو سانس لینے میں آسانی ہو جائے گی، دن میں دو تین بار یہ عمل دہرائیں۔ صبح کی نماز پڑھ کر سانس کی ورزش کریں۔ طلوع ہوتے سورج کے سامنے کھڑے ہو کر ناک کا ایک نتھنا انگلی سے بند کریں اور گہرا سانس لیں۔ کوشش کریں سانس اندر لے جا کر چند لمحے روک کر آہستہ آہستہ دوسرے نتھنے سے نکالیں۔ یہ عمل دس دفعہ دہرائیں۔ پھر دوسرے نتھنے کے ساتھ بھی اسی طرح ورزش کریں۔ پہلے سیدھا پھر الٹا نتھنا بند کر کے سانس لیجیے۔ گہرے سانس لینے سے بہت فرق محسوس ہوتا ہے۔ یہ بھی ایک علاج ہے۔ رات کو آپ سات منقی کے بیج نکال کر ان میں ایک یا دو کالی مرچ بھر کر توے پر گرم کریں۔ گرم گرم منقی کھا کر سو جایئے۔ صرف سات روز کھانے ہیں۔ بلغم اور کھانسی کے لیے بہت اچھا ٹوٹکہ ہے۔

**پیٹ کا بوجھ:** مجھے پیٹ میں بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ بھوک بھی زیادہ محسوس نہیں ہوتی عموماً قبض رہتا ہے۔ قبض کے لیے دوا کھانے سے آرام آجاتا ہے مگر طبیعت گری گری لگتی ہے سر بھی اکثر بھاری رہتا ہے۔ پیٹ کا بوجھ ٹھیک نہیں ہوتا۔ (بشریٰ، جہلم)

مشورہ: آپ کا تمام مسئلہ پیٹ کا ہے۔ قبض کے لیے دوائیاں نہیں کھانی چاہئیں۔ آپ بازاری کھانوں سے پرہیز کریں۔ چٹ پٹے مرغن کھانے اچھے لگتے ہیں مگر صحت کے لیے بہت مضر ہیں، سادہ غذا بہت اچھی ہوتی ہے۔ گھیا کدو، ٹینڈے، پالک، دہی اور تازہ پھل آپ کے لیے اچھے ہیں۔ اپنی غذا میں کچی پکی سبزیاں شامل کریں۔ کھانا کھانے کے بعد تین دانے انجیر کھایئے۔ انجیر پیٹ کے لیے بہت مفید ہے۔ یہ پیٹ میں ہوا نہیں بننے دیتی اور قبض توڑتی ہے۔ اس کے کھانے سے نہ صرف پرانا قبض دور ہو جاتا ہے بلکہ بواسیر میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ پرانی قبض اور تبخیر معدہ میں انجیر بہترین دوا ہے۔ خون کی نالیوں میں جمی غلاظت کو انجیر ہی نکالتی ہے۔ جسم سے فالتو چربی دور ہو جاتی ہے اور کئی ایسی بیماریاں جن کا پتا بھی نہیں ہوتا، اندر ہی اندر ختم ہو جاتی ہیں۔ انجیر کے گودے میں موجود چھوٹے چھوٹے دانے پیٹ میں جا کر پھول جاتے اور آنتوں میں حرکات پیدا کرتے ہیں جس سے قبض از خود دور ہو جاتا ہے۔

**آملے کا تیل:** میں نے بزرگوں سے سنا ہے کہ آملے کا تیل بہت اچھا ہوتا ہے۔ اس سے بال مضبوط ہوتے ہیں۔ بازار سے کئی بار آملے کا تیل خریدا، مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ کیا آپ اس بارے میں کچھ بتا سکتی ہیں کہ یہ تیل کیسے بنتا ہے اور اس کے کیا کیا فوائد ہے؟ (ام کامران، لاہور)

مشورہ: بالوں کی بڑھوتری میں آملہ اہم کردار ادا کرتا ہے، بالوں کو جلدی سفید نہیں ہونے دیتا، بالوں کی چمک بڑھاتا ہے اور سیاہی برقرار رکھتا ہے۔ بازار میں جو تیل ملتے ہیں، ان میں وائٹ آئل میں سبز رنگ اور تھوڑی سی خوشبو ملا کر تیل بنا لیا جاتا ہے جس سے بال کھردرے، خشک اور بے جان ہو جاتے ہیں، عام طور پر خواتین خشک آملہ کوٹ لیتی ہیں۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے تلوں کے تیل میں ڈال دیتی ہیں۔ ایک کلو تیل میں ایک پیالی کوٹے ہوئے آملے ملایئے۔ اسے دھوپ کے رخ رکھیے۔ دو ہفتے بعد اسے چھان لیجیے۔ آملے کا خالص تیل تیار ہے۔ کچھ لوگ آملے نہیں نکالتے، بلکہ تیل میں ہی رہنے دیتے اور استعمال کرتے ہیں۔ آج کل سبز آملے مل رہے ہیں، انہیں دھو کر کاٹ کر پیس لیں اور تلوں کے تیل میں ملا کر ہلکی آنچ پر پکایئے۔ جب آملے جل جائیں تو اتار کر چھان لیں۔ ایک کلو تلوں کے تیل میں تقریباً تین سو گرام پسے ہوئے آملے ہونے چاہئیں، بہترین تیل بن جاتا ہے۔ سبز آملے نہ ملیں تو ڈھائی سو گرام خشک آملے کوٹ کر رات کو تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں اور صبح تیل میں ڈال کر پکائیں۔ سارا پانی خشک ہو جائے تو ٹھنڈا کر کے تیل چھان کر رکھ لیں۔ آملے کا تیل تیار ہے۔ 250 گرام خشک آملے، 25 گرام سیکا کائی اور میتھی دانہ سو گرام پسوا کر رکھ لیں۔ ایک بڑا چمچہ سفوف رات کو تھوڑے سے گرم پانی میں بھگویئے۔ صبح پندرہ منٹ کے لیے لگا کر بعد میں بال دھو لیں۔ اس سے بھی بالوں میں چمک آئے گی اور وہ تیزی سے بڑھیں گے۔ خشکی سکری بھی دور ہوگی۔

[illegible]

Digitized by Google

طاہر منصور فاروقی

# امراض پیٹ کی اسپیشلسٹ ڈاکٹر مولی!



مولی برصغیر میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سبزیوں میں سے ایک ہے۔ یہ سالانہ اگنے والی، روئیں دار سبزی ہے۔ جڑ پر مشتمل اس سبزی کا تنا یا شاخیں نہیں ہوتیں بلکہ جڑ سے براہ راست سبز پتے پھوٹتے ہیں۔ جڑ ایک نی ہوتی ہے جو گول بیلن نما یا مخروطی، سفید یا سرخ رنگ کی ہے، معمولی سی کھردری، گداز اور رس سے بھری ہوتی ہے۔ یہ 10 سے 20 سینٹی میٹر لمبی اور 3 سے 7 سینٹی میٹر موٹی ہوتی ہے۔ یہ بھوک بڑھاتی ہے اور خون کی گردش کو فعال بناتی ہے۔ مولی کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں جن کا سائز اور رنگ مختلف ہوتا ہے۔ سفید یا سرخ رنگ زیادہ مقبول ہے۔ ابتداء میں یہ بہت نرم و نازک ہوتی ہے لیکن پکنے کے عمل کے دوران یہ سخت ہوجاتی ہے۔ مولی کے تمام تر فوائد حاصل کرنے کے لیے اسے کچی حالت میں ہی کھانا چاہیے۔ پکانے پر اس کے حیاتینی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ بالخصوص سکروی دور کرنے والے اجزاء تباہ ہوجاتے ہیں۔ مولی کے پتوں کو بھی سلاد کے طور پر یا سالن میں پکا کر کھایا جاتا ہے۔ مولی کے پتوں میں کیلشیم، فاسفورس، وٹامن سی اور پروٹین نسبتاً زیادہ پائی جاتی ہیں۔ **شفاء بخش اجزاء اور قدرتی فوائد:** مولی کے پتے پیشاب آور، دافع سکروی اور مسہل ہوتے ہیں۔ مولی کی جڑ بھی سکروی کے مرض سے محفوظ رکھنے اور اس کا علاج کرنے کی زبردست صلاحیت رکھتی ہے۔ مولی کے بیج بلغم خارج کرتے ہیں۔ پیشاب آور ہیں اور تبخیر کی بے چینی دور کرتے ہیں۔ بیج مسہل اور محرک بھی ہوتے ہیں۔

**بواسیر کا علاج:** مولی کا جوس اور تازہ جڑ، بواسیر کا موثر علاج قرار دیا جاتا ہے۔ 60 سے 90 ملی لٹر تک کی مقدار میں اس کا جوس صبح و شام کے وقت پینا چاہیے۔

**پیشاب کی بے قاعدگیاں:** مولی کا جوس درد کے ساتھ پیشاب آنے کی تکلیف اور رحم کے شدید درد میں عمدہ علاج بالغذا ہے۔ اسے تکلیف کی شدت کے مطابق 60 سے 90 ملی لٹر تک پینا مناسب رہتا ہے۔ ضرورت کے مطابق اسے دن میں کئی بار پیا جاسکتا ہے۔ مثانے کی پتھری اور سوزش دور کرنے کے لیے مولی کے پتوں کا جوس ایک کپ روزانہ پندرہ دن تک پینا صحت بخشتا ہے۔

**سینے کی تکالیف:** مولی کا تازہ جوس ایک چائے کا چمچ، ہم وزن شہد اور تھوڑا سا نمک ملا کر استعمال کرنا، گلا بیٹھ جانے، کالی کھانسی، برونکائٹس اور سینے کے دیگر امراض میں بہت مفید ہے۔ نسخہ دن میں تین بار استعمال کرنا چاہیے۔

مولی کا جوس درد کے ساتھ پیشاب آنے کی تکلیف اور رحم کے شدید درد میں عمدہ علاج بالغذا ہے۔ اسے تکلیف کی شدت کے مطابق 60 سے 90 ملی لٹر تک پینا مناسب رہتا ہے۔ ضرورت کے مطابق اسے دن میں کئی بار پیا جاسکتا ہے

**یرقان:** مولی کے سبز پتے یرقان کے علاج میں نافع ہیں۔ پتوں کو کچل کر کسی کپڑے میں ڈال کر نچوڑنے سے مطلوبہ جوس حاصل ہوجاتا ہے۔ ذائقہ بہتر بنانے کے لیے اس میں چینی شامل کی جاسکتی ہے۔ اس مشروب کا نصف کلو بالغ فرد کے لیے روزانہ استعمال کرنا نافع ہے۔ اس سے فوراً افاقہ ہوتا ہے۔ مذکورہ مشروب بھوک بڑھاتا ہے اور صفرا کو خارج کرتا ہے اور مرض بتدریج ختم ہوجاتا ہے۔

**مولی سے پھلبہری کا علاج:** مولی کے بیجوں سے بنا پیسٹ اس مرض میں مفید رہتا ہے۔ 35 گرام بیج سفوف بنا کر اس میں سرکہ ڈالنے سے مطلوبہ پیسٹ تیار ہوجائے گا۔ یہ پیسٹ لیوکوڈرما کے سفید دھبوں پہ لگانا چاہیے۔ زیادہ بہتر نتائج کے لیے مولی کے بیجوں کو کوٹتے ہوئے ان میں چٹکی بھر آرسینک (زہر) شامل کر لینا چاہیے اور پھر رات بھر سرکہ میں بھگو رکھنا چاہیے۔ دو ہفتوں کے بعد پتے نمودار ہوجائیں گے۔ انہیں جسم کے سفید داغوں پہ ملنا چاہیے۔ نوٹ: یہ نسخہ صرف اور صرف بیرونی استعمال کے لیے ہے۔

**جلد کے دیگر عوارض:** مولی کے پتوں میں مصفی مادے ہوتے ہیں۔ جب کہ مولی کے بیجوں کا ایملشن (پانی کے ساتھ بنانے کے بعد) چہرے پر ملنے سے کالے تل اور چھائیاں دور ہوجاتی ہیں پیٹ کے کیڑے بالخصوص رنگ ورم کی ہلاکت کے لیے کا استعمال آزمودہ ہے۔

# سچا خواب اور تین شک دور

نامور دینی شخصیت اور مورخ محمد قاسم فرشتہ کی تاریخ ہند جو ''تاریخ فرشتہ'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس کا ایک باب میں سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے حالات' شخصیت اور کارہائے نمایاں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ دن کو فتوحات سر کرتا اور رات کو درود پاک حضور نبی کریم آقائے دو جہاں ﷺ پر بھیجا تھا۔ ایک رات رعایا کے حالات معلوم کرنے کیلئے غزنی کے کسی محلہ میں جا کر دیکھ رہا تھا کہ ایک لڑکا کسی مسجد سے اندھیرے میں آتا کوئی کتاب اٹھائے ہوئے ایک امیر آدمی کے گھر کے ساتھ جو شمع دان روشن تھا کچھ دیر کتاب کو دیکھتا پھر واپس چلا جاتا' رات کے گشت میں سلطان نے اسے کئی بار ایسا کرتے دیکھا اور اس سے دریافت فرمایا کہ یہ تو کیا کررہا ہے؟ اس لڑکے نے بتایا کہ وہ قرآن پاک حفظ کررہا ہے' رات کو اندھیرا ہے' مسجد میں چراغ نہیں ہے میرے پاس چراغ روشن کرنے کے پیسے نہیں ہیں' سلطان نے اسی وقت اپنے محل میں جا کر اپنے اہلکار کے ذریعے چراغ کا بندوبست اور دیگر سہولیات کا بندوبست کردیا' لڑکا مطمئن اور خوش ہوگیا۔ سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کو شیطان نے تین شکوک میں مبتلا کررکھا تھا؟ ایک: یہ کہ وہ شاید سبکتگین کا بیٹا ہے یا نہیں۔ دوسرا: اس حدیث مبارکہ پر کہ میری امت کے علماء انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں' شک تھا۔ تیسرا: قیامت برپا ہوگی یا نہیں کہ یہاں دنیا پر ہی اچھائی کی تعریف' برائی کی مذمت یعنی سزا مل جاتی ہے۔ طالب علم لڑکے کی مدد کرنے کے بعد سلطان المعظم رات کو آقا دو جہاں حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں درود پاک کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے سو گیا۔ نبی کریم ﷺ نے اپنا چہرہ انور کے ساتھ دیدار کرایا اور سلطان سے یوں مخاطب ہوئے۔ 1۔ اے سبکتگین کے بیٹے۔ 2۔ تو نے میرے وارث کی مدد کی ہے۔ 3۔ کل قیامت والے دن میں تیری شفاعت اور مدد کروں گا۔ اس طرح سے خواب سے ایک ہی الفاظ میں شیطان کی طرف سے دماغ میں ڈالے گئے تینوں شک دور ہوگئے۔ اللہ پاک تمام مومنین کو مساجد اور مستحق دینی و دنیاوی طالب علموں کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
(بڑوں' بچوں کیلئے یکساں مفید)
نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفاءٔ

Digitized by Google

| | | |
|---|---|---|
| پیٹ کے تمام امراض کیلئے اکسیر ترین نسخہ جات | خشک آملہ، گائے کا دودھ اور شہد کا کرشمہ | نزلہ اور امراض کان کا علاج صرف دو ڈراپس |
| پھنسی، بھگندر، ناسور کا علاج | انار دانہ، پودینہ معدہ اسپیشلسٹ | اخلاص بہت بڑی دولت ہے |

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## خاندانی حکیم ہوں مگر دکانداری نہیں کرتا لاکھوں کے نسخے بالکل مفت لیجئے

محترم حضرت حکیم السلام وعلیکم! اللہ پاک ہم سب کو نیکی اور بھلائی کے کاموں کی توفیق دے۔ طب پیغمبروں کی میراث ہے۔ آج تک عبقری میں ایسا نسخہ شاید ہی آیا ہو۔ یہ نسخہ دنیاوی نہیں بلکہ سماوی ہے جس کی حضرت جبریل علیہ السلام واسطے نبی کریم ﷺ کے رب العالمین عزوجل کے پاس سے لائے تھے۔ پس یہ دوا نافع ہے واسطے سب قسم کے دردوں کے مثل درد پشت، درد پا، درد معدہ، درد کمر، درد سر، درد دل، شقیقہ، ناک اور کان کے درد کیلئے مفید ہے۔ قولنج کو (انتڑیوں کا درد) بوئے دہن کو، بوئے بغل کو دور کرتی ہے۔ مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔ دانتوں کے درد کو تمام اعضاء کی سستی کو دفع کرتی ہے۔ اگر ایک سال میں ایک ہفتہ جو شخص یہ معجون کھائے تو اس آدمی کو احتیاج کسی طبیب کی نہ ہو اور وہ آدمی کسی درد میں مبتلا نہ ہو۔ اگر جس کی چار بیویاں ہوں وہ شخص بھی خوشحال ازدواجی زندگی گزارے گا۔ ھوالشافی: قلنجن (خولنجاں)، سونٹھ، کباب چینی، عقرقرحا، اگرخام (عود ہندی)، لونگ، نخود سیاہ (کالے چنے بھنے ہوئے)، جاوتری، پوست خشخاش، اجوائن دیسی، پوست کابلی ہڑ، بسوڑہ، ہر ایک دس گرام۔ ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر مصری اور شہد (جھاگ اتارے ہوئے) اور گائے کا دودھ ہر ایک سے بقدر ضرورت لیکر تینوں کو باہم ملا کر قوام کریں پھر سب دوائیں اس میں گوندھیں۔ ایک خوراک کی مقدار چھ ماشے ہے۔

حکیم صاحب میرے دادا مرحوم (اللہ پاک انکی مغفرت کرے) حکیم تھے۔ میرے والد بھی، میں خود بھی لیکن ہم لوگ دکانداری نہیں کرتے۔ مطلب حکمت کو بطور روزگار کے نہیں کرتے لوگوں کو دوا دے دیتے ہیں انسانیت کی خدمت سمجھ کر۔ میں کوشش کروں گا کہ آئندہ بھی آپ کو ایسے نسخہ جات ارسال کرسکوں۔ رنگا ورم: یہ بیماری گردن یا کمر پر ہوتی ہے بعض اوقات ہاتھ اور پاؤں پر بھی ظاہر ہو جاتی ہے۔ دائرہ کی شکل میں باریک دانے نکلتے ہیں جس میں شدید خارش ہوتی ہے پانی نکلتا ہے اور یہ دائرہ پھیلتا جاتا ہے۔ اس بیماری میں ماہنامہ عبقری میں شوگر کیلئے ایک نسخہ چھپا تھا۔ ھوالشافی: تمہ، کلونجی، تخم سرس اور گوند کیکر (اس نسخہ میں میں نے گوند کیترا کا اضافہ کیا) رنگا ورم کے مریض کو استعمال کروائی۔ رنگ ورم پر خالص شہد لگایا، رنگا ورم ختم، دوبارہ نہیں ہوا۔ آپ کی یہی دوا نزلہ زکام کیلئے 2 سے 3 کیپسول بڑے سائز کے بھر کے صبح و شام استعمال کروائی۔ نزلہ زکام ختم، یہ دوا امساک بھی لاتی ہے۔ تخم سرس کی وجہ سے کیونکہ یہ ٹھنڈا اور خشک ہے۔ سردیوں میں سینے کی کھڑکھڑاہٹ کو دور کرنے کا ٹوٹکہ: سینے کی کھڑکھڑ ہو کسی دوا سے آرام نہ آرہا ہو۔ گرم مزاج والوں کو کلونجی 10 گرام، لہسن ایک ٹری، تیل سرسوں 100 گرام میں جلالیں۔ چائے کا چمچ صبح و شام پلا دیں۔ شفاء کلی نصیب ہوگی۔ 2 سے 3 دن یہ نسخہ استعمال کریں۔ یہی نسخہ انتڑیوں کے السر کیلئے بھی ہے۔ کمال کی ممسک: ٹھنڈے مزاج والوں کو تخم سرس، تمر ہندی، برابر وزن خوراک ایک چنے کے برابر یہ چیزیں آزمودہ ہیں (یہ کمال کی ممسک ہے بغیر کسی بھی سائیڈ افیکٹ کے)۔ بلغم کے لیے سب سے اچھی دوا: مصطگی رومی، پہاڑی پودینہ، اجوائن دیسی، کلونجی، ہم وزن باریک سفوف بنائیں۔ شہد میں گوندھیں۔ خوراک صبح شام چائے کا چمچ پانی کے ہمراہ لیں۔ بلغم کیلئے سب سے اچھی دوا ہے۔ (سعید شہزاد، گوردے والا)

## احساس کمتری کے شکار روحانی ٹوٹکہ آزمالیں!

احساس کمتری قوت ارادی کی کمزوری سے واقع ہوتا ہے جب یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہم کسی شخص کے سامنے نہیں جا سکتے، بات نہیں کر سکتے، ہم دوسرے لوگوں سے کمتر ہیں یا دوسرے لوگ ہم سے کمتر ہیں۔ یہ سب باتیں کمزور قوت ارادی کی عکاسی کرتی ہیں۔ طرز فکر صحیح ہو یا غلط دونوں کا تعلق دماغ کے ان خلیوں سے ہے جو زندگی میں کام آنے والے جذبات کو تخلیق کرتے ہیں اور جذبات آدمی کی قوت ارادی کے تابع ہوتے ہیں۔ اس لئے جب کسی انسان کے اندر جذبات اس کے ارادہ کے تابع نہیں رہتے تو اس کی زندگی میں خلاء واقع ہو جاتا ہے۔ اس خلا کا دباؤ ہی دراصل احساس کمتری کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ نہایت آسان اور سہل علاج یہ ہے کہ آدمی ہر وقت باوضو رہے۔ باوضو رہنے میں اس بات کی احتیاط لازم ہے کہ بول و براز یا اخراج ریاح کے قدرتی عمل کو نہ روکا جائے کیونکہ اس سے بھی دماغ پر زور پڑتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر دوبارہ وضو کر لیا جائے۔ (بحوالہ: کتاب روحانی علاج)

پرانی درد کا علاج: لَا حَیُّ یُوْحَیِّیْ لَیَبْقٰی ان کلمات کے اثرات بھی حیرت انگیز ہیں جسم میں خواہ کسی جگہ درد ہو اور خواہ کسی سبب سے ہو شہادت کی انگلی سے درد کے مقام پر لکھیں اور دریافت کریں اگر درد باقی رہے تو پھر دوبارہ اور اسی طرح سہ بارہ غرض تین مرتبہ میں کیسا ہی درد ہو مریض درد کے مارے سر پھوڑتا ہو بفضلہ تعالیٰ شفا ہو۔ سر اور کمر درد کے لیے آزمایا۔ کامیاب پایا۔ یاوَاجِدُ کا کمال: اگر کھانا کھاتے وقت چند لقموں پر یَاوَاجِدُ پڑھ لیا جائے تو کھانا نور بنتا ہے اور بیماری کا باعث نہیں بنتا۔ اس کھانے سے معدے کا کوئی مسئلہ جیسے کہ گیس، سینے کی جلن، تیزابیت، بدہضمی اور تبخیر نہیں ہوتی یہ میں نے آزمایا ہے۔

بھڑ کاٹنے کا دم (مجرب اور آزمودہ)

تھوڑی تھوڑی لوہے نا غلام

زمین چھایا آسمان

جتے تھوڑی لڑی او تھے پیر پیغمبرنی دعا

پڑھ کر متاثرہ مقام پر دم کریں۔ (شہزاد محمود، راولپنڈی)

## سردیاں ناف اور ناک میں تیل لگائیے اور کمال دیکھئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ

| | | | |
|---|---|---|---|
| جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک تندرستی ٹانک | تمام اعضاء کیلئے آب حیات | چندونوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں | ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ |
| | گھر بھر کی ضرورت | چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں | (قیمت صرف 440 روپے) |

Digitized by Google

# صحتمند زندگی چاہیے تو زیتون کے تیل میں ڈبکی لگائیے!

سیماورانی خان

زیتون کا شماران پودوں اور پھلوں میں ہوتا ہے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے خصوصیت سے فرمایا ہے۔ قرآن مجید میں چھ مقامات پر زیتون اور اس کے تیل کا تذکرہ ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی تعریف بہت اچھے الفاظ میں فرمائی ہے۔ ایک جگہ اسے مبارک درخت کا تیل کہا گیا ہے اور ایک مقام پر اس کی قسم کھائی گئی ہے۔ باعث تخلیق کائنات حضرت محمد ﷺ نے بھی کئی مواقع پر زیتون کے استعمال کا مشورہ دیا ہے۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ نے فرمایا "زیتون کا پھل کھاؤ اور اسے لگاؤ کیونکہ اس میں ستر بیماریوں سے شفا ہے۔ جن میں ایک کوڑھ بھی ہے"۔ ایک روایت کے مطابق آپ ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ "جس نے زیتون کے تیل کی مالش کی، شیطان اس کے قریب نہ جائے گا"۔ آج ہر چیز کے خواص کو پرکھنے کے لئے سائنسی طریقہ کار رائج ہیں۔ سائنس دانوں نے بھی زیتون کے شفائی اثرات پر خصوصی طور پر تحقیق کی ہے اور زیتون کے بارے میں ایسی حیرت انگیز اور مفید صحت خصوصیات کا انکشاف کیا ہے جس سے قدیم ادوار کے نظریات کو مہمیز ملی ہے اور قرآن وسنت کی ہدایت پر غور وفکر کر کے سائنسی حقائق حاصل کئے گئے ہیں۔ آیئے اب ان سائنسی حقائق اور طبی پہلوؤں کی روشنی میں زیتون کے تیل کے خواص کا مطالعہ کرتے ہیں۔ حال ہی میں ہونے والی ایک ریسرچ سے انکشاف ہوا ہے کہ زیتون تیل Olive Oil بڑی آنت کے سرطان سے محفوظ رکھتا ہے۔ برطانیہ سمیت 82 ملکوں کے باشندوں کی کھانے پینے کی عادات اور انداز سے متعلق سائنس دانوں نے ایک تحقیقی جائزہ تیار کیا ہے۔ اس تحقیق کی بنیاد پر انہوں نے خیال ظاہر کیا کہ آنت کی اندرونی سطح کے خلیے عموماً جتنی مرتبہ اپنی تجدید کرتے ہیں، زیتون کا تیل اس تعداد میں اضافہ کر دیتا ہے۔ سائنس دانوں کے مطابق جن لوگوں کی غذا میں گوشت زیادہ ہوتا ہے ان میں خلیوں کی تجدید کا عمل سست پڑ جاتا ہے۔

آکسفورڈ یونیورسٹی کی ایک تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیتون کا تیل صفراوی تیزاب کی مقدار میں کمی کرتا ہے اور آنت کی اندرونی سطح کی مسلسل تجدید میں اضافہ ہوتا ہے۔ دوسرے تحقیق کاروں نے یہ بات بھی منکشف کی کہ جو لوگ زیتون کے تیل سے چکنائی حاصل کرتے ہیں ان کے لیے قولون کے سرطان کا خطرہ نصف رہ جاتا ہے۔ بارسلونا یونیورسٹی کے سائنس دانوں نے زیتون کے تیل کا تجربہ چوہوں پر کیا تو معلوم ہوا کہ جن چوہوں کو یہ تیل کھلایا گیا ان کے لئے آنت کے سرطان کا امکان دوسرے چوہوں کی بہ نسبت پچاس فیصد کم رہا۔ اطباء کے مطابق زیتون کا تیل پینے سے آنتوں اور معدے کے امراض ختم ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس تیل میں گردے کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے بذریعہ پیشاب خارج کرنے، جسمانی کمزوری دور کرنے اور گلا صاف کرنے کی بھی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ اسی طرح زیتون کے پتوں کا پانی سرخ پھنسیوں، پھوڑوں اور خارش کے مقام پر لگانا موثر دیکھا گیا ہے۔ دور حاضر میں زیتون کی افادیت کو پہلے ہی تسلیم کیا جا چکا ہے اور بہت سی بیماریوں سے افاقہ کی ضمانت قرار دے دیا گیا ہے۔ ایک خیال یہ بھی ہے کہ زیتون کے تیل میں پائے جانے والے وٹامن ای، وٹامن کے اور پولی فینول ایک ایسا دفاعی نظام فراہم کرتے ہیں جو بڑھاپے کی آمد میں تاخیر کا سبب بن سکتا ہے اور جسم کے مدافعتی نظام کو مضبوط کرتا ہے۔ علاوہ ازیں زیتون کے تیل سے شریانوں کی تنگی کو روکنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ ماہرین نے بتایا کہ زیتون کا تیل اس میٹابولزم میں تاخیر پیدا کر دیتا ہے جو انسان کے بڑھاپے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق زیتون کے تیل میں موجود وٹامن ڈی جلد اور ہڈیوں کو بڑھاپے کے اثرات سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

معروف مسلمان سائنسدان ابن سینا رقم طراز ہیں کہ روغن زیتون کو پکا کر اگر شہد کی طرح گاڑھا کر لیا جائے اور پابندی کے ساتھ سر پر لگایا جائے تو نہ بال گرتے ہیں اور نہ جلد سفید ہوتے ہیں۔ روغن زیتون کو برابر مقدار میں روغن گل میں ملا کر سر پر لگائیں۔ اس کے علاوہ زیتون کے تیل کی مالش سے جسم کے عضلات اور پٹھوں کی تقویت ملتی ہے اور درد جاتا رہتا ہے۔

بالوں کو اُگانے کے لئے کلونجی، حب الرشاد، سناء مکی اور مہندی کو ہم وزن پیس کر چھ گنا روغن زیتون میں ملا کر پندرہ منٹ ہلکی آنچ پر پکایا جائے پھر اسے چھان کر تیل کی صورت میں سر پر مسلسل لگائیں تو بالوں کے بڑھنے کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔

# اسم اعظم کا روحانی دم سالہا سال پرانے سفلی علم کیلئے ننگی تلوار ثابت ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! جب سے آپ نے اسم اعظم کے روحانی دم کا سلسلہ شروع کیا ہے اس وقت سے کوشش کر رہا ہوں کہ ہر دم میں شرکت کروں' اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ حاضری ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ یہ نام سے ظاہر ہے کہ یہ اسم اعظم کا روحانی دم ہے' واقعی میرا یہ سو فیصد مشاہدہ ہے کہ یہ اسم اعظم کا دم ہی ہے' سب سے بڑا مشاہدہ جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا وہ ہے سچی طلب' جس نیت کیلئے یا جتنی مرضی نیتیں کریں اور جس جذبے سے دم کروائیں اللہ تعالیٰ اپنے نام کی برکت سے ان حاجات کو پورا فرما دیتے ہیں۔ میرے پاس زیادہ عمل نہیں اور نہ ہی میں کوئی زیادہ ذکر کرتا ہوں' یہ میری کوتاہی ہے مگر اسم اعظم کے روحانی دم نے ناممکن کو ممکن کیا اور یہ میں نے خود دیکھا۔ کوشش ہے اللہ تعالیٰ میری طلب کو سچا کر دے' اسم اعظم کے روحانی دم سے روحانی اور جسمانی سکون میسر ہوا' بندشیں' شیطانی اور جادوئی اور سفلی عملیات کیلئے تو ننگی تلوار کا کام کیا ہے۔ سالہا سال سے جو طلسم' کالی دنیا' حسد اور بغض کا نظام چل رہا تھا وہ ایسا ٹوٹا کہ عقل حیران ہے۔ الحمدللہ! جہاں ان کالی چیزوں سے چھٹکارا ملا

(باقی صفحہ نمبر 43 پر)

...بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور ... نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک ... کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف ... میں مختلف شعبوں کی خدمت ... ور ہیں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

خاص تبدیلی اہم نوٹ: پہلے ہر ماہ مغرب کے بعد حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ اور درس ہوتا تھا مگر اب صبح کے وقت اسم اعظم کے دم کے فوراً بعد ہوا کرے گا تاکہ مسافر سہولت سے گھروں کو واپس جا سکیں۔

## کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے ڈاک خرچ)

Digitized by Google

# جوانی کی لمبی اننگز کھیلئے اور بڑھاپے کو لگائیے بریک

پروفیسر سلمان، کراچی

ایک ہفتے میں دو دو بار روزانہ یہ ورزش کیجئے، پھر آہستہ آہستہ پانچ مرتبہ کرنے کی کوشش کیجئے۔ اس سے دوران خون باقاعدہ رہتا ہے۔ گھٹنوں میں درد کی شکایت نہیں رہتی۔ سینہ مضبوط ہوتا ہے۔ آنتوں کو تحریک ملنے سے قبض دور ہو جاتا ہے۔ گیس کی تکلیف نہیں رہتی۔

ہمارا جسم بے شمار خلیات اور ریشوں سے بنا ہے۔ جدید دریافت کے مطابق فری ریڈیکلز خلیات کو کمزور کر کے ہمیں بڑھاپے کی طرف دھکیلتے جاتے ہیں۔ یہی خلیے اور ریشے جتنے لچک دار ہوں گے، انسان اتنا ہی صحت مند ہوگا۔ ان کی لچک کم ہونے کے ساتھ ساتھ جوانی بھی رخصت ہونے لگتی ہے۔ یوگا کی ورزشیں عضلات میں لچک اور نرمی پیدا کرتی ہیں۔ پھیپھڑوں کی طرح یہ عضلات بھی آکسیجن کے محتاج ہوتے ہیں اور انہیں یہ آکسیجن ان میں رواں دوران خون ہی سے مل سکتی ہے، اس لیے یوگا ورزشوں میں سانس کی ورزشوں کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ ورزشوں کے دوران تسلسل اور ایک رفتار سے سانس کا لینا بھی ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس طرح کی جانے والی یوگا ورزش کرنے والے مختلف امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔ جھریاں ان کے جسم اور چہرے پر جال نہیں بنتیں۔ ان کی جلد نہیں لٹکتی اور وہ دوسروں کے مقابلے میں ذہنی اور جسمانی طور پر بھی جوان نظر آتے ہیں۔ **پرانایام:** یعنی سانس کی ورزش کئی طریقوں سے کی جاتی ہے اسے یوگا میں بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ بتایا ہوا طریقہ سب سے آسان ہے۔ شوق بڑھے تو اس کی دیگر اقسام بھی اختیار کی جا سکتی ہے یہ طریقے یوگا کی معیاری کتب میں درج ہوتے ہیں۔ **سرونگ آسن:** سخت فرش پر دری وغیرہ بچھا کر سانس کی ورزشیں مکمل کرنے کے بعد بالکل چت لیٹ کر جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیجئے اور ذہنی طور پر خود کو پرسکون رکھ کر دونوں بازو جسم سے لگا کر دونوں پیر، گھٹنے سیدھے رکھتے ہوئے آہستہ آہستہ اٹھاتے ہوئے کمر کو ہاتھوں سے تھامے اٹھتے جایئے یہاں تک کہ آپ کی ٹھوڑی سینے سے لگ جائے اور ٹانگیں بالکل عمودی حالت میں آجائیں۔ ٹانگیں آرام کی حالت میں رہیں اور سارا بوجھ کہنیوں پر پڑے۔ اوپر اٹھنے کے دوران آہستہ سانس لیتے رہیں۔ اس پوزیشن میں آنے کے بعد پیٹ کے ذریعے سے پانچ چھے سانس لے کر ٹانگیں ذرا پیچھے یعنی سر کی طرف لے جا کر ہاتھ ہٹا دیں اور دھیرے دھیرے زمین پر پہلی یعنی ابتدائی پوزیشن پر لگا رہنا چاہیے۔ ورزش کے دوران اپنی توجہ حلق پر مرکوز رکھیں، تھائرائڈ گلینڈ یہیں ہوتا ہے۔ اس کی بہتر کارکردگی کا صحت و توانائی سے بڑا گہرا تعلق ہوتا ہے۔ دماغ میں آکسیجن سے بھرپور خون کے پہنچنے سے ذہنی صلاحیتیں بڑھ جاتی ہیں۔ کانوں اور آنکھوں کو فائدہ پہنچتا ہے اور پورے بدن میں توانائی کی رو دوڑ جاتی ہے۔

**اتھان پد آسن:** یعنی پیر بلند کرنے کی ورزش، فرش پر بالکل سیدھے چت لیٹ جایئے۔ گہرا سانس لے کر دونوں پاؤں گھٹنوں میں سے موڑے بغیر زمین سے دو فٹ اوپر اٹھایئے اور تیز تیز سانس لیتے رہیے اور دھیرے دھیرے پاؤں زمین پر واپس لے آیئے۔ آپ یہی ورزش ایک ایک پاؤں سے بھی کر سکتے ہیں۔ ایک ہفتے میں دو دو بار روزانہ یہ ورزش کیجئے، پھر آہستہ آہستہ پانچ مرتبہ کرنے کی کوشش کیجئے۔ اس سے دوران خون باقاعدہ رہتا ہے۔ گھٹنوں میں درد کی شکایت نہیں رہتی۔ سینہ مضبوط ہوتا ہے۔ آنتوں کو تحریک ملنے سے قبض دور ہو جاتا ہے۔ گیس کی تکلیف نہیں رہتی۔ اس ورزش کے دوران پیر اور جسم تھرتھرائے تو اسے کمزوری کی علامت سمجھا جائے۔ یہ کیفیت رفتہ رفتہ دور ہو جائے گی جو جسم کے توانا ہونے کی علامت ہوگی۔

**نل آسن:** یعنی جسم کو نل جیسی پوزیشن میں لانے کی ورزش فرش پر بالکل چت لیٹ کر ہاتھ جسم کے ساتھ رکھ لیں۔ کوشش کیجئے کہ ریڑھ کی ہڈی زمین سے لگی رہے۔ اب سرونگ آسن ہی کی طرح پیروں کو بالکل سیدھا رکھتے ہوئے اٹھا کر پیٹ کو سکیڑتے جائیں اور ٹانگیں پیچھے کی طرف اس حد تک لائیں کہ وہ فرش پر ٹک جائیں۔ بازو اور ہتھیلیاں فرش پر لگی رہیں۔ اس سے بھی پورے جسم کو فائدہ پہنچتا ہے۔ ریڑھ اور پشت مضبوط ہوتی ہے یوں پورے جسم کے لیے یہ طاقت بخش ثابت ہوتی ہے۔ اعصابی نظام میں توانائی آتی ہے۔ ریڑھ کی ہڈی لچکدار ہوتی ہے تو جوانی برقرار رہتی ہے۔ پیٹ کے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں۔

**بدھا پدم آسن:** پدم آسن کو "کنول آسن" بھی کہتے ہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ آلتی پالتی مار کر اس طرح بیٹھیں کہ بایاں پیر دائیں گھٹنے پر اور دایاں پیر بائیں گھٹنے پر رکھا جائے۔ کرسیوں، صوفوں پر بیٹھنے کے عادی افراد کے بیٹھنے کا یہ انداز مشکل ہوتا ہے، لیکن کوشش کرتے رہنے سے اس انداز میں نشست ممکن ہو جاتی ہے۔ اس انداز میں بیٹھ کر پشت بالکل سیدھی رکھیے اور دھیرے دھیرے گہرے سانس لینے کے بعد دونوں ہاتھ پیچھے لے جا کر پکڑ لیجئے اور سانس خارج کرتے ہوئے آہستہ آہستہ جھکتے جایئے یہاں تک کہ پیشانی زمین کو چھونے لگے۔ دبلے پتلے افراد یہ آسن آسانی سے کر لیتے ہیں۔ فربہ افراد کو اس کی مشق کرنا ہوگی۔ ابتدا میں آدھا منٹ یہ ورزش کریں۔ اس کے دوران سانس لیتے رہیں۔ مشق ہو جائے تو یہ ۸ منٹ تک کی جا سکتی ہے۔ اس سے اعصاب توانا ہوتے ہیں۔ پیٹ چھوٹا ہوتا ہے۔ آنتوں، معدے اور جگر کا فعل جاگتا ہے۔ گردے صاف ہوتے ہیں۔ گلا مضبوط ہوتا ہے۔ چہرے کی جھریاں دور ہوتی ہیں۔ کان، آنکھیں، بال، اور دماغ کو طاقت ملتی ہے۔ پیروں میں خون کی روانی بڑھتی ہے۔ اکثر موٹے افراد اس تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ پیروں اور ہاتھوں میں سوزش کی تکلیف ختم ہو جاتی ہے۔ موٹاپا کم ہو کر جسم توانا ہوتا جاتا ہے۔ دمے، بواسیر کے مریضوں کے لیے بھی یہ آسن مفید ہوتا ہے۔

**بھجنگ آسن:** فرش پر پیٹ کے بل لیٹ جایئے۔ سانس لے کر ہاتھوں کے بل آہستہ آہستہ اٹھیئے۔ پہلے ٹھوڑی اٹھے پھر سینہ اور پھر پیٹ۔ سر کو ممکنہ حد تک پیچھے لے جا کر سانس لیتے رہیے۔ ایسے پانچ سانس لے کر چھٹے سانس پر آہستہ آہستہ پہلی حالت میں آجایئے اور سانس خالی کر دیجئے۔ خیال رہے کہ پیر زمین کے ساتھ لگے رہیں۔ ابتدا میں ۴-۵ مرتبہ یہ ورزش کیجئے۔ پھر اسے ۱۲ مرتبہ تک عمر اور طاقت کے مطابق کر سکتے ہیں۔ کوشش کیجئے کہ آپ کا سر ناگ کی طرح جس قدر ہو سکے، پیچھے جائے۔ آنکھیں کھلی اور منہ بند رکھ کر سر کو سانپ کی طرح دائیں بائیں حرکت دیجئے۔ اس ورزش میں بڑھاپے کو روکنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ریڑھ کی ہڈی میں لچک پیدا ہوتی ہے۔ سستی، کاہلی دور ہوتی ہے۔ گلینڈز کو تحریک ملتی ہے۔ خصوصاً کارٹی زون کی تیاری میں باقاعدگی پیدا ہوتی ہے۔ دمے اور جوڑوں کے درد سے تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ پتے، جگر، تلّی اور گردوں کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔ قبض دور ہوتا ہے۔ ماہواری کا نظام درست رہتا ہے اور جسم خوب صورت ہوتا جاتا ہے۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
120

Digitized by Google

# ذمہ داری کی مان کر کام کرنے کی برکت

داعی اسلام حضرت مولانا (محمد) کلیم صدیقی مدظلہ (العالی)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

کچھ رفقاء نے ایک ملاقات پر شکایت کی کہ ہمارے یہاں اورنگ آباد میں الحمدللہ ساتھی دعوت کے لیے سر جوڑ کر بیٹھ رہے ہیں اور فیلڈ ورک بھی کر رہے ہیں اور الحمدللہ ہر ہفتہ ہمارے برادران وطن کلمہ پڑھ رہے ہیں' مگر یہاں یہ مشکل ہو رہی ہے کہ نووارد مہمانوں اور بھائیوں کو تربیت کیلئے جماعت میں بھیجنے کیلئے لے جاتے ہیں تو جماعت کے ساتھی منع کر دیتے ہیں' اس حقیر نے عرض کیا کہ دعوت کے اس کام میں سب سے بڑی چیز صبر و تحمل ہے اور عرض کیا کہ ہم جو ٹوٹی پھوٹی دعوتی کوششیں کر رہے ہیں یہ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شروع کیے ہوئے کام کی "ت ش" ہے اور ہمیں یہ کام تبلیغی جماعت کی برکت سے ہی ملا ہے۔ اور مجھے امید ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے "ہر کچے پکے گھر کے اندر اسلام داخل ہوگا" کا ظہور بنگلہ والی مسجد سے شروع ہوئی تحریک کے ذریعہ ہی ہوگا' مگر جب تک یہاں کے اکابرین خود اس پلیٹ فارم سے غیر مسلموں میں دعوت کی آواز نہیں لگائیں گے ہم لوگ اس پلیٹ فارم سے دعوت کا کام نہیں کریں گے اور جو لوگ وہاں کی ترتیب سے لگے ہیں ہرگز ہرگز ہم ان کی ترتیب میں خلل نہیں ڈالیں گے' ہم ان سے دعا کیلئے کہیں گے اور اپنی انفرادی زندگی میں جو کچھ وہ کر سکتے ہیں اس کے لیے درخواست کرتے رہیں گے آپ تبلیغ کے بڑوں کو اپنی ٹوٹی پھوٹی کارگزاری سنا کے ان سے اصلاح کی درخواست کرتے رہیں گے اور جو لوگ کسی کام سے نہیں لگے ہیں ان کو جوڑتے رہیں اور ہمارے ساتھی مسجد وار جماعت کے اعمال میں شریک ہوتے رہیں' خارج صلوٰۃ کسی آدمی کا لقمہ دینا مفسد صلوٰۃ ہوتا ہے۔ الحمدللہ ساتھیوں نے مشورہ پر عمل کیا اور جماعت کے ساتھیوں کی سرپرستی میں اپنا کام کرتے رہے۔

اورنگ آباد کا تاریخی اجتماع ہوا جس میں پوری دنیا میں جو اجتماعات اس سے قبل ہوئے ہیں ان سے زیادہ غیر مسلم بھائیوں نے اجتماع میں تعاون کیا' اجتماع کیلئے اپنی زمینیں فراہم کیں اور ہر جگہ اجتماع میں شریک ہونے والوں کا استقبال کیا اور خدمت کی، اکابرین نے ان برادران وطن کا خصوصیت سے شکریہ ادا کیا اور ان کا حق ادا کرنے کی نصیحت بھی فرمائی' اجتماع کے بعد برادران وطن میں اسلام اور مسلمانوں کے لیے قرب کے جذبات پیدا ہوئے جس سے فائدہ اٹھا کر ہمارے رفقاء نے علاقہ میں اپنی جماعتیں بھیج کر دعوت کا خوب کام کیا اور بہت سے لوگوں کو ہدایت نصیب ہوئی اور ان کو جماعت میں بھیجا گیا کچھ روز قبل مہاراشٹر کے دعوتی رفقاء کی ایک مجلس اورنگ آباد میں ہوئی تو ہمارے یہاں اورنگ آباد کے امیر صاحب جناب معین بھائی زید مجدہم جن کا اورنگ آباد کے اجتماع کو تاریخی بنانے میں بنیادی رول رہا ہے ان سے ملنا ہے' ملاقات پر جناب معین بھائی نے ہم لوگوں کا بہت اکرام فرمایا اور بڑی محبت کے ساتھ یہ بات فرمائی کہ ہمارے یہاں دو سو مساجد میں جماعت کا کام ہو رہا ہے ہم نے ہر مسجد وار جماعت کے ساتھیوں سے کہا ہے کہ وہ ہر مسجد سے دو فکرمند ساتھیوں کو آپ کے رفقاء کے ساتھ کام کی ذمہ داری لگائی ہے۔ دو سو مساجد سے چار سو ساتھی جب لوگوں تک بات پہنچائیں گے تو کتنا کام ہوگا وہ دیر تک دعائیں اور حوصلے کے کلمات فرماتے رہے اس حقیر نے رفقاء سے کہا کہ ہم نے اپنے تمام رفقاء کیلئے کام کے اصول کے طور پر ایک رسالہ مرتب کیا تھا "دین کے ہر کام کے رفیق بنو فریق نہیں" اگر اس اصول کا لحاظ کرتے ہوئے کام کیا گیا تو ان شاء اللہ راستے کھلتے چلے جائیں گے اور کہیں ٹکراؤ کی نوبت نہیں آئے گی اس سے یہ بات بھی رفقاء کے ذہنوں میں پڑی کہ ذمہ داری کی مان کر کام کرنے میں بڑی برکت ہے اللہ کی سنت یہ ہے کہ جس کسی کو اللہ تعالیٰ کسی خدمت کیلئے منتخب فرما کر اس پر کام کو کھولتے ہیں اس پر کام کے اصول بھی منکشف کیے جاتے ہیں۔ کاش ہم اللہ تعالیٰ کے اس قانون کا لحاظ کرتے ہوئے کام کریں!

(بقیہ: اسم اعظم کا روحانی دم)

وہاں روح کو تقویٰ اور طہارت نصیب ہوئی' گھر میں امن اور سکون آ گیا۔ کاروبار میں ترقی ہو رہی ہے اور مزید معاش کمانے کے رستے بھی کھل رہے ہیں۔ الحمدللہ! اسم اعظم کے روحانی دم میں یہ نیت بھی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ مجھے اور میری نسلوں کو برکت' عافیت اور خیر والا رزق وسعت کے ساتھ عطا فرمائے اور دل کو تسلی ہے کہ ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ اس مبارک دم کی برکت سے ایسا ہی معاملہ فرما رہے ہیں اور سدا فرمائیں گے۔ (محمد عمر اعجاز' لالہ موسیٰ)

# ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید

**رزق اور عزت میں اضافہ:** جو شخص کھانے کے شروع میں بسم اللہ شریف پڑھ کر اس کے بعد ہر لقمہ کھاتے ہوئے یَاشَکُوْرُ پڑھے تو اللہ اس سے راضی ہوگا' اس کے رزق اور عزت میں دن بدن اضافہ ہوگا۔

**معراجِ کمال:** اللہ تعالیٰ کی محبت معراجِ کمال کو اس وقت پہنچتی ہے جب انسان کے لیے دنیا اور دین دونوں برابر ہو جائیں۔ (حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ)

**سفر کے دوران چکر اور متلی:** اکثر لوگوں کو سفر کے دوران چکر اور متلی کی شکایت ہوتی ہے اس سے بچنے کیلئے سفر شروع کرنے سے پہلے سونٹھ کا سفوف دو تین چٹکی لے کر پھانک لیں۔

**رنگ گورا کرنے کا آسان ٹوٹکہ:** کارن فلور کو دودھ میں ملا کر اپنے چہرے پر لگائیں' یہ عمل ہفتے میں دو یا تین دفعہ کریں' رنگ گورا ہونے لگے گا۔

**آنکھوں کی تاحیات حفاظت:** جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی آنکھوں کی بینائی مرتے دم تک قائم رہے تو اسے چاہیے کہ یَاشَکُوْرُ کو 526 مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھے۔

**ہزار جنازوں پر حاضر ہونے سے بہتر:** حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ عالم کی مجلس میں حاضر ہونا ہزار رکعت نفل اور ہزار بیماروں کی عیادت اور ہزار جنازوں پر حاضر ہونے سے بہتر ہے۔

**داغ دھبے دور:** آلو جلد کے داغ دھبوں کو دور کرتا ہے' خارش' سوزش وغیرہ کی حالت میں آلو کا استعمال خاص طور پر کیا جاتا ہے' آلو کے قتلے جلد کو شفاف کرتے ہیں۔

**تابعدار بیوی:** اگر کسی کی بیوی تابعدار نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَاعَلِیُّ کو 21 روز تک 11 ہزار مرتبہ پڑھے اور آخری روز اللہ کے حضور بیوی کے تابع ہونے کی دعا کرے۔

---

**اپنی بیماریوں اور پریشانیوں سے نجات پانے کیلئے آج ہی "ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید" کتاب کا مطالعہ کریں اور اپنے ہر مسئلہ کا حل چھوٹے سے ٹوٹکہ یا عمل سے کیجئے**

عبقری کی تمام کتب اور ادویات گھر بیٹھے حاصل کرنے کیلئے
صرف اس نمبر پر رابطہ کریں: 0332-7552382

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے

ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی، آنکھوں کے سامنے اندھیرا' قبض، ہائی بلڈ پریشر، زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض ان تمام امراض کیلئے
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

Digitized by Google

[redacted]

## دن میں تارے دیکھنے کیلئے یہ نسخہ آزمائیے!

## امی بھائی کی شادی پر ہم کو نہیں بلانا چاہتیں

## میری کزن کا بارہا کا آزمودہ عمل

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ چاہے بے ربطہ ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

[redacted]

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری ہر ماہ پڑھتا ہوں اور آپ کے درس بہت شوق سے سنتا ہوں۔ گزشتہ دنوں میری دکان کے سامنے ایک سفید ریش شخص کا رکشہ خراب ہوگیا' ان دنوں سخت گرمی تھی' وہ بے چارہ تقریباً گھنٹہ بھر سے پریشان کھڑا تھا' بار بار رکشہ کے انجن کی مختلف چیزوں کو چھیڑتا' تاریں اتارتا' لگاتا' کبھی پلگ کھولتا اس کو کپڑے سے صاف کرتا اور پھر لگا دیتا۔ میں پنکھے کے نیچے بیٹھا سارا منظر دیکھ رہا تھا' وہ بے چارہ بار بار رومال سے پسینہ صاف کرتا' گھڑی دیکھتا اور پھر بے چینی سے رکشہ کو سٹارٹ کرنے کیلئے سلف مارتا مگر رکشہ سٹارٹ ہونے کا نام ہی نہ لے رہا تھا۔ اس نے شاید کہیں سے سواری اٹھانا تھی۔ بیٹھے بیٹھے اچانک میرے ذہن میں سورۂ قریش کا وظیفہ آیا' میں نے سوچا چل بندے آج سورۂ قریش کے وظیفے کو آزماتے ہیں' میں نے دکان میں بیٹھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ قریش پڑھی اور اس رکشہ پر دم کردیا اور خود اٹھ کر رکشہ کے پاس چلا گیا' جاتے ہی میں نے رکشہ کے انجن پر ہاتھ مارا اور کہا بابا اب سٹارٹ کرو' اس نے کہا نہیں بیٹا یہ سٹارٹ نہیں ہوگا لگتا ہے کوئی بڑی خرابی پیدا ہوگئی ہے۔ میں نے کہا بابا تم رکشہ کے اندر بیٹھو میں ہلکا سا دھکا لگاتا ہوں ان شاء اللہ سٹارٹ ہوجائے گا۔ وہ نا امیدی میں رکشہ کے اندر بیٹھ گیا میں نے ہلکا سا دھکا لگایا اور رکشہ سٹارٹ ہوگیا۔ بابا بڑا حیران ہوا' سٹارٹ رکشہ سے اترا اور اس نے کہا: بیٹا یہ کام تو مکینک کا تھا' تم تو دکاندار ہو تم کیسے جانتے تھے کہ یہ دھکا سے ہی سٹارٹ ہوگا۔ میں نے اسے کہا یہ سب اعمال کی برکت ہے' وہ پانچ سے دس منٹ میرے پاس کھڑا رہا اور میں اسے سورۂ قریش کے فضائل بتاتا رہا۔ جنہیں سن کر وہ بہت متاثر ہوا۔ (عطاء اللہ' لاہور)

### دن میں تارے دیکھنے کیلئے یہ نسخہ آزمائیے!

قارئین! بڑی بڑی بیماریوں میں آپ فوری علاج کیلئے دوڑتے ہوں گے۔ لیکن یاد رکھیں کہ جسے آپ معمولی بیماری سمجھ کر علاج نہیں کرواتے یہی بیماری بہت سی مہلک بیماریوں کو پیدا کرسکتی ہے۔ یقیناً آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ یہ معمولی بیماریاں کونسی ہیں۔ دائمی نزلہ و زکام' کھانسی' ریشہ' کیرا اور ناک سے پانی اور چھینکیں آنا۔ یہ بیماریاں اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ آپ کا جگر درست طریقے سے کام نہیں کر رہا اور آپ کے بدن میں بلغم کی افزائش زیادہ ہو رہی ہے۔ یہ نسخہ دائمی ریشہ' بلغم اور دماغی کمزوری کا نہایت کامیاب علاج ہے جن خواتین و حضرات کے بال' بلغم' ریشے کی زیادتی اور دماغی کمزوری کے باعث گر رہے ہیں یا وقت سے پہلے سفید ہو رہے ہیں' ان کیلئے یہ نسخہ نہایت ہی مفید ہے۔ یہ نسخہ بالوں کو سیاہ کرتا ہے اور آنکھوں کی نظر کو تیز کرتا ہے۔ معدے کو تقویت بخشتا ہے۔ معدے کی تمام بیماریوں کیلئے شفاء ہے۔ نسخہ حاضر خدمت ہے۔

ھوالشافی: ہریڑ (ہلیلہ) کابلی ایک پاؤ (ہریڑ کی گٹھلی نکال کر پھینک دیں صرف چھلکا استعمال کریں) مصری ایک پاؤ' دونوں اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک: صبح نہار منہ ایک چمچ ہمراہ نیم گرم دودھ لیں۔ ناشتہ ایک گھنٹے بعد کریں۔ دوسری خوراک رات کو سوتے وقت ایک چمچ ہمراہ دودھ ایک پاؤ لیں۔ پانی کے ساتھ بھی کھا سکتے ہیں۔ علاج کچھ عرصہ جاری رکھیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ بالکل کمزور آدمی اس نسخہ کی بجائے ہریڑ کا مربہ استعمال کریں۔ شوگر کے مریض چینی کی بجائے حسب ضرورت شہد خالص ڈال کر گولیاں بنالیں۔ دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ دودھ لیں۔

ہریڑ کے متعلق امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ ہریڑ میں دو ہزار بیماریوں کا شافی علاج موجود ہے۔

پرانے وقتوں میں ایک صاحب اپنے ہر مریضوں کا علاج صرف ہریڑ سے کرتے تھے۔ حکیم کے پاس ہر وقت ایک بوری ہریڑ کی بھری رہتی تھی' اچانک کسی نے وہ بوری چرالی۔ حکیم صاحب کو کچھ دنوں پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ حکیم کو ایک ترکیب سوجھی کہ اس نے اپنے تمام محلے والوں کو دعوت پر بلایا۔ حکیم نے یہ بھی شرط رکھ دی کہ جو شخص دعوت کھا کر جائے گا۔ وہ ضرور مجھے سلام کر کے جائے گا۔ باری باری لوگ آتے گئے۔ ہر شخص کو حکیم صاحب یہ فرماتے کہ آسمان پر دیکھو تمہیں کچھ نظر آرہا ہے؟ وہ کہتے تھے ہمیں کچھ نظر نہیں آرہا۔ آخر کار چور کی باری آئی۔ چور کو حکیم نے فرمایا کہ ''اوپر دیکھو تمہیں کچھ نظر آرہا ہے؟ چور نے کہا ''مجھے (دن کے وقت) ستارے نظر آرہے ہیں' کیونکہ چور کافی عرصہ سے ہریڑ استعمال کررہا تھا۔ اس طریق سے حکیم نے چور کو پکڑ لیا۔ قارئین! اس بات کو لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ ہریڑ کھانے سے بینائی اتنی تیز ہوجاتی ہے۔ دن کے وقت بھی ستارے نظر آنے لگتے ہیں۔ نوٹ: یہ میرا آزمودہ نسخہ ہے۔ یہ نسخہ میرے بڑے بھائی حکیم قاری محمد صادق نے مجھے بتایا تھا۔ قارئین! آزمائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد فرمائیں۔ (حکیم فاروق' چوچھوے والا' سنانواں)

### امی بھائی کی شادی پر ہم کو نہیں بلانا چاہتیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں آئے وظائف خود بھی پڑھتے ہیں اور دوسروں کو بھی بتاتے ہیں سب کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ہم نے ماہنامہ عبقری سے کیا پایا؟ آج میں چند مشاہدات قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔

قارئین! میری کزن کے پاس ایک عورت آئی کہنے لگی کہ میرے سگے بھائی کی شادی ہے اور امی مجھے اور سب رشتہ داروں کو شادی پر بلانا نہیں چاہتیں وہ بضد ہیں اگر میں اور دیگر رشتہ دار ہوئے تو میں (یعنی امی) شادی میں شریک نہیں ہوں گی۔ میری کزن نے ماہنامہ عبقری میں آئے سورۂ فاتحہ اور اخلاص کا عمل اس خاتون کو بتایا اور کہا کہ اس عمل کو سارا دن بار بار کرکے اپنی والدہ کی روح کو ہدیہ کریں' صرف ایک ہفتے کے بعد وہ واپس آئیں اور کہا کہ میری والدہ کا دل نرم ہوگیا وہ آج ہی میرے گھر آئی ہیں اور کہا کہ تم اپنے بھائی


**ایجنسی ہولڈر کے خلاف قارئین کی شکایات**

بعض جگہ سے مسلسل شکایات آرہی ہیں' ایجنسی ہولڈر عبقری کی ادویات کے ساتھ ساتھ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں۔ ادارہ نے صرف عبقری ادویات کی اجازت دی ہے۔ اس کے علاوہ ادویات کے نقصانات کے ہم ذمہ دار نہیں ہونگے۔ قارئین! صرف عبقری ادویات اعتماد سے خریدیں۔ اگر کہیں ایسا ہو رہا تو ہمیں اطلاع کریں۔ ہم ایجنسی منسوخ کرنے کے مجاز ہیں۔ لکھی ہوئی قیمت سے زیادہ ادا نہ کریں۔ (ادارہ)

URDU TUBE
HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com
Digitized by Google

کی شادی پر ضرور شرکت کرنا ہمارے درمیان جو بھی غلط فہمیاں تھیں سب دور ہوگئی ہیں۔صرف اس عمل کی وجہ سے۔ عمل یہ ہے: اول وآخر ایک مرتبہ درود شریف‘ درمیان میں ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنا ہے اور پڑھ کر متعلقہ شخص کی روح کو ہدیہ کردیں۔ ان شاء اللہ جو بات نہیں مان رہا ہوتا وہ بات مان جاتا ہے۔

**جب اچانک سالن بنانا پڑجائے:** ایک دن اچانک مجھے سالن بنانا پڑ گیا‘ میں بہت پریشان ہوئی کیونکہ میں نے کبھی سالن بنایا ہی نہیں تھا‘ پتہ نہیں کیسی کیسی باتیں سننا پڑیں گی‘ بھائی کیا کہیں گے‘ ابو تو غصہ کے ویسے ہی بہت تیز ہیں وہ اچھی خاصی ڈانٹ پلادیں گے۔ سب کہیں گے یہ کیا بنایا ہے؟ سارا سالن ضائع کردیا۔خیر میں نے اول وآخر سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا اور درمیان میں سات مرتبہ حروف بھی پڑھا اور کھانا بنانے کے دوران تین مرتبہ یہ عمل کرکے کھانے پر دم کردیا‘ جب کھانا سب کو ڈرتے ڈرتے ڈال کر دیا تو میں ہر کسی کے چہرے کی طرف دیکھ رہی تھی کہ کون کیا کہتا ہے؟ مگر کھانے کے بعد سب نے تعریف کی اور خاص کر ابو نے (جن کا مجھے سب سے زیادہ ڈر تھا کہ وہ غصہ ہوں گے) کہا کہ واہ بھئی کھانا تو تم نے بہت لذیذ بنایا ہے اور ساتھ ایک سو روپے کا کڑکتا نوٹ نکال کر میری ہتھیلی پر رکھ دیا۔ مجھے بہت زیادہ خوشی ہوئی کہ صرف اس عمل کی برکت سے اللہ رب العزت نے کھانے میں اتنی شاندار لذت ڈال دی۔



میری کزن کا بار ہا کا آزمود

**اگر کوئی چیز نہ مل ہی ہو تو:** اگر کوئی چیز نہ مل رہی ہو ہم تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس اسی نیت سے سننا شروع کردیتے ہیں تو ہمیں ہماری مطلوب چیز مل جاتی ہے۔میری پاسپورٹ سائز تصاویر نہیں مل رہی تھیں‘ ڈھونڈ ڈھونڈ کر تھک گئی پھر درس اسی نیت سے سننا شروع کردیا تو تھوڑی ہی دیر کے بعد میری تصاویر مل گئیں۔(ن-ن)

## عمل بتا! اب درد ہے کہ نہیں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ کے پاس ڈاڑھ کا دم ہے‘ جو مجھے میرے ایک دوست نے بتایا ہے اور اجازت بھی دی ہے۔ یہ دم اب میں قارئین عبقری کی خدمت میں ہدیہ کررہا ہوں۔ جب آپ کے پاس مریض آئے تو اس سے کہیں اپنی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے جس ڈاڑھ میں درد ہے مضبوطی سے پکڑلو اور سات مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھیں اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پھر اس سے پوچھنا ہے آپ کا نام کیا ہے؟ پھر وہ اپنا نام بتائے گا‘ پھر سات مرتبہ بسم اللہ مکمل پڑھیں اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پھر اس سے اس کی والدہ کا نام پوچھیں جب وہ والدہ کا نام بتادے پھر سات مرتبہ مکمل بسم اللہ پڑھیں اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پھر اس سے اس کے والد کا نام پوچھیں‘ جب وہ بتادے تو پھر سات مرتبہ بسم اللہ مکمل پڑھیں اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پھر اس سے اس کی عمر پوچھیں‘ جب عمر بتادے تو پھر سات مرتبہ بسم اللہ مکمل پڑھیں اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پھر اس سے پوچھیں کہ اس کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیل دوں‘ وہ کہے اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیل دو‘ پھر سات مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس کو کہہ دیں ڈاڑھ کو چھوڑ دے اور مریض اگر بیس منٹ تک نہ بولے تو سونے پر سہاگہ ہے‘ ان شاء اللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔ ایک مرتبہ پھر کہہ رہا ہوں کہ میری طرف سے عبقری کے تمام قارئین کو اس دم کی اجازت ہے۔

**کوئی زہریلی چیز ڈنک مار دے تو:** جسم کی کسی جگہ پر اگر کوئی بھی زہریلی چیز ڈنک مار دے تو سات مرتبہ سانس روک کر یہ آیت وَاِذَا بَطَشۡتُمۡ بَطَشۡتُمۡ جَبَّارِيۡنَ ﴿الشعرا ۱۳۰﴾ پڑھ کر دم کردیں اللہ کے حکم سے فوراً آرام آجائے گا۔ ڈنک کی جگہ اپنی انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ درج بالا آیت پڑھتے جائیں اور انگلی گھماتے جائیں۔ کم از کم تین مرتبہ یہ عمل ضرور کریں۔

**شوگر کے مریضوں کیلئے:** دو عدد بڑی بھنڈیاں لے کر اس کو آگے پیچھے سے کاٹ کر مٹی کے پیالے میں بھگودیں اور صبح نہار منہ دونوں بھنڈیاں کھالیں اور اوپر سے پیالے والا پانی بھی پی لیں۔ قارئین! یہ میرا آزمودہ تو نہیں ہے لیکن مجھے جس نے بتایا ہے اس بندے کا آزمودہ ہے اور اس کی شوگر اب مکمل کنٹرول ہے۔ قارئین! میرے پاس یہ تین تجربات تھے جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کردیئے۔ اگر آپ کے پاس بھی کوئی آزمودہ طبی یا روحانی ٹوٹکہ یا عمل ہے ماہنامہ عبقری کو لکھ کر ضرور بھیجئے۔ آپ کے بتائے ٹوٹکے کو لاکھوں آزمائیں گے اور آپ کے لیے صدقہ جاریہ ہوگا۔ (محمد عزیز)

## ایسے ٹوٹکے پہلے کبھی نہ پڑھیں ہوں گے

محترم قارئین السلام علیکم! میرے پاس چند ٹوٹکے جو کہ ہمارے خاندان کے آزمودہ ہیں‘ میں نے عبقری ٹوٹکہ سیکشن میں اپنے قارئین بہن بھائیوں کے نام کرتا ہوں۔ یہ ٹوٹکے پڑھنے اور سمجھنے میں انتہائی عجیب ہے مگر اگر فوائد کے حساب سے دیکھا جائے تو انتہائی تیر بہدف ہیں۔ ہمارے تو آزمودہ ہیں آپ بھی آزمائیے اور عبقری کے ذریعے مجھے ضرور بتائیے گا۔

**گلے کی خراش کا علاج:** گلے میں خراش ہو تو اپنے کان کے کھجلی کریں‘ کیوں کہ کان کے اندر رگوں کی بناوٹ ایسی ہے کہ وہاں خارش کرنے سے آپ کے گلے کو خود بخود سکون پہنچے گا۔ کسی نہایت شور والی جگہ پر کسی کو سننے میں دشواری ہے؟ تو کسی شخص کی بات سننے کے لیے دائیں کان کا استعمال کریں کیوں کہ دایاں کان انسانی آواز کو زیادہ تیزی اور زیادہ بہتری سے سنتا ہے۔

**باتھ روم جانا ہے مگر باتھ روم نہیں:** باتھ روم جانے کی سخت حاجت ہے لیکن باتھ روم پاس نہیں ہے۔ کوئی بات نہیں اپنے پیارے لوگوں کے بارے زیادہ سے زیادہ سوچیں۔ یہ خیالات آپ کے دماغ کو مصروف کردیں گے اور آپ کا دماغ بھٹک جائے گا اور کچھ دیر کیلئے آپ کو سکون مل جائے۔ جیسے ہی باتھ روم ملے حاجت سے فارغ ہوجائے۔(رانا قاسم‘ چونیاں)

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں‘ عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

**ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے**

وہ لوگ جو عملیات‘ تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے کبھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات اگر بیچنی شروع کردیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کردیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

Digitized by Google

# 82 سال کی عمر میں فٹنس چاہتے ہیں تو یہ چند پتے کھا لیجئے!

محمد راشد شمسی، رائل لیبارٹریز، لاہور

اس وقت شاہ صاحب نے اس درخت کی طرف اشارہ کرکے بتایا کہ اس درخت کے خشک پتے ہماری خوراک ہوتی تھی۔ ہم صبح ہتھیلی بھر کر پانی کے ساتھ یہ کھالیتے تھے اور پھر دن بھر کسی چیز کی طلب نہیں ہوتی تھی اور نہ ہی کوئی کمزوری ہوتی۔ یہ ہم سادھوؤں کی خوراک تھی

میں ایک دن انٹرنیٹ پر نئی تحقیق کی فائلیں چھان رہا تھا کہ میری نظر ایک فائل پر پڑی The Miracle Tree ''یعنی معجزاتی درخت'' میں فوراً اس کی طرف لپکا اور اسے پڑھنا شروع کیا، کہ یہ معجزاتی درخت 300 بیماریوں کا کامل علاج ہے جو کسی نہ کسی غذائی کمی کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ اس درخت کے خشک پتے 50 گرام طاقت میں برابر ہیں۔ 4 گلاس دودھ، 8 مالٹے، 8 کیلے، 2 پالک کی گڈیاں، ۲ کپ دہی، 18 ایمائنو ایسڈز، 36 وٹامن او 96 اینٹی اوکسیڈینٹ' میں حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا کہ یہ پودا کتنا طاقتور ہے، سبحان اللہ، وٹامن اے گاجر میں بہت زیادہ ہے مگر اس میں چار گناہ زیادہ ہے۔ فولاد پالک میں بہت زیادہ ہے مگر اس میں چار گناہ زیادہ ہے۔ پوٹاشیم کیلے میں بہت زیادہ ہے مگر اس میں تین گنا زیادہ ہے۔ وٹامن سی مالٹے میں بہت زیادہ ہے مگر اس میں سات گنا زیادہ ہے اسی طرح ان افادیت کی ایک لمبی فہرست ہے، جب اتنے فوائد پڑھ چکا تو درخت کی شناخت کی فکر پیدا ہوئی۔ بالکل سمجھ نہ آئے کہ کون سا پودا ہے، گرم ماحول اور ریتلی زمین میں آسانی سے کاشت ہوتا ہے۔ میں پہلے تو یہی سمجھا کہ یہ درخت اسی امریکن خطے کا کوئی پودا ہے آن لائن سرچ میں اس کے بیج دیکھے جو دس ڈالر کے صرف بیس بیج تھے۔ سوچا پاکستان لے چلوں اور اپنے ملک میں اس نادر پودے کو لگاؤں۔ اگلی رات یہ میرے ذہن پر ایک نقش کی طرح سوار رہا۔

میں نے صبح دوبارہ اس کا نام جاننے کی کوشش کی تو گوگل پر ایک لمبی لسٹ آئی اس میں اس درخت کا نام پڑھ کر جھٹکا سا لگا کہ یہ درخت اتنی اہمیت کا ہے، گاؤں کے لوگ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالتے رہے اور پرانے لوگ نظر تیز کرنے کیلئے سرمہ میں اس کا جوس ڈالتے تھے، اندھراتا (شب کوری) میں مستند سمجھا جاتا تھا۔ کاش وہ لوگ اس وٹامن اے کے خزانے کے راز سے واقف ہوتے، میں نے پہلی بار یہ درخت چالیس سال قبل ایک درویش سید میراں شاہ مرحوم کے باغ میں دیکھا، انہوں نے اس کا تعارف کچھ اس طرح کروایا کہ آؤ آپ کو آج اپنے باغ کی سیر کرواؤں وہ مختلف پودوں پر سیر حاصل بات کرتے ہوئے جب اس درخت کے قریب پہنچے تو فرمانے لگے میری عمر سو سال کے لگ بھگ ہے میں نے جوانی سادھو کے بھیس میں کئی ملکوں کا سفر کیا، ہم لوگ براہ انڈونیشیا، ملائیشیا میں پیدل پھرے، چونکہ اس لمبے سفر میں اپنے ساتھ زیادہ خورد و نوش کا سامان نہیں ہوتا تھا۔ اس وقت شاہ صاحب نے اس درخت کی طرف اشارہ کرکے بتایا کہ اس درخت کے خشک پتے ہماری خوراک ہوتی تھی۔ ہم صبح ہتھیلی بھر کر پانی کے ساتھ یہ کھالیتے تھے اور پھر دن بھر کسی چیز کی طلب نہیں ہوتی تھی اور نہ ہی کوئی کمزوری ہوتی۔ یہ ہم سادھوؤں کی خوراک تھی۔ میں نے دل ہی دل میں اسے اتنی اہمیت نہ دی، اور آگے بڑھ گئے، اب کئی برس کے بعد میں پاکستان پہنچا تو خصوصی طور پر شاہ کے باغ میں گیا اور اس عظیم پودے کو دوبارہ دیکھا اور اپنی نادانی پر خفت ہوئی۔

دوستو! اب میرا یہ ماننا ہے کہ جس صحن میں یہ درخت نہیں وہ گھر صحت مند نہیں۔ میں نے 2010ء میں پہلی بار یہ دوا اپنے دوست احسان صاحب کو ان کی والدہ کی بیماری پر تجویز کی، احسان صاحب کہنے لگے والدہ کی عمر 82 سال ہے اور ان کے جسم میں بہت کمزوری آچکی ہے اب کھڑا ہونا ہی مشکل ہو رہا ہے۔ میں نے تفصیل سے انہیں اس پودے کا بتایا کیونکہ وہ باٹنی میں ڈگری ہولڈر ہیں۔ انہوں نے اس کی تفصیل پڑھی اور والدہ کو استعمال کروائی ایک دن احسان صاحب نے بتایا کہ والدہ بالکل ٹھیک ہیں صحت اتنی بہتر ہوئی کہ انہوں نے رمضان کے روزے بھی رکھے پھر اس دوا سے اپنے خاندان کے 21 آدمیوں کی شوگر کنٹرول کرکے صحتمند ڈگر پر لے آئے۔ لاہور میں ایک حکیم صاحب کو بتانے کی دیر تھی انہوں نے تین سو گرام سوہانجنا پاؤڈر کے 6 ہزار روپے ذیابیطس کے علاج کے لینے شروع کردیئے، حالانکہ بہاولپور کے علاقہ میں یہ خودرو جنگل کے طور پر ہیں، اب فیصل آباد زرعی یونیورسٹی اس کا لٹریچر عوام میں تقسیم کر رہی ہے، اور فری بیج بھی دیئے جا رہے ہیں' آن لائن بھی اس کا لنک موجود ہے بہرحال میں نے یہاں امریکہ میں ۲۵ ڈالر میں ایک پاؤنڈ پاؤڈر خریدا ہے۔ اس کے خشک پتوں کا قہوہ پریشانیوں اور دباؤ میں سکون بخشتا ہے اور بھرپور نیند لاتا ہے، قبض کے مریضوں کے لئے آب حیات ہے، خون کی کمی کی وجہ سے چہرے کی چھائیوں کو بھگانے میں تیر بہدف ہے، کسی بھی طرح کی کمزوری کا واحد حل ہے، حاملہ عورتوں اور بچوں کو بھی استعمال کروایا جاسکتا ہے، افریقہ کے قحط کے دوران ایک چرچ نے یہ پودے غذائی کمی کے شکار لوگوں میں تقسیم کیے، پھر دیکھتے ہی دیکھتے ساری دنیا اس کی گرویدہ ہوگئی آیئے آج ہی سوہانجنا کا پودا گھر میں لگا کر صحتمند زندگی کا آغاز کرتے ہیں۔ یہ پودا ۳۰۰ بیماریوں کا علاج جو غذا کی کمی کے باعث کسی نہ کسی روپ میں ابھرتی ہیں۔ اب اس طاقت کے خزانے کا راز اب تک پہنچ چکا ہے جسے تمام عمر استعمال میں لانا اور اگلی نسل کو منتقل کرنا ہے۔

نوٹ۔ یہ دوا بطور غذا گھروں میں رواج دیں اور صحتمند نسلوں کے مربی بنیں غیر فطری علاج اسٹیرائیڈ آرٹی فیشل وٹامنز کی رنگ برنگی دوائیوں کی بجائے قدرت کے اس خزانے سے فائدہ اٹھائیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسے انسان کے لیے صحت کے ایک خزانے کی شکل میں پیدا کیا ہے۔

## ابھرتے ہوئے تلوں اور مسوں کیلئے 1971ء سے میرا آزمودہ ٹوٹکہ عبقری قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ میں نے 1971ء میں کسی طبی میگزین میں پڑھا تھا۔ دو تین مرتبہ مختلف لڑکیوں اور ایک مرتبہ خود پر آزمایا بہت ہی لاجواب پایا۔ عبقری قارئین کیلئے پیش خدمت ہے' امید ہے قارئین بھرپور استفادہ فرمائیں گے۔ **ھوالشافی:** کالی ہجی، سفید ہجی اور پان میں استعمال ہونے والا چونا' تینوں ہم وزن لے کر خوب باریک پیس لیں۔ پھر تھوڑا سا پانی ڈال کر مرہم کی طرح بنالیں اور دن میں دو تین مرتبہ جہاں تِل ہوں وہاں ماچس کی تیلی کی پچھلی سائیڈ پر لگا کر وہاں لگائیں۔ دو چار مرتبہ لگانے سے تِل کے اوپر کھرنڈ آجائے گا' پھر صرف داغ رہ جائے گا۔ اس پر عرق لیموں اور گلیسرین مکس کرکے لگاتے رہیں۔ کچھ عرصہ میں داغ بھی صاف ہوجائے گا۔ یہ دوا لگانے سے تھوڑی سی جلن ہوتی ہے۔ اس کی فکر نہ کریں۔ (کوثر' خیر پور میرس)

**خون افزاء ٹانک** خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل ☆ صالح خون پیدا کرے ☆ جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔
☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال صحت شاندار بنائے
☆ مستقل صحت وتوانائی اور فولادی قوت کیلئے بے مثال
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
حاملہ خواتین دوران حمل اور بچہ کی پیدائش کے بعد ضرور استعمال کریں

Digitized by Google

# مجھے جب امام حسن و حسین رض کی زیارت ہوئی

واقعی اس عمل سے مشکلات ایسے ٹلتیں ہیں کہ انسان خود حیران رہ جاتا ہے۔ ان نوافل کی برکات سے مجھے بہت سے بزرگوں اور مقدس مقامات کی زیارت ہوئی اور سب سے بڑھ کر مجھے پیارے آقا حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ مجھے آپ سے ملنے کا بے حد شوق ہے۔ ان شاء اللہ کوشش جاری ہے جب بھی ٹیلی فون پر آپ سے ملاقات کا ٹوکن ملا میں ضرور حاضر ہوں گی۔ میں علامہ لاہوتی پراسراری کا قسط وار مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت دلچسپی سے پڑھتی ہوں اس میں موجود وظائف بڑے کام کے ہوتے ہیں' میں بہت زیادہ پریشان تھی۔ مشکلات نے گھیرا ہوا تھا' میں نے جنات کے پیدائشی دوست میں سے سورۂ اخلاص کے نوافل والا عمل پڑھا اور اسے کرنا شروع کر دیا۔ اس عمل کے کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر خاص کرم کیا اور میری پریشانیاں دن بدن کم ہونے لگیں اور میں مشکلات سے ایسے نکلی کہ خود بھی حیران رہ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے خود بخود ہی سبب پیدا فرمانے شروع کر دیئے۔ واقعی اس عمل سے مشکلات ایسے ٹلتیں ہیں کہ انسان خود حیران رہ جاتا ہے۔ ان نوافل کی برکات سے مجھے بہت سے بزرگوں اور مقدس مقامات کی زیارت ہوئی اور سب سے بڑھ کر مجھے پیارے آقا حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی جو میری زندگی کا سرمایہ ہے۔ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کی بے حد شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایسا تیر بہدف وظیفہ عبقری رسالہ میں بتایا۔

میری آپی کا نام (م۔ا) ہے انہوں نے بھی یہ نوافل پڑھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر بھی بے حد کرم اور فضل کیا۔ انہوں نے جب سے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا جہاں ان کی بے شمار مشکلات ٹلیں' مسائل حل ہوئے وہیں انہیں حضور نبی کریم ﷺ بے شمار بزرگ ہستیوں کی زیارت ہوئی۔ میری آپی کو جن ہستیوں کی زیارت ہوئی ان کے نام درج ہیں:۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ' خلیفہ راشدین'، حضرت بلالؓ، حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام، حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام، حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا، امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی زیارتیں کیں۔ انہوں نے کئی بار خانہ کعبہ' مسجد نبویؐ اور حجر اسود کو بھی دیکھا۔ میری آپی کو آرمی میں جانے کا بے حد شوق ہے۔ انہوں نے یہ نفل پڑھتے ہوئے دیکھا کہ ایک سنہری قبر ہے ایک انتہائی نورانی بزرگ اس پر پھول ڈال رہے ہیں' میری باجی پوچھتی ہیں یہ کس کی قبر ہے؟ فرماتے ہیں۔ یہ تمہاری قبر ہے۔ میں ان سے پوچھتی ہوں کہ میری قبر آسمان پر کیوں ہے؟ فرمایا شہیدوں کا گھر آسمان پر بھی ہوتا ہے۔ سنا ہے کہ تم چونڈہ کے مقام پر شہید ہو گی۔ انہوں نے کئی بار دیکھا کہ وہ آرمی میں بھرتی ہوئی ہیں اور ایک لال رنگ کی دیوار ہے اس پر سنہری رنگ سے مختلف رنگوں کے ساتھ ان کا نام لکھا ہوا ہے انہوں نے بہت سے گولڈ میڈل اپنے گلے میں دیکھے۔ سورۂ اخلاص کے نوافل والے عمل سے ہمارے گھر میں بہت سکون آ گیا ہے' گھریلو ناچاقیاں ختم ہو چکی ہیں' ہر کوئی خوش اور خوشحال ہے۔ ہم ساری عمر اس وظیفہ نہ چھوڑیں گے۔ ان شاء اللہ۔ سورۂ اخلاص کا عمل درج ذیل ہے:۔ رات ایک بجے کے بعد 4 نفل اکٹھے ایک ہی سلام کے ساتھ پڑھنے کی نیت کریں' پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 101 بار سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھے اسی طرح ہر رکعت میں پڑھے بس دھیان اور توجہ اللہ کی طرف اور خاص حضوری ہو (ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں) سلام کے بعد سر برہنہ کر لیں اور دائیں بازو سے قمیص نکال کر بازو اور کندھا ننگا کر لیں (عورت کیلئے یہ حکم نہیں ہے) جیسے حالت احرام میں ہوتا ہے پھر 500 بار سورۂ اخلاص پڑھیں اول و آخر درود شریف 11 بار پھر جتنی دیر سارے عمل میں لگی ہے اتنی دیر خوب گڑگڑا کر بھکاری بن کر دعا کریں رو رو کر مانگیں کہ جسم کا رواں رواں کھڑا ہو جائے بہت لمبی اور عاجزانہ دعا کر کے پھر 100 بار سورۂ اخلاص پڑھیں اور پھر سورۂ اخلاص پڑھتے ہوئے لیٹ

جائیں۔ یہ عمل کچھ عرصہ یا کچھ دن مستقل کریں۔ اور قدرت کے کمالات اور حمایت اپنی طرف متوجہ ہوتے دیکھیں آپ حیران رہ جائیں گے۔ آپ کا مسئلہ قرض کا ہے' بے اولادی کا ہے' نوکری کا ہے' گھریلو جھگڑوں' اولاد کی نافرمانی' بیٹیوں کے رشتوں کی بندش' لاعلاج بیماریاں یا اپنے گھر کی خواہش ہے۔ بس یقین کے ساتھ یہی درج بالا عمل کریں پھر رب کریم کی کریمی کی مشاہدہ اپنی جاگتی آنکھوں کے ساتھ کریں۔ بے شمار اس عمل سے پا چکے ہیں آپ بھی پڑھیے اور خالی جھولیاں بھر لیں۔ بس شرط صرف یقین' توجہ اور اعتماد ہے۔ (ک۔ا)

## سسرال میں سسکیاں لیتی بہوؤں کیلئے خوشخبری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عمل ہے جو میں قارئین عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں۔ یہ عمل تقریباً ہر گھر' ہر دفتر اور ہر شخص کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر جن خواتین کی سسرال میں عزت نہ ہو اور سسرال والے اس کو ناجائز تنگ کرتے ہوں اس کیلئے یہ عمل میں بے شمار کو بتایا اور جس جس نے بھی کیا اس کی حکمرانی اس گھر میں قائم ہو گی اور اس کی بات کو حرف آخر سمجھا جانے لگا۔ آج بے شمار بچیاں صرف اس عمل کی برکت سے اپنے گھروں میں سکون سے خوشحال زندگی بسر کر رہی ہیں۔ یہ عمل مجھے بارہ سال پہلے ایک شخص نے دیا تھا۔ یہ عمل زبردست کام کرتا ہے۔ عمل یہ ہے:۔ یَاعَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَاعَزِیْزُ ہر روز فجر کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے درمیان میں 108 مرتبہ درج بالا وظیفہ پڑھنا ہے۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا یَاعَزِیْزُ کا ورد کرنا ہے۔ اس وظیفے کے استعمال سے لوگوں کی گھر میں اتنی عزت ہو جاتی ہے کہ اکثر وہ متکبر بن جاتے ہیں اور چھوٹے بڑوں کی تمیز چھوڑ دیتے ہیں' گھر میں ان کی اجارہ داری قائم ہو جاتی ہے چھوٹا ہو یا بڑا ہر کوئی اس کے سامنے سر تسلیم خم کر لیتا ہے۔ قارئین! میں نے یہ وظیفہ لوگوں کو بتانا چھوڑ دیا ہے' کیونکہ جو کوئی اس کا ناجائز استعمال کرتا ہے اس کا بہت شدید نقصان ہوتا ہے۔ وہ طرح طرح کے مصائب میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ بعض لوگ جنہوں نے خاص طور پر اس وظیفہ کا ناجائز استعمال کیا' دوسروں پر اپنی حکمرانی اور اجارہ داری قائم رکھنے کیلئے عمل کیا اور اجارہ داری قائم کرنے کے بعد ہر کسی کو دھتکارا ان کا انجام بہت ہی بھیانک ہوا۔ بس اس دن سے لوگوں کو بتانا ہی چھوڑ دیا۔ (طارق محمود' کراچی)

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔
قیمت صرف 150 روپے

Digitized by Google

ٹیشن بالکل سنسان ہے صرف ایک شخص کھڑا ہے جو اپنے حلیے سے ہی جرائم پیشہ لگتا تھا۔ وہ انتہائی خوفزدہ ہوگئی۔ پھر اس نے
،مت کی خود کو سنبھالا، قرآن مجید پڑھنا شروع کردیا اور اسے جو کچھ زبانی یاد تھا جسے وہ ایک عرصے سے بھولی ہوئی تھی

# انسپکٹر صاحب میں قاتل کو پہچانتی ہوں!

م۔س۔ر، چکوال

ایک عرب مسلمان لڑکی لندن میں زیر تعلیم تھی ایک مرتبہ وہ اپنی سہیلی کے ہاں ایک تقریب میں گئی کوشش کے باوجود وہ وہاں سے جلدی نہ نکل سکی جب فنکشن سے فارغ ہو کر نکلی تو رات آدھی سے زیادہ بیت چکی تھی۔ اسکا گھر کافی دور تھا سب سے جلدی گھر پہنچنے کا ذریعہ زیر زمین چلنے والی ٹرین تھی لیکن اس میں دشواری یہ ہے کہ آدھی رات کے بعد ٹرینوں میں اور اسٹیشنوں پر بہت سے جرائم پیشہ افراد ہوتے ہیں۔ آئے روز ٹی وی چینلز اور اخبارات میں یہاں ہونیوالی وارداتوں کا تذکرہ موجود ہوتا ہے۔ بہت ہی زیادہ دیر ہو چکی تھی۔ بس کافی وقت لے سکتی تھی۔ لڑکی نے بہت سے خدشات وخطرات کے باوجود ٹرین میں جانے کا فیصلہ کرلیا۔ یہ بات پیش نظر رہے کہ یہ لڑکی دیندار نہیں بلکہ بہت آزاد خیال اور لبرل تھی۔ جب وہ اسٹیشن پر پہنچی تو یہ دیکھ کر اس کے جسم میں خوف کی ایک لہر دوڑ گئی کہ اسٹیشن بالکل سنسان تھا' صرف ایک شخص کھڑا ہے جو اپنے حلیے سے ہی جرائم پیشہ لگتا تھا۔ وہ انتہائی خوفزدہ ہوگئی۔ پھر اس نے ہمت کی خود کو سنبھالا، قرآن مجید پڑھنا شروع کردیا اور اسے جو کچھ زبانی یاد تھا جسے وہ ایک عرصے سے بھولی ہوئی تھی سب کچھ پڑھ ڈالا اتنے میں ٹرین آئی اور وہ اس میں سوار ہو کر بخیریت اپنے گھر پہنچ گئی اگلے دن کا اخبار دیکھ کر چونک اٹھی اسی اسٹیشن پر اس کے روانہ ہونے کے تھوڑی دیر بعد ایک نوجوان لڑکی کا قتل ہوا اور قاتل گرفتار بھی ہوگیا وہ پولیس اسٹیشن گئی پولیس والوں کو بتایا کہ قتل سے کچھ دیر پہلے وہ اسٹیشن پر موجود تھی۔ میں قاتل کو پہچانتی ہوں اس سے کچھ سوال و جواب کرنا چاہتی ہوں جب وہ مجرم کے سیل کے سامنے پہنچی تو اس سے پوچھا: کیا تم مجھے پہچانتے ہو؟ اس نے جواب دیا، ہاں! پہچانتا ہوں رات تم بھی اس اسٹیشن پر آئی تھیں۔ لڑکی نے پوچھا: پھر تم نے مجھے کیوں چھوڑ دیا وہ کہنے لگا: میں تمہیں کیسے نقصان پہنچاتا؟ تمہارے پیچھے تو دو انتہائی صحت مند اور مضبوط باڈی گارڈ کھڑے تھے یہ سن کر لڑکی واپس آگئی واپسی پر لڑکی کی تشکر اور احسان مندی کے جذبات سے مغلوب تھی اور اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت پر اس کا بھروسہ مزید بڑھ گیا تھا۔ اگر ہم اپنے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اللہ کو پکاریں اور اللہ کی تائید و نصرت پر بھروسہ رکھیں تو ہم اللہ کی رحمت سے کبھی محروم نہیں رہیں گے۔ آیئے! قرآن سے دوستی لگائیں' کمرے کی الماری میں گرد سے اٹے قرآن کو پھر سے باوضو ہو کر اٹھائیں' کانپتے لرزتے ہاتھوں سے گرد جھاڑیں' قرآن کو سامنے رکھ کر ہاتھ جوڑ کر معافی مانگیں کہ میں تجھے بھولا رہا' تجھے چھوڑ کر دنیا کی چمک دمک میں کھو گیا مگر بے شک اصل تو ہی ہے' تو ہی کلام الٰہی ہے جس کو پڑھنے اور تجھ پر عمل کرنے سے مجھے کامیابیاں ملتی ہیں' میری دنیا و آخرت سنورتی ہے۔ قرآن کو اچھی سی خوشبو لگائیں' بہترین دھلا ہوا خوبصورت غلاف چڑھائیں اور روزانہ اس کی تلاوت کریں' چاہیں ایک صفحہ ہی پڑھیں اور رب کریم سے اپنے مسائل کا حل مانگیں قارئین! پھر دیکھیں مسائل کیسے حل ہوتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس میں سنا تھا کہ آپ فرما رہے تھے کہ قرآن مجید اپنے نہ پڑھنے والوں کیلئے بددعائیں کرتا ہے ذرا سوچیے کہ جس کیلئے کلام الٰہی بددعا کرتا ہو اس کا انجام کیا ہوگا؟ آیئے! قرآن سے دوستی لگائیں اور کامیابیاں سمیٹ لیں۔ روزانہ نماز فجر اور تلاوت قرآن پاک کے بعد درج ذیل وظیفہ پڑھیں ان شاء اللہ جو یہ پڑھے گا اس کا نام ابدالوں میں لکھا جاتا ہے۔

معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے جو روزانہ دس بار یہ وظیفہ پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ
اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ
اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ

ترجمہ: ''اے اللہ محمد ﷺ کی امت کی اصلاح فرما'' ''اے اللہ محمد ﷺ کی امت کی تکلیفیں دور فرما'' ''اے اللہ محمد ﷺ کی امت پر رحم فرما''

جو یہ پڑھتا ہے اس کا نام ابدالوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

25 سال سے آزمودہ

## فالج، عرق النساء، لنگڑی، شاٹیکا کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک دفعہ میں اپنے دوست کے ساتھ کہیں جا رہا تھا۔ اس نے بھائی کی دوکان پر جانا تھا میں بھی ساتھ چلا گیا۔ اتنے میں ایک شخص آیا اس سے کچھ کیپسول لیے اور بڑی عاجزی سے بولا کہ بھائی یہ نسخہ دے دو میں بالکل ٹھیک ہوں اور جس کو دیتا ہوں وہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ دکاندار نے غصے سے کہا چلو بھاگو نسخہ میں کسی کو نہیں دیتا۔ میں نے ماہنامہ عبقری بھی اُس کے شوکیس میں رکھا ہوا دیکھا میں نے بے ساختہ کہا یہ نسخہ عبقری سے تو نہیں لیا۔ اس نے کہا نہیں یہ میرا 25 سالہ اپنا نسخہ ہے اور لوگوں کو فری دیتا ہوں۔ اس کا غصہ دیکھ کر میں نے درود شریف پڑھ پڑھ کر اس کو ہدیہ کرنا شروع کر دیا' تقریباً 20 منٹ بعد میں نے کہا یہ نسخہ عبقری میں دیں مخلوق خدا کا بھلا ہو جائے۔ اچانک اس کا لہجہ ٹھنڈا اور میٹھا ہو گیا اور کہا میرے پاس ٹائم ہی نہیں ہوتا میں عبقری کو پچھلے دس سال سے پڑھتا ہوں بہرحال اگر آپ عبقری کو بھیج دیں تو میں نسخہ آپ کو دیتا ہوں۔ میں نے شکر ادا کیا۔ میں نے نسخہ لیا اور مشاہدات بھی پوچھے جو کہ بہت ہی زیادہ تھے 2 کا ذکر کرتا ہوں۔ (۱) گورنمنٹ گرلز سکول مانسہرہ کے چوکیدار تھے بے چارے علاج کروا کروا کر تھک ہو گئے تھے یہ نسخہ لیا تو بالکل ٹھیک ٹھک ہو گئے۔ (۲) ایک اور صاحب سعودی عرب میں علاج کرتے کرتے تھک ہار کر سعودیہ سے اچھی ملازمت چھوڑ کر آ گئے یہاں انہیں پتہ چلا رب نواز کی دوکان ان سے آ کر کیپسول لیے تو دس دن کے اندر ہی ٹھیک ٹھاک چلنا شروع کر دیا اور کچھ عرصہ بعد سعودی عرب واپس چلے گئے دوبارہ ان کو شاٹیکا کا درد بالکل نہیں ہوا۔ پہلے اکثر انہیں ہو جاتا تھا

نسخہ: (۱) کچلہ مدبر ایک تولہ، (۲) افستین ایک تولہ، (۳) اسپرین ایک تولہ (۴) کیفین آدھ تولہ۔ سب کو ملا کر بڑے کیپسول بھر لیں دودھ کے ساتھ دن میں تین ٹائم لیں۔ فالج، عرق نساء، لنگڑی، شاٹیکا سب بیماریوں کیلئے ہے اور ہاں ایک اور بات انہوں نے مجھ سے کہی کہ یہ بھی بتادو عبقری والوں کو کہ اگر کسی کو فالج کا اٹیک ہو جائے تو کوٹی ہوئی سونٹھ ایک ایک چٹکی آدھ گھنٹے کے وقفہ سے فوری دیں ان شاء اللہ تعالیٰ جسم میں کوئی نقص نہیں فرمائے گا۔ یہ 25 سالہ مجرب نسخہ ہے ہزاروں لوگوں کو دیا الحمد للہ سب ٹھیک ہو گئے۔ (غلام مصطفیٰ اعوان، مانسہرہ)

قددراز کورس
پریشانی کیسی؟ اب آپ بھی اپنے قد میں اضافہ کر سکتے ہیں
ہڈیوں کی مضبوطی بڑھوتری اور عضلات کی ساخت کو برقرار رکھنے کیلئے لاجواب
جن کی شادی صرف چھوٹے قد کی وجہ سے رکی ہے وہ آج ہی سے استعمال شروع کردیں
500/-

Digitized by Google

غلام قادر ہراج' جھنگ صدر

# ہر مقصد کو پانے کا 33 سالہ آزمودہ وظیفہ

حضرت لقمان حکیمؒ اپنے بیٹے کو نصیحت فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہر انسان کے تین حصے ہیں ایک تہائی اللہ تعالیٰ کے لیے، ایک تہائی اس کے نفس کے لیے اور ایک تہائی کیڑوں مکوڑوں کے لیے۔ اللہ تعالیٰ کے لیے جو حصہ ہے وہ اس کی روح ہے جو تہائی اس کی نفس کے لئے ہے وہ اس کا عمل ہے۔ جو تہائی کیڑوں مکوڑوں کے لئے ہے وہ اس کا بدن ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ تین چیزیں حافظہ کو تیز کرتی ہیں اور بلغم کو ختم کرتی ہیں۔ یہ تین چیزیں یہ ہیں:۔ مسواک کرنا، روزہ رکھنا، تلاوت قرآن پاک کرنا۔ حضرت کعبؓ الاحبار فرماتے ہیں کہ مومن کے لئے شیطانی سے حفاظت کے تین قلعے ہیں:۔ مسجد، ذکر باری تعالیٰ، تلاوت کلام پاک۔ بعض حکماء سے منقول ہے کہ تین چیزیں اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں سے ہیں وہ صرف اسے عطا کرتا ہے جس سے محبت کرتا ہے۔ فقر و فاقہ، مرض، صبر۔

## بارگاہِ نبوی ﷺ میں چند لمحات

مسند ابی یعلی میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اسلام میں چالیس سال کی عمر دی اس سے اللہ تعالیٰ مختلف قسم کی بیماریاں مثلاً کوڑھ، برص اور دماغ کی خرابی کو ہٹا دیتا ہے۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اسلام میں 50 سال کی عمر دی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر حساب کو آسان فرما دیتا ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اسلام میں 60 سال کی عمر کر دی تو اللہ تعالیٰ رجوع الی اللہ کی توفیق دے دیتا ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اسلام میں 70 سال کی عمر دی تو آسمان و زمین والے اس سے محبت کرتے ہیں اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ اسلام میں 80 سال کی عمر دے تو اللہ تعالیٰ اس کی برائیاں مٹا دیتا ہے اور اس کی نیکیاں لکھتا ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اسلام میں 90 سال کی عمر عطا فرمائے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے اور وہ زمین میں اللہ تعالیٰ کا قیدی ہے اور قیامت والے دن وہ اپنے گھر والوں کی سفارش کرے گا۔

## بچوں کے چہروں پر نہ ماریں

بخاری شریف میں ارشاد نبویؐ ہے:۔ اذا ضرب العبد

**فلیجتنب الوجه**

(ترجمہ) جب غلام کو مارے تو چہرے پر مارنے سے بچے بچہ بھی اپنے اساتذہ کرام کے سامنے غلاموں کے درجہ میں ہے۔ بڑے درجہ کے علماء نے یہی حکم بچے کو مارنے کا بیان کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا (بخاری) چہرے کا احترام اللہ تعالیٰ کا احترام ہے۔ انسان کی خوبصورتی چہرہ میں جمع ہوتی ہے۔ چہرہ جامع المحاسن ہے چہرے پر مارے گا تو اس کی خوبصورتی ختم ہوجائے گی۔ چہرے سے انسان کی انسانیت ظاہر ہوتی ہے اس لئے چہرے پر مارنا گویا انسان کی انسانیت ختم کرنے کے مترادف ہے۔ چہرہ ایک نازک چیز ہے اس پر مار کا اثر بہت جلدی ہوتا ہے چہرے پر بار بار مارے گا تو اس کا حسن ختم ہو جائے گا بار بار مارنے پر بچہ ضدی ہوجائے گا۔ سکول یا گھر سے سزا ملنے پر کسی نامعلوم مقام پر بھاگ جائے گا۔ اور باہر غلط سوسائٹی ملنے کی شکل میں اس کا مستقبل تباہ و برباد ہوجائے گا۔

## ہر جائز مقصد کو پانے کا وظیفہ

میرے ایک دوست عبداللطیف غوری صاحب فرماتے ہیں کہ 1985ء میں مجھ پر ایک مصیبت آئی۔ موبائل کا دور نہ تھا۔ میں نے ڈاک کا سہارا لیا اور اپنے مرشد قبلہ غازی احمد صاحبؒ کو اپنی پریشانی کا ذکر کیا۔ حضرت اقدسؒ نے وظیفہ تحریر کر کے ہدایت کی اس کو یقین کامل کے ساتھ پڑھو۔ میں نے پڑھنا شروع کیا اس سے نہ صرف میری پریشانی خوشی میں تبدیل ہوگئی بلکہ اس وظیفہ کو الحمدللہ 1985ء سے تاحال پڑھ رہا ہوں۔ یہ کمال درجے کا انتہائی موثر وظیفہ ہے۔ اس کو جس جائز مقصد کے لیے پڑھا جائے، وہ مقصد پورا ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے: ﴿رَبِّ اِنِّی مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ﴾ (القمر ۱۰)

طریقہ:۔ اول و آخر درود ابراہیمی پڑھیں۔ درمیان میں اس کو 103 مرتبہ پڑھیں۔ عشاء کے بعد اور فجر کے بعد اس کو پڑھنا ہے۔ چالیس روز مسلسل پڑھیں۔ ناغہ ہرگز نہ ہو۔ وظیفہ پڑھنے کے بعد دعا کریں ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

## قرض اتارنے کیلئے وظیفہ

حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نماز جمعہ حضور ﷺ کی اقتدار میں نہ پڑھ سکا۔ آپ ﷺ نے فرمایا معاذؓ نماز جمعہ میں کیوں نہیں آئے۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! میرے ذمے یوحنا بن باریا نامی یہودی کا ایک تولہ سونا قرض تھا۔ وہ میرے دروازے پر میری تاک میں تھا مجھے خدشہ ہوا کہ مجھے کہیں آپ ﷺ تک پہنچنے سے روک ہی نہ دے وہ بدستور دروازے پر رہا اور جمعہ کی حاضری سے محروم رہا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے معاذؓ! تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت بنا دے۔ عرض کی جی ہاں فرمایا اور

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ (آل عمران 26، 27) تک پڑھ لیا کرو اور آخر میں یہ شامل کرو

رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا تُعْطِیْ مِنْھُمَا مَنْ تَشَآءُ وَتَمْنَعُ مِنْھُمَا مَنْ تَشَآءُ اِقْضِ عَنِّیْ دَیْنِیْ

فرمایا کہ اگر تمہارے ذمہ زمین بھر سونا بھی قرض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی ادائیگی کی سبیل پیدا کر دے گا۔ (بحوالہ تفسیر الجامع الاحکام القرآن علامہ قرطبیؒ جلد چہارم)

## اولاد نرینہ کیلئے عمل

یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاوَاحِدُ

**ایک انتہائی موثر وظیفہ:** خواب میں بندہ نے پروفیسر غازی احمدؒ مرحوم کی زیارت کی۔ ان کے بیٹے سے یہ انتہائی موثر وظیفہ ملا۔ یاد رہے کہ پروفیسر صاحب ہندو سے مسلمان ہوئے تھے جنہوں نے دیگر وظائف کے علاوہ پندرہ کروڑ دفعہ حضور ﷺ کی ذات بابرکات پر درود بھیجا تھا۔ وظیفہ ہے:۔ اول آخر درود پاک طاق بار۔ یَااَللّٰہُ یَاسَلَامُ 313 بار پڑھیں تہجد کے وقت یہ عمل کریں تو زیادہ مؤثر ہے۔ بقیہ وقت میں بھی دل جمعی کے ساتھ اسے کیا جاسکتا ہے۔ اس وظیفہ کی اجازت صرف پانچ وقت کے نمازیوں کے لیے ہے۔ بندہ نے ابھی ایک ہفتہ یہ عمل کیا کہ اللہ تعالیٰ نے تین سال سے میری بند آنکھ کو پُرنور کر دیا۔ کسی بادشاہ کو کھوئی ہوئی سلطنت ملنے پر اتنی خوشی نہ ہوگی جو مجھے ناقابل یقین طور پر بینائی ملنے پر راحت ملی۔

**عرق شوگر شفاء**

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی' رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' "عرق شوگر شفاء" چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

Digitized by Google

خدمت والوں کیلئے سنہری موقع!

# شیخ الوظائف کے ہمراہ 3 دن گزاریئے 28، 29، 30 دسمبر 2018ء عبقری حویلی احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور

شیخ الوظائف تین دن رہیں گے خدمت والوں کے ہمراہ

صرف خدمت ہمت اور جذبہ والے ہی تشریف لائیں

آپ میں بھی خدمت کا جذبہ ہے تو آئیے شیخ الوظائف کی صحبت میں تین دن گزاریں۔

ملاقاتی اور خواتین ہرگز تشریف نہ لائیں۔

دعائیں لینے والوں کیلئے سنہری موقع گرم بستر ضرور ہمراہ لائیں۔

0322-4688313
042-37425801-3

## عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں خدمت والوں کے شیخ الوظائف کے ہمراہ تین دن کیسے گزرے؟

31 اکتوبر کو شیخ الوظائف کی طرف سے خدمت والے مخلصین کو پیغام پہنچایا گیا کہ خدمت کرنے کا جذبہ رکھنے والے مخلصین 2 تا 4 نومبر کو عبقری حویلی احمد پور شرقیہ پہنچیں۔ شیخ الوظائف ان کے ساتھ تین دن گزاریں گے۔ شیخ الوظائف 2، 3، 4 نومبر 2018 کو عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں تشریف لے گئے۔ پورے ملک سے آنے والے خدمت والے حضرات پہلے ہی عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں جمع تھے۔ شیخ الوظائف نے 3 دن ان کے ساتھ نمازیں ادا فرمائیں۔ سوالات کے جوابات دیئے۔ لوگوں سے ان کے مشاہدات سنے آمنے سامنے بیٹھ کر خوب روحانی محافل ہوئیں۔ سب خدمت پر آئے مخلصین حیران تھے کہ ہمارے نصیب میں بھی شیخ الوظائف کے ساتھ اتنا قرب ہو سکتا ہے۔ شیخ الوظائف وہاں موجود خدمت والوں میں گھل مل گئے۔ سب کو صبح و شام خصوصی دم فرماتے اور واپسی پر سب کو خصوصی مٹھائی دم کر کے دی۔ خدمت گزار تین دن شیخ الوظائف کے ساتھ گزار کر ڈھیروں دعائیں اور برکات سمیٹ کر مطمئن اور لطف اندوز ہو کر واپس اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔

نوٹ: بہت اچھا رہا کہ بعض خدمت والے حضرات رنگ دار پرانا لباس ساتھ لائے اور وہ خدمت کے وقت لباس بدل لیتے تھے۔ اگر اب کی بار بھی ایسا ہو جائے تو خدمت میں سہولت رہے گی۔ خدمت بہت ہلکی پھلکی ہوتی ہے۔ نوٹ: شیخ الوظائف خدمت والوں کے ساتھ ان تین دنوں میں کئی ملاقاتی' خواتین و مرد حضرات تشریف لاتے رہے لیکن ان کو مسلسل معذرت کر کے واپس بھیج دیا گیا۔ شیخ الوظائف نے فرمایا کہ میرے اوقات ہر کام کیلئے مخصوص ہوتے ہیں یہ اوقات صرف خدمت والوں کے ہیں۔ میں اس معاملہ میں معذور ہوں یا مجبور یہ میرا اور میرے اللہ کا معاملہ ہے۔ ان حضرات کو عزت و اکرام کے ساتھ واپس روانہ کر دیا گیا۔

## پڑھیں اور مرادیں فوراً پوری

قارئین! اگر آپ دکھی انسانیت کی سو فیصد خدمت کرنا چاہتے ہیں تو میاں بیوی کے روٹھنے یا کوئی بندہ بھاگ گیا اسے واپس لانے' شوہر بیوی کی نفرتوں کو ختم اور جھگڑوں کو ختم کرنے کیلئے کوئی محبت کا تعویذ جو آپ کا آزمودہ ہو' تجربہ شدہ ہو ضرور لکھیں اور اپنا ساتھ موبائل نمبر اور مکمل پتہ تاکہ انسانیت کو نفع پہنچے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچے امید ہے کہ آپ اپنا تعویذ تجربہ شدہ اور مشاہدات جلد سے جلد لکھیں گے۔ اس کے علاوہ کوئی طلسم یا کوئی ایسا ورد یا دم یا کوئی کڑا یا کوئی بول جو کسی بھی زبان میں ہو آپ نے سنا ہو آپ کا آزمودہ ہو یا کوئی انوکھا روحانی ٹوٹکہ آج لکھیں! فوراً لکھیں۔ دعائیں لینے کے اس عظیم موقع کو ضائع نہ کریں پھر آپ حیرت انگیز کمال دیکھیں۔

## گھروں کو خوشیوں کا گہوارہ بنایئے!

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی شادی خوشحال ہو' غموں' جھگڑوں اور طلاقوں سے پاک ہو تو آپ فوری طور پر اپنی شادیوں میں ''دو انمول خزانہ'' کتابچہ تقسیم کریں۔ بے شمار واقعات ہیں جنہوں نے شادی میں ''دو انمول خزانہ'' کتابچہ تقسیم کیا' گھر کیا بسے؟ تاج محل بن گئے' خوشیوں اور برکات کے گہوارے بن گئے۔ آیئے! اس خیر کے کام کو ہم مزید آگے بڑھائیں! بس ایک بات کہ ہر خیر کے کام کو منفی پہلو سے ہرگز مت سوچیے گا کہ شاید عبقری کا انمول خزانہ بکتا نہیں اس لیے آپ کو یہ بہانے بہانے سے ڈیوٹی دی جا رہی ہے۔ جیسا برتن ہوگا ویسی ہی مراد ہوگی۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
''شفائے حیرت'' چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے

Digitized by Google

# خاندانی حالات

## میرا خاندانی پس منظر (جلد اول و دوم)

اگر آپ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خاندان کا شجرہ مبارک' ان کی خدمات' کمالات' مقامات' کرامات کامل اور مضبوط حوالہ جات کے ساتھ "خاندانی حالات" (میرا خاندانی پس منظر) جلد اول اور جلد دوئم پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔ ورق ورق ایمان کو تازہ کرے گا اور دل میں آواز اٹھے گی کہ واقعی بڑوں کی نسبتیں' بڑوں کے اعمال' تعویذات' نقش صدیاں بیتنے کے بعد بھی مخلوق خدا کو نفع دیتی ہے۔ آئیے! اس جلد میں کیا کیا راز' زندگی کے جملہ مسائل کے نجات کیلئے صدیوں پرانے تیر بہدف آسان وظائف' تعویذات چھپے ہیں جاننے کیلئے چند ہیڈنگز کا مطالعہ کرتے ہیں:۔ ☆میرے خاندانی وظائف اور نقش و تعویذات ☆رزق' بندش' صحت' مقدمہ' بے اولادی کے مسائل حل ☆جو یہ پڑھے گا اس کا شمار ابدالوں میں ہوگا ☆یہ تعویذ ہر مشکل' بیماری کیلئے لکھ کر دیا جاتا تھا ☆ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری کیلئے ☆ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری کیلئے ☆مہلک امراض جادو اور نظر بد کیلئے تعویذ ☆شادی' رزق اور ہر قسم کی بندش کیلئے ☆ جانور اور انسان کی ہر قسم کی بیماری کیلئے تیر بہدف عمل ☆گھریلو جھگڑے ختم' بھاگا اور گمشدہ واپس آئے گا ☆زندگی کے جملہ مسائل کیلئے نہایت موثر اور آسان خاندانی وظیفہ ☆ہر قسم کے جسمانی درد' تکلیف اور زخموں کیلئے ☆مسائل' مشکلات میاں بیوی کی محبت اور رشتوں کی بندش کیلئے ☆جادو کے عمل سے مکمل صحت یابی کیلئے ☆صرف ایک بار پڑھ لیں اور قدرت ربی کے کمالات دیکھئے! ☆دانتوں کے امراض کیلئے پرانی کتب سے لیا عمل ☆ٹینشن' ڈپریشن اور نیند نہ آرہی ہو تو ☆ آخری ناممکن مشکلات کیلئے ☆تقویت حافظہ کیلئے ایک نقش ☆ہمارے بڑوں کی قلمی یادداشتیں کا ایک اور عمل ☆مشکلات کے حل کیلئے ☆ہندوستان کی جدوجہد آزادی ☆ روحانی بزرگ سے تعلق ☆وہ ایک روٹی کام آگئی! ☆روحانی بزرگ کی غازی علم الدین شہید سے ملاقات ☆غازی علم الدین شہید" کو روحانی بزرگ" کی دو نصیحتیں ☆حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ سے خاندانی نسبت ☆عجب کرامت! کشف موت ☆پڑدادا اور علامہ اقبال کی دوستی ☆تدفین کے مہینوں بعد قبر سے خوشبو ہی خوشبو ☆ بیٹا چاہیے' دعا مانگی اور بیٹا مل گیا ☆ خاندانی بزرگ کے ہاتھ کا لکھا مشہور تعویذ ☆تعویذ کی انوکھی تاثیر اور باکمال فوائد (آج بھی اتنا ہی کارآمد جتنا اس دور میں تھا) اُس بیری کے درخت کو خاندانی بزرگ کی دعا ہے ☆ جنات کا شر اور خاندانی بزرگ کے بتائے وظائف ☆ خاندانی بزرگ کی حیرت انگیز کرامت ☆ رزق میں کشادگی کیلئے حضرت" کا بتایا عمل ☆ خاندانی بزرگ کا مشہور نقش ☆ خاندانی بزرگ کی بابرکت چادر۔ قارئین یہ صرف چند صفحات کی ہیڈنگز ہیں مزید اس کتاب میں لاجواب ہر قسم کے گھریلو مسائل' کاروباری مسائل' جادو جنات' ہر قسم کی بیماری' کالے سفلی جادو کا سو فیصد آزمودہ حل موجود ہے۔ یہ تمام نقش' تعویذات اور وظائف شیخ الوظائف کے خاندان میں نسل در نسل صدیوں سے چلے آرہے ہیں۔ الحمدللہ! آج بھی اتنے ہی کارآمد اور تیر بہدف ہیں جتنے آج سے صدیوں پہلے تھے۔


# عبقری تلبینہ

عورتوں' بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک

ٹانک بھی' دوا بھی' شفاء بھی اور عطا بھی




بچوں' بڑوں' بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا

جینا آنے ہوں اس کے مستقل استعمال سے چہرہ ... کریں۔ ☆ٹیومر اور کینسر جیسی خطرناک بیماریوں

قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

موسم سرما کے تمام امراض کا یقینی اور صحت بخش حل

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر ماہ میں تین دن تک صبح کے وقت شہد چاٹ لے گا اسے کوئی بڑی بلا نہیں پہنچے گی

"شہد" کیمیائے صحت مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ دل و دماغ اور معدہ و جگر کو عضب کی تقویت بخش کر حرارت غریزی میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ "شہد" مصفی خون ہونے کے علاوہ مولد خون بھی ہے۔ جگر میں ٹھنڈک پیدا کرنے کیلئے پانی میں شہد ملا کر استعمال کریں۔ دماغ کی تقویت اور جھریوں سے نجات کیلئے غذا میں دودھ مکھن شہد استعمال کریں۔ گردے و مثانے کی پتھری کو توڑتا ہے۔ دانتوں کو صاف کرکے انہیں مضبوط بناتا ہے۔ آیورویدک میں شہد معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ رنگت کو نکھارتا ہے' حسن افزا ہے' بھوک لگاتا ہے' دل کے جملہ امراض کیلئے نافع ہے' آواز میں رس پیدا کرتا ہے۔

یہ بڑھاپے کو جلدی آنے سے روکتا ہے۔ پانی کے گلاس میں لیموں اور شہد ملا کر پینے سے پورے جسم کی صفائی کے ساتھ رنگت نکھر جاتی ہے۔ روزانہ کھانے کے ساتھ تھوڑی مقدار میں شہد کھاتے رہنے سے نظام ہضم درست رہتا ہے اور تیزابیت کنٹرول میں رہتی ہے۔ شہد السر میں بھی مفید ہے۔ اگر تازہ زخم پر شہد کا پھاہا رکھ دیا جائے تو زخم بہت جلد بھر جاتے ہیں۔ جلی ہوئی جگہ پر شہد کا لیپ بڑا مفید ہے۔ اس کے علاوہ شہد فیشل ماسک اور باڈی لوشن کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے

شہد زنانہ اور مردانہ امراض کیلئے انتہائی مفید قدرتی دوا

قارئین کا دیرینہ مطالبہ پورا! عبقری کا خالص شہد اب آدھا کلو کی پیکنگ میں بھی دستیاب ہے۔



قیمت: 330 گرام 240 روپے۔ آدھا کلو: 350 روپے۔ ایک کلو: 700 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

# فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

| نمبر شمار | نام ادویات | قیمت | نمبر شمار | نام ادویات | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آنکھ شفاء | 70/- | 54 | شفاء حیرت سیرپ | 120/- |
| 2 | آگ شفاء | 80/- | 55 | شہد ایک کلو گرام | 700/- |
| 3 | اکسیر البدن | 300/- | 56 | شہد (500 گرام پیکنگ) | 350/- |
| 4 | الرجی نزلہ کورس | 600/- | 57 | شہد 330 گرام | 240/- |
| 5 | اصلاح معدہ پیکیج | 440/- | 58 | شوگر کورس | 800/- |
| 6 | السر کورس | 400/- | 59 | طب نبوی حسن و جمال کریم | 300/- |
| 7 | انوکھی شفاء | 250 | 60 | طب نبوی ہیئر آئل | 300/- |
| 8 | بواسیر کورس | 500/- | 61 | عروسی سہاگ کورس | 5000/- |
| 9 | برص [illegible] کورس | 500/- | 62 | عرق موٹاپا شفاء | 350/- |
| 10 | بے اولادی کورس | 2500/- | 63 | عبقری قہوہ | 10/- |
| 11 | بے اولادی پاؤڈر | 500/- | 64 | عبقری تلبینہ | 100 |
| 12 | بنفشی قہوہ | 120/- | 65 | عرق شوگر شفاء | 350/- |
| 13 | بستر پیشاب شفاء | 120/- | 66 | عبقری بے بی ٹانک | 80 |
| 14 | بلڈ پریشر شفا سیرپ | 120/- | 67 | [illegible] گولیاں | 200/- |
| 15 | بیری کا خالص شہد 500 گرام | 1100 | 68 | [illegible] پیکیج | 600/- |
| 16 | بیری خالص شہد 1 کلو گرام | 2000 | 69 | [illegible] فولاد ٹانک | 120/- |
| 17 | پیشاب کنٹرول کورس | 400/- | 70 | کراماتی تیل | 200/- |
| 18 | پتھری [illegible] کورس | 800/- | 71 | کان شفاء | 70/- |
| 19 | پوشیدہ کورس | 600/- | 72 | کولیسٹرول سے نجات (کورس) | 600/- |
| 20 | [illegible] شفاء | 120/- | 73 | کرنٹ مالش | 500/- |
| 21 | پتہ پتھری شفاء | 90/- | 74 | کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس | 800/- |
| 22 | قدرتی ٹانک | 440/- | 75 | گیس بدہضمی' تبخیر کورس | 600/- |
| 23 | ٹھنڈی مراد | 120/- | 76 | گردے فیل شفاء | 150/- |
| 24 | ٹھنڈک پیکیج | 500/- | 77 | گری | 230/- |
| 25 | جوہر شفاء مدینہ | 150/- | 78 | گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس | 500/- |
| 26 | جادو شکن پانی | 60/- | 79 | لال قلعہ شاہی ٹانک | 400/- |
| 27 | جادو شکن تیل | 40/- | 80 | قد دراز کورس | 500/- |
| 28 | جوش جوشاندہ | 10/- | 81 | قبض کشا | 120/- |
| 29 | جوانی گولیاں | 150/- | 82 | [illegible] گولیاں | 500/- |
| 30 | چلڈرن سیرپ | 120/- | 83 | لاجواب حافظہ پیکیج | 670/- |
| 31 | چوٹ شفاء | 100/- | 84 | لیکوریا شفاء | 120/- |
| 32 | چہرہ شفاء | 150/- | 85 | معجون شفاء یابی | 500/- |
| 33 | چھلکا اسپغول | 200/- | 86 | مرہم سکون | 70/- |
| 34 | حسن شفاء سیرپ | 120/- | 87 | مرہم برص | 180/- |
| 35 | خون صفاء پاؤڈر | 120/- | 88 | موٹاپا کورس | 600/- |
| 36 | خاتون شفاء (سیرپ) | 120/- | 89 | مشروب عبقری افزاء | 200/- |
| 37 | خون روک شفاء | 120/- | 90 | معجون مراد | 1100/- |
| 38 | خون افزا ٹانک | 120/- | 91 | [illegible] شفاء ٹانک | 500/- |
| 39 | دیسی کریم | 500/- | 92 | نوجوانوں کے روگ کورس | 700/- |
| 40 | دیسی گھی | 950/- | 93 | ناک شفاء | 100/- |
| 41 | دمہ والا شہد دوائی | 900/- | 94 | نشاطی (جدید) | 520/- |
| 42 | دردی ہربل بام | 80/- | 95 | نوجوان شفاء | 120/- |
| 43 | ڈیپریشن پیکیج | 490/- | 96 | نیو طاقتی | 640/- |
| 44 | روحانی چٹکی | 30/- | 97 | نورتن شفاء | 150/- |
| 45 | روحانی عطر | 240/- | 98 | ہیپاٹائٹس کورس | 800/- |
| 46 | روشن دماغ ٹانک | 250/- | 99 | [illegible] شفاء | 300/- |
| 47 | زعفرانی [illegible] | 2200/- | 100 | ہائی بلڈ پریشر کورس | 600/- |
| 48 | ستر شفائیں | 250/- | 102 | ہیپاٹائٹس نجات سیرپ | 120/- |
| 49 | سکون افزا شوگر فری سیرپ | 120/- | 103 | ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک) | 320/- |
| 50 | سکون افزا (بڑی پیک میں) | 320/- | 104 | ہاضم خاص پاؤڈر | 200/- |
| 51 | سچا منجن | 70/- | 105 | یورک ایسڈ نجات کورس | 600/- |
| 52 | سچی دوا بے اولادی کیلئے | 100/- | 106 | جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے) | 130/- |
| 53 | سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج | 840/- | | | |


بے اولادی اور بانجھ پن قابل علاج
(صرف مردوں کیلئے)
دوائی استعمال کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں اور ایک ماہ کی دوائی کھانے کے بعد ٹیسٹ دوبارہ کرائیں۔ آپ حیرت انگیز فرق محسوس کریں گے۔
"بے اولادی کورس" ایسے مردوں کو بھی فائدہ دے جو بالکل زیرو تھے
قیمت/2500 روپے

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد بھی استعمال کریں
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے

چوٹ شفاء
جسم پر ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک
ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو یا حادثہ کی ہو گرنے کی وجہ سے چوٹ لگے ڈگر کی چوٹ ہو بعض اوقات ایسی چوٹ لگتی ہے جس کا زخم باہر نظر نہیں آتا جبکہ اندر زخم ہوجاتا ہے' بعض چوٹوں میں گوشت پھٹ جاتا ہے جس کی وجہ سے مریض کو بہت درد اور تکلیف ہوتی ہے۔ ایسے مسائل کیلئے "چوٹ شفاء" ہی وہ دوا ہے (قیمت-/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کراماتی تیل
پیدائشی کمزور بچوں کیلئے لاجواب کرشمہ لگانے کے ساتھ پینے کا تیل
مالش کا حیرت انگیز تیل جو بچوں بوڑھوں اور جوانوں کیلئے یکساں مفید
قیمت-/200 روپے علاوہ ڈاک خرچ


## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں' ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا' حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

URDU TUBE A HOME OF ENTERTAINMENT www.urdutubes.com
Digitized by Google

عبقری دواخانہ کی فخریہ پیشکش!

# بیری کا خالص شہد

بہترین خالص غذا اور لاجواب شفائی اثرات کی حامل دوا
نوجوان، بوڑھے، بچے اور خواتین کے ہر مرض کا علاج
ہر موسم، ہر فرد کیلئے یکساں مفید، ہر گھر کی ضرورت

بیری کا شہد انسانوں کے لیے قدرت کی طرف سے عظیم تحفہ ہے۔ یہ شہد انسانی جسم کی تمام چھوٹی بڑی بیماریوں کا علاج ہے اور تمام بیماریوں کو مکمل طور پر ختم کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

اس شہد کو یہ شرف حاصل ہے کہ طبیب اعظم وجہ کائنات ﷺ کے مبارک دور میں ان کے علاقے میں یہ موجود تھا اور آج بھی عرب میں بیری کے شہد کو ہی اصل شہد تسلیم کیا جاتا ہے۔ بیری کا شہد دنیا کا طاقتور ترین شہد ہے، اس میں مٹھاس کم ہوتی ہے اور زیادہ کھانے کے باوجود طبیعت پر گراں نہیں گزرتا۔

جسم میں خون بنانے کے عمل کو تیز کرتا ہے۔ خواتین میں فطری ماہانہ کی خرابی کی وجہ سے کمی خون کو فوراً پورا کرتا ہے۔ اس میں کئی قیمتی معدنیات، نمکیات اور دھاتیں پائی جاتی ہیں۔ ماہرین بیری کا شہد فالج، کینسر اور ہیپاٹائٹس کے مریضوں کو استعمال کرواتے ہیں۔ بڑھتے بچوں کی جسمانی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ خواتین کے ماہانہ نظام کو درست رکھتا ہے۔ شادی شدہ مرد و خواتین کیلئے طاقت کا خزانہ۔ چہرے کو کیل مہاسوں اور چھائیوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ ضعیف افراد کی ذہنی صلاحیت کو برقرار رکھتا ہے۔ کم وقت میں رنگت نکھارنے میں لاجواب ہے۔ جسمانی قوت و طاقت میں زبردست اضافہ کرتا ہے۔ خون کی شریانوں کی روانی بہتر کرتا ہے۔ امراض قلب سے محفوظ رکھتا ہے۔ کولیسٹرول کنٹرول اور بلڈ پریشر نارمل رکھتا ہے۔ بیری کا شہد وزن کم کرتا ہے۔ دماغی محنت کرنے والے افراد کیلئے کی دماغی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے۔ بیری کا شہد شوگر فری شہد کہلاتا ہے اور شوگر کے مریضوں کیلئے لاجواب ہے۔ جلد کو ہمیشہ جوان اور خوبصورت رکھتا ہے۔ بوڑھے افراد کو عوارض بڑھاپا سے بچاتا ہے۔ بڑھاپے کو جلد آنے سے روکتا ہے۔ اس کا روزانہ استعمال انسان کو ہمیشہ تندرست، چاق و چوبند رکھتا ہے۔ (قیمت: آدھا کلو پیکنگ 1100۔ قیمت: ایک کلو پیکنگ 2000)

# جوشِ جوشاندہ

نزلہ، زکام، الرجی، کھانسی اور بخار کیلئے

مسلسل تجربات کے بعد اضافی فوائد

نمونیہ، امراض جگر و معدہ، گیس، اپھارہ، بدہضمی، قبض، جوڑوں کے درد کیلئے جوشِ جوشاندہ کا روزانہ استعمال کیا جائے۔ دمہ کیلئے شہد ملا کر استعمال کریں۔ نیز تمام موسمی بیماریوں میں محافظ ہے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔

URDU TUBE
www.urdutubes.com

Digitized by Google